کی شہادت کا دن ہے اور آج ائمہ اطہار علیہم السلام اور ان کے شیعوں کا مصیبت و محزون رہنے کا دن ہے۔ بہتر یہی ہے کہ شیعان علی علیہ السلام آج کے دن دنیا کے کاموں میں مشغول نہ ہوں اور گھر کے لئے کوئی ذخیرہ کر کے آج نہ رکھیں اور گریہ وبکا و نوحہ وسینہ زنی و مصیبت میں مشغول رہیں اور امام حسین علیہ السلام کی مجالس منعقد کریں اور ماتم میں اس طرح مشغول ہوں کہ وہ اپنے کسی عزیز کی موت پر جس طرح ماتم میں مشغول رہتے ہوں اور آج امام حسین علیہ السلام کی زیارت عاشورہ جو صفحہ ۲۳۶ پر آئے گی پڑھیں اور آنحضرت کے قاتلوں پر لعنت و نفرین کرنے کی بہت جد وجہد کریں اور آپس میں ایک دوسرے کو امام حسین علیہ السلام کی مصیبت کا پرسہ و تعزیت ان الفاظ میں دیں اَعْظَمَ اللّٰهُ اُجُوْرَنَا وَاُجُوْرَكُمْ بِمُصَابِنَا بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَجَعَلَنَا وَاِيَّاكُمْ مِنَ الطَّالِبِيْنَ بِثَارِهٖ مَعَ وَلِيِّهِ الْاِمَامِ الْمَهْدِيِّ مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اور بہت ضروری ہے کہ آج کے دن جناب امام حسین علیہ السلام کی مجلس وواقعات کو پڑھیں اور ایک دوسرے کو رولائیں اور روئیں روایت میں آیا ہے کہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حضرت خضر علیہ السلام کی ملاقات اور ان سے تعلم کا حکم ہوا تو سب سے پہلی چیز جو ان کے درمیان مورد مذاکرہ ہوئی وہ یہ ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے ان مصائب اور ابتلاءات جو آل محمد علیہم السلام پر وارد ہونگے کا ذکر کیا اور دونوں بزرگواروں نے بہت سخت گریہ وبکا ان مصائب پر کیا ابن عباس سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا میں ذیقار میں جناب امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے ایک کتابچہ اپنے دست مبارک کا لکھا ہوا اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لکھوایا ہوا نکالا اور اس سے کچھ میرے سامنے پڑھا، اس میں امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا ذکر تھا اور یہ شہادت کس طرح واقع ہوگی اور کون آنجناب کو شہید کرے گا اور کون کون آپ کی مدد کرے گا اور کون آپ کے ساتھ شہید ہوگا کا ذکر تھا آپنے یہ پڑھکر خود بھی سخت گریہ کیا اور مجھے بھی خوب رلایا۔ فقیر عرض کرتا ہے کہ اگر کچھ کتاب میں گنجائش ہوتی تو میں یہاں کچھ مصائب آپ کے ذکر کرتا لیکن یہاں ایسے واقعات کے ذکر کی گنجائش نہیں لہٰذا آپ میری لکھی ہوئی مقاتل کے کتابوں کی طرف مراجعہ کریں۔ خلاصہ اگر کوئی شخص آج کے دن جناب امام حسین علیہ السلام کی قبر مبارک کے نزدیک رہے اور لوگوں کو پانی پلائے تو وہ اس شخص کی طرح ہوگا کہ جس نے آپکے لشکر کو پانی پلایا ہو اور آپ کے ساتھ کربلا کی سرزمین میں موجود ہو آج کے دن ہزار دفعہ سورہ قل ہو اللہ پڑھنے کی بہت فضیلت ہے، اور روایت میں ہے۔ کہ خداوند عالم اپنی نظر رحمت ایسے شخص کی طرف ڈالتا ہے سید نے آج کے دن ایک دعا جو مثل عشرات کی دعا

تعویذات منقول

اَلَّتِيْ لَا تُرَامُ وَبِقُدْرَتِهِ الَّتِيْ لَا يَمْتَنِعُ مِنْهَا شَيْءٌ مِنْ شَرِّ هٰذَا الْوَجَعِ وَمِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ وَمِنْ شَرِّ مَا اَحْذَرُ مِنْهُ پھر اس کو بارش کے پانی سے دھو کر ناشتہ اور سونے کے وقت پی لے انشاء اللہ نفع مند ہوگی

پیٹ درد قولنج کے درد کیلئے

روایت میں ہے کہ ایک آدمی نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اپنے بھائی کے پیٹ کے درد کی شکایت کی تو آپنے فرمایا کہ اپنے بھائی سے کہ کہ وہ شہد کے شربت کو گرم پانی کے ساتھ پیئے وہ شخص چلا گیا اور دوسرے دن آیا اور عرض کی کہ اسے شہد کا شربت میں نے پلایا لیکن اسے کوئی فائدہ نہیں ہوا تو آپنے فرمایا کہ میرے اللہ نے تو سچ فرمایا لیکن تیرے بھائی کے پیٹ نے اس کی تکذیب کی جا

عاشورہ کے دن کے اعمال

کے سبب ہے بلکہ بعض روایات کی بناء پر بعینہ وہی دعا بشرات سے پڑھنے کو فرمایا ہے شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے عبد اللہ بن سنان سے اور اس نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے چار رکعت نماز اور دعا آج کے دن چاشت کے وقت نقل کی ہے اسے بھی پڑھنا چاہیئے اور ہم نے اختصار کو مدنظر رکھتے ہوئے اسے چھوڑ دیا ہے جو اسے پڑھنا چاہتا ہو وہ زاد المعاد کی طرف رجوع کرے، یہ بھی لائق اور سزاوار ہے کہ شیعوں کو آج کے دن امساک کرنا چاہیئے یعنی نہ کچھ کھائیں اور نہ کچھ پئیں لیکن روزہ رکھنے کا قصد بھی نہ کریں اور عصر کے بعد ایک ایسی خوراک کے ساتھ افطار کریں جو مصیبت زدہ انسان کھاتے ہیں جیسے دہی یا دودھ وغیرہ اور آج کے دن قمیصوں کے گریبان کھلے رکھیں اور آستینیں چڑھا کر ان لوگوں کی طرح رہیں جو مصیبت زدہ ہوتے ہیں یعنی مصیبت زدہ لوگوں کی شکل و ہیئت بنا کر رہیں، علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے زاد المعاد میں ذکر فرمایا ہے کہ بہتر یہی ہے کہ نویں اور دسویں کے دن روزہ نہ رکھے کیونکہ بنو امیہ اور ان کے ماننے والے ان دو نوں دنوں کو بہت بابرکت شمار کرتے ہوئے امام حسین علیہ السلام کی شہادت کی طعن و تشنیع کرتے اور روزہ رکھتے تھے اور بہت کافی جھوٹی احادیث کو جناب رسول خدا کی طرف نسبت دیکر یہ ظاہر کیا ہے کہ ان دو دنوں میں روزہ رکھنے کا ثواب ہے حالانکہ اہلبیت علیہم السلام سے بہت کافی احادیث ان دو دنوں میں خصوصًا عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کی مذمت میں آئی ہیں اور بنو امیہ اور ان کے ماننے والے برکت کیلئے عاشورہ کے دن تمام سال کا خرچ جمع کرکے رکھ لیتے تھے اسی واسطے امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص عاشورہ کے دن اپنے دنیاوی کاروبار کو چھوڑ دے تو خداوند عالم اس کے دنیا اور آخرت کے کاموں کو پورا کر دے گا جو شخص عاشورہ کا دن گریہ و بکا و مصیبت و حزن میں گذار دے تو خداوند عالم اس کے لئے قیامت کا دن خوشی و سرور کا قرار دے گا اور اس شخص کی آنکھیں جنت میں ہمارے دیدار سے منور ہونگیں اور جو لوگ عاشورہ کے دن کو برکت کا دن سمجھیں اور اپنے گھر اس دن سال کا اذوقہ جمع کریں تو خداوند عالم اس اذوقہ و خوراک کو ان کے لئے بابرکت قرار نہیں دے گا اور قیامت کا دن ایسے لوگ یزید بن معاویہ اور عبید اللہ بن زیاد اور عمر بن سعد علیہم اللعنۃ والعذاب کے ساتھ محشور ہوں گے لہٰذا کسی انسان کو عاشورہ کے دن دنیاوی کاموں میں مشغول نہیں ہونا چاہیئے بلکہ گریہ و بکا و نوحہ و سینہ زنی و مصیبت میں مشغول رہنا چاہیئے اور اپنے اہل و عیال کو حکم دے کہ وہ بھی ماتم داری اور تعزیت میں اس طرح مشغول رہیں کہ جیسے کسی اپنے عزیز کے مرنے پر رہتے ہیں، اور آج کے دن بغیر روزہ کی نیت کے کچھ نہ کھائیں اور نہ پئیں اور عصر کے بعد کچھ پانی وغیرہ سے فاقہ شکنی کر لیں اور آخری دن تک روزہ دار نہ رہیں، اور آج کے

تعویذاتِ منقولہ

اور اسے شہد کا شربت سات دفعہ سورہ الحمد پڑھ کر دے جب وہ شخص چلا گیا تو آپ نے امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ اس کا بھائی منافق ہے اسی لئے وہ شربت فائدہ مند نہیں ہوا ثالول کے لئے یہ ایک پھنسی ہے کہ جو غالبا ہاتھ میں پیدا ہوتی ہے اس کے لئے یہ آیا ہے کہ ہر ایک دانے کے لئے ایک دانہ جو کا لیکر ہر ایک دانہ پر سورہ واقعہ کو بہا منبثا تک اور سات دفعہ یہ آیت پڑھے وَيَسْئَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا لَا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا پھر ہر ایک جو کے دانے کو لے کر اس ثالول کیں جہاں پر لے اور اس کے بعد ان کو کسی چیز میں باندھ کر کسی کوئیں میں ڈال دے بعض نے کہا کہ اس عمل کو

عاشورہ کے دن کے اعمال

دن گھر میں اذوقہ و خوراک سال کا جمع نہ کرے آج کے دن ہنسنا نہیں چاہیئے اور لہو ولعب میں بالکل مشغول نہ ہو اور ایک ہزار دفعہ امام حسین علیہ السلام کے قاتلوں پر یوں لعنت کرے اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَۃَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ مولف کہتا ہے کہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سب حدیثیں کہ جو عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کی فضیلت میں آئی ہیں وہ سب یار لوگوں کی بناوٹی ہیں اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف جھوٹ کی نسبت ہے یہ سب کچھ بنوامیہ کو خوش کرنے کے لئے یار لوگوں نے مال دنیا لیکر کیا لیکن آج ان کو ان کا انجام معلوم ہو رہا ہو گا اے مسلمان سوچ اور امام حسین علیہ السلام کے قتل کے اسباب کو سوچ اور دیکھ کہ فرزند رسول صلعم کو کس بنا اور کن اسباب کے ماتحت شہید کیا گیا ہے اور کہیں تو آپ کے قاتلوں کی مدد و حمایت اور دوستی تو نہیں کر رہا ہے (مترجم)

شفاء الصدور والے نے زیارت عاشورہ کے اس فقرہ اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا یَوْمٌ تَبَرَّکَتْ بِہٖ بَنُوْ اُمَیَّۃَ کے ذیل میں ایک بہت طویل حدیث میں اس کی شرح وبسط کی ہے کہ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ بنوامیہ آج کے منحوس دن کو ان چند وجہوں کی بنا پر بابرکت سمجھتے تھے پہلے بنوامیہ نے اگلے سال تک اذوقہ و خوراک کو آج کے دن جمع کر رکھنے کو مستحب سمجھا اور اسے وسعت رزق اور خوش حالی و سعادت کا سبب جانا لہٰذا اہلبیت علیہم السلام سے ان کے اس باطل مطلب کی منع بار بار وارد ہوئی ہے دوسرے بنوامیہ نے آج کے دن کو عید کا دن قرار دیا اور عید کے رسوم کو جاری کیا اور اہل وعیال کے لئے عمدہ غذا اور لباس اور ایک دوسرے کو گلے لگا کر ملنا اور حجامت وغیرہ کرنے کو رائج کیا لہٰذا یہ سب چیزیں ان کے ماننے والوں میں عام ہو گئیں (یہاں تک کہ آج بھی کچھ ایسے لوگ ہیں کہ جو اسے عید منانے کی فکر میں رہتے ہیں اور بیان کرتے رہتے ہیں ان سب کا مقصد یہ ہے کہ واقعات شہادت امام حسین علیہ السلام لوگوں کے اذہان سے غائب رہیں اور وہ یہ فکر نہ کرنے پائیں کہ آخر یہ کیوں اور کس لئے ہوا تا کہ کہیں وہ حق سمجھ کر ان کو چھوڑ نہ جائیں اور بعض کے علاوہ ماننے میں فرق پڑ جائے) تیسرے آج کے دن میں روزہ رکھنے کی فضیلت میں بہت کافی حدیثیں گھڑیں اور خود اس دن روزہ رکھنا ضروری سمجھا، چوتھے عاشورہ کے دن کو دعا کرنا اور اپنی حاجات کے طلب کرنے کو بالخصوص آج کے دن مستحب بتلایا لہٰذا انہوں نے اس کے لئے بہت فضائل اور مناقب بنائے اور کئی ایک دعائیں آج کے دن پڑھنے کے لئے بنا کر ان کی تعلیم دی تا کہ لوگوں پر حقیقت اور واقع مشتبہ رہے لہٰذا وہ خطبے جو اپنے شہروں میں آج کے دن منبروں پر پڑھتے تھے اس میں یہ بیان ہوتا تھا کہ آج کے دن ہر نبی کے لئے شرف اور وسیلہ زیادہ ہوا ہے، جیسا کہ نمرود کی آگ کا بجھنا، حضرت نوح کی کشتی کا قرار میں ہو جانا

تعویذاتِ منقولہ

مہینے کے آخری دنوں میں جبکہ چاند مخفی ہوتا ہے بجا لائے اور یہ بھی وارد ہوا کہ نمک کا ٹکڑا لے کر اس ناول جاسہ پڑھے اور تین دفعہ یہ لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ سورہ حشر کے آخر تک پڑھے اور پھر اس ٹکڑے کو تنور میں ڈال کر فوراً نکالے اور اس پر ملے کہ اسے بہت جلد آرام ہو جائے گا۔ خزائن میں ہے کہ نورہ کا اس پر ملنا بھی اسے ٹھیک کر دیتا ہے بدن پر ورم کے لئے روایت میں ہے کہ نماز فریضہ کے لئے وضو کرے تو نماز سے پہلے اور نماز کے بعد اس ورم پر لو انزلنا ہذا القرآن علی جبل سورہ حشر کے آخر تک پڑھے اور پڑھنے کے وقت ان آیات میں سوچتا رہے کہ انشاء اللہ وہ ورم جلدی ٹھیک ہو جائے گا وضع حمل کی سختی کے دور ہونے کا تعویذ

اور فرعون کے لشکر کا غرق ہونا اور حضرت عیسیٰ کا یہودیوں سے نجات حاصل کرنا وغیرہ وغیرہ (یعنی یہ سب اسی دن ہوئے تھے) جیسا کہ شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ نے جبلہ مکیہ سے نقل کیا ہے کہ میں نے میثم تمار سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ قسم بخدا یہ امت اپنے پیغمبر زادہ کو محرم کی دسویں کے دن شہید کرے گی اور اللہ کے دشمن اس دن کو بابرکت دن قرار دیں گے اور البتہ یہ کام ہو کر رہیں گے اور یہ سب کچھ اللہ کے علم میں آچکا ہے اور مجھے اس عہد کی وجہ سے معلوم ہے کہ جو امیر المومنین علیہ السلام کی طرف سے مجھے پہنچا ہے پھر جبلہ کہتا ہے کہ میں نے عرض کی کہ کیسے لوگ امام حسین علیہ السلام کے شہادت کے دن کو بابرکت قرار دیں گے تو میثم رونے لگے اور فرمایا کہ لوگ ایسی حدیثیں بنائیں گے کہ آج کا دن وہ دن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی حالانکہ واقعہ تو یہ ہے کہ یہ کام خداوند عالم کی طرف سے ذی الحجہ میں ہوا اور وہ یہ بھی کہیں گے اور گمان کریں گے کہ آج کے دن خداوند عالم حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے باہر لایا حالانکہ خداوند عالم حضرت یونس علیہ السلام کو ذی القعدہ کے مہینے میں مچھلی کے پیٹ سے باہر لایا اور وہ لوگ یہ گمان کریں گے کہ آج کا دن وہ دن ہے کہ جس میں حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی نے جودی میں قرار کیا حالانکہ کشتی کا ٹھہرنا ذی الحجہ کی اٹھارہ کو ہوا تھا اور وہ گمان کریں گے کہ آج کے دن خداوند عالم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے دریا کو چیرا حالانکہ یہ کام ربیع الاول میں واقع ہوا ہے خلاصہ اس میثم کے خبر و حدیث میں ان تصریحات کے باوجود جو درحقیقت نبوت و امامت کے علائم اور مذہب شیعہ کے حق ہونے کی واضح دلیل ہے کیونکہ اس میں ان چیزوں کا ذکر ہے جو یقیناً ہو چکی ہیں اور ہو رہی ہیں لوگوں نے ان کے مطابق دعائیں بنائیں اور بعض بے خبر لوگوں کی کتابوں میں جو واقع مطلب سے غافل تھے ذکر ہوئیں اور عوام کے ہاتھوں دی گئیں لیکن ان دعاؤں کا پڑھنا بدعت اور حرام ہے اور وہ بدعت اور حرام دعا جو نقل کی گئی ہے یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلَاءَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ اس کے تھوڑے بعد یہ ہے کہ صلوات پڑھے اور پھر یہ کہے يَا قَابِلَ تَوْبَةِ اٰدَمَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَيَا رَافِعَ اِدْرِيْسَ اِلَى السَّمَاءِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَيَا مُسَكِّنَ الخ اس میں شک نہیں کہ اس دعا کو مدینہ کے ناصبی نے یا مسقط کے خارجیوں میں سے کسی نے یا ان جیسے عقیدہ رکھنے والے لوگوں نے گھڑ کر وہ ظلم ڈھایا ہے جو بنی امیہ کے ظلم کو کامل کر دیتا ہے یہ سب شفاء الصدور کتاب کا خلاصہ ہے جو ختم ہو گیا۔ بہر حال عاشورہ کے دن کے آخری وقت میں امام حسین علیہ السلام کے حرم اور ان کی صاحبزادیوں اور بچوں کے واقعات کو سامنے لانا چاہیئے کہ ان پر اس وقت کربلا کے میدان میں کیا گذر رہی ہے جبکہ وہ دشمنوں کے ہاتھ قید و بند میں ہیں اور

تعویذاتِ منقول

کسی چمڑے پر یہ لکھ کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اس کو دائیں ران پر عورت کے باندھ دے جب بچہ ہو جائے تو اس کو اتار دے نیز یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ عورت کی ران پر یہ پڑھے فَاَجَآءَهَا الْمَخَاضُ اِلٰى جِذْعِ النَّخْلَةِ تَا طَلَاجِيْنَا پھر ان آیات کو باآواز بلند پڑھے وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ كَذٰلِكَ اُخْرُجْ اَيَّتُهَا

تعویذاتِ منقول

اَلطَّلْقُ اُخْرُجْ بِاِذْنِ اللّٰہِ
نیز امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ بچے کے آسان پیدا ہونے کے لئے کسی کاغذ یا چمڑے پر یہ لکھے اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ وَكَاشِفَ الْغَمِّ وَرَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا اِرْحَمْ فُلَانَةَ بِنْتَ فُلَانَةٍ رَحْمَةً تُغْنِيْهَا بِهَا عَنْ رَحْمَةِ جَمِيْعِ خَلْقِكَ تُفَرِّجُ بِهَا كُرْبَتَهَا وَتَكْشِفُ بِهَا غَمَّهَا وَتُيَسِّرُ بِهَا وِلَادَتَهَا وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ
بندھے ہوئے کو کھولنے کیلئے سورہ انا فتحنا کو مستقیما تک اور سورہ اذا جاء نصر اللہ اور ان آیات کو لکھے وَمِنْ اٰيَاتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَيْهَا

گریہ و بکا میں مشغول ہیں اور حقیقت تو یہ ہے کہ اہل بیت علیہ السلام کے خانوادہ پر وہ مصائب آئے ہیں کہ جو کسی انسان کے فکر میں نہیں آسکتے اور جن کو لکھنے کی قلم کو تاب نہیں ہے کسی شاعر نے اس واقعہ کو خوب قلم بند کیا ہے۔

فَاجِعَةٌ اِنْ اَرَدْتُ اَكْتُبُهَا	مُجْمَلَةً ذِكْرَةً لِمُدَّكِرٍ
جَرَتْ دُمُوْعِيْ فَحَالَ حَائِلُهَا	مَا بَيْنَ خَطِّ الْجُفُوْنِ وَالزُّبُرِ
وَقَالَ قَلْبِيْ بُقْيًا عَلَيَّ فَلَا	وَاللّٰهِ مَا قَدْ طُبِعْتُ مِنْ حَجَرٍ

بَكَتْ لَهَا الْاَرْضُ وَالسَّمَاۤءُ وَمَا
بَكَيْتُهُمَا فِيْ مَدَى اُمِّ حُمُرٍ

آخر وقت روزِ عاشورہ کھڑا ہو جائے اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی مرتضیٰ علیہ السلام اور فاطمہ زہرا علیہا السلام اور امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام اور باقی آئمہ علیہم السلام پر جو امام حسین علیہ السلام کی ذریّت سے ہیں ان پر سلام کرنا چاہیئے اور ان کو گریہ و بکا کی حالت میں پرسا دے اور اس زیارت کو پڑھے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صِفْوَةِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوْحٍ نَبِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيِّ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ الشَّهِيْدِ سِبْطِ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَاۤءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ خِيَرَتِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْوِتْرُ الْمَوْتُوْرُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْهَادِي الزَّكِيُّ وَعَلٰۤى اَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنَاۤئِكَ وَاَقَامَتْ فِيْ جِوَارِكَ وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِكَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنِّيْ مَا بَقِيْتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِكَ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّ الْمُصَابُ فِي الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَفِيْۤ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ اَجْمَعِيْنَ وَفِيْ سُكَّانِ الْاَرَضِيْنَ فَاِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّاۤ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ وَصَلَوَاتُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَتَحِيَّاتُهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰۤى اٰبَاۤئِكَ الطَّاهِرِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَعَلٰى ذَرَارِيْهِمُ الْهُدَاةِ الْمَهْدِيِّيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ وَعَلَيْهِمْ وَعَلٰى رُوْحِكَ وَعَلٰۤى اَرْوَاحِهِمْ وَعَلٰى تُرْبَتِكَ وَعَلٰى

تُرَبِهِمْ اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَّرِضْوَانًا وَّرَوْحًا وَّرَيْحَانًا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَا ابْنَ خَاتَمِ
النَّبِيِّيْنَ وَيَا ابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ وَيَا ابْنَ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهِيْدُ يَا ابْنَ الشَّهِيْدِ يَا
اَخَا الشَّهِيْدِ يَا اَبَا الشُّهَدَاءِ اَللّٰهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّيْ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَفِيْ هٰذَا الْوَقْتِ وَفِيْ كُلِّ
وَقْتٍ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَّسَلَامًا سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ يَا ابْنَ سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ وَعَلَى
الْمُسْتَشْهَدِيْنَ مَعَكَ سَلَامًا مُّتَّصِلًا مَّا اتَّصَلَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الشَّهِيْدِ
اَلسَّلَامُ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ اَلسَّلَامُ عَلَى الْعَبَّاسِ بْنِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ الشَّهِيْدِ اَلسَّلَامُ عَلَى
الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ الْحَسَنِ اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ
وُلْدِ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ مِنْ وُلْدِ جَعْفَرٍ وَّعَقِيْلٍ اَلسَّلَامُ عَلٰى كُلِّ مُسْتَشْهَدٍ مَّعَهُمْ
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَلِّغْهُمْ عَنِّيْ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَّسَلَامًا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِيْ وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكِ
الْعَزَاءَ فِيْ وَلَدِكِ الْحُسَيْنِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِيْ وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِيْ اَخِيْكَ الْحُسَيْنِ يَا مَوْلَايَ يَا اَبَا
عَبْدِ اللّٰهِ اَنَا ضَيْفُ اللّٰهِ وَضَيْفُكَ وَجَارُ اللّٰهِ وَجَارُكَ وَلِكُلِّ ضَيْفٍ وَّجَارٍ قِرًى وَّقِرَايَ فِيْ هٰذَا
الْوَقْتِ اَنْ تَسْئَلَ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ وَتَعَالٰى اَنْ يَّرْزُقَنِيْ فَكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ اِنَّهُ سَمِيْعُ الدُّعَاءِ
قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ۔ پچیسویں کا دن بہت کافی علماء کے نزدیک ۹۴ھ میں اسی دن امام زین العابدین علیہ السلام
کی شہادت ہوئی اور بعض نے اس ماہ کے بارھویں کو ۹۵ھ میں کہ جس سال کا نام سنۃ الفقہاء کہتے تھے آپ
کی شہادت بتلائی ہے

آٹھویں فصل صفر کے مہینے میں ہے

یہ مہینہ نحوست کا مشہور ہے اور نحوست کے دور کرنے کے لئے صدقہ دینے اور دعا اور اللہ سے پناہ مانگنے سے اور کوئی بہتر چیز وارد نہیں ہوئی اور اگر کوئی شخص ان بلاؤں سے جو اس مہینے میں وارد ہوتی ہیں محفوظ رہنا چاہے تو ہر روز دس دفعہ جیسا کہ محدث فیض رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے فرمایا یہ دعا پڑھتا رہا کرے یَا شَدِیْدَ

تعویذاتِ منقولہ

وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً
وَّرَحْمَةً اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ
ثُمَّ ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ
فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ
غَالِبُوْنَ فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ
السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ
وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا
فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلٰى اَمْرٍ
قَدْ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ
لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْ
اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً
مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ
وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ
يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ
فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنَاهُمْ
جَمْعًا كَذٰلِكَ حَلَّتْ
فلان بن فلان عن بنت
فلانة لَقَدْ جَاءَكُمْ
رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ
عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ
حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ
رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا
فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

صفر کے مہینے کے اعمال

الْقُوٰى وَيَا شَدِيْدَ الْمِحَالِ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ ذَلَّتْ بِعَظَمَتِكَ جَمِيْعُ خَلْقِكَ فَاكْفِنِيْ شَرَّ خَلْقِكَ يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ سید نے اس مہینے کے چاند دیکھنے کی دعا بھی نقل فرمائی ہے پہلی کا دن ۳۷ھ میں اس دن صفین کی لڑائی جو امیرالمومنین علیہ السلام اور معاویہ کے درمیان تھی واقع ہوئی اور ایک قول کی بنا پر اسی دن ۶۱ھ میں جناب سیدالشہداء امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک دمشق میں وارد کیا گیا اور بنو امیہ نے اس دن بہت خوشی اور عید منائی اور اس دن حزن و مصیبت اس وجہ سے تازہ ہو جاتی ہے اور اس دن عراق میں تو مومنین کے گھر صف ماتم ہوتی ہوگی اور شام میں بنوامیہ اسے عید قرار دے رہے ہیں اس دن یا تیسری کی دن بقول ۱۲۱ھ جناب زید امام زین العابدین علیہ السلام کے فرزند کو شہید کیا گیا تیسری کا دن سید بن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے ہمارے علماء کرام کی کتابوں سے نقل کیا ہے کہ اس دن دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے کہ جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ انا فتحنا اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ قل ہو اللہ پڑھے اور سلام کے بعد سو دفعہ درود شریف پڑھے اور سو دفعہ یہ کہے اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اٰلَ اَبِيْ سُفْيَانَ اس کے بعد سو دفعہ استغفار کرے اور اپنی حاجت کو طلب کرے ساتویں کا دن بقول شہید و کفعمی وغیرہ ۵۰ھ میں اٹھائیسویں صفر کو جناب امام حسن علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی اور ساتویں صفر کو ۱۲۸ھ میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی مدینہ اور مکہ کے درمیان ابواء مقام پر ولادت باسعادت ہوئی بیسویں کا دن یہ چہلم امام حسین علیہ السلام کا دن ہے اور بقول شیخین رہ حرم امام حسین علیہ السلام نے شام سے مدینہ کی طرف مراجعت کی۔ اور حضرت جابر بن عبداللہ انصاری اسی دن امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے لئے کربلا معلیٰ وارد ہوئے اور یہ بزرگوار پہلے امام حسین علیہ السلام کے زائر ہیں آج کے دن امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا مستحب ہے جناب امام حسن عسکری علیہ السلام سے روایت ہے کہ مومن کی علامتیں پانچ چیزیں ہیں۔ پہلے اکاون رکعت فریضہ اور نافلہ کا دن اور رات میں پڑھنا، دوسرے اربعین یعنی چہلم میں زیارت امام حسین علیہ السلام کرنا تیسرے دائیں ہاتھ انگوٹھی پہننا چوتھے پیشانی کو سجدہ میں خاک پر رکھنا اور معلوم ہے کہ خاک شفاء پر رکھے گا تو ثواب اور بھی زیادہ ہوگا کیونکہ خاک بھی ہے اور روایات بھی اس پر سجدہ

تعویذات منقولہ

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

فلاں ابن فلاں فلانہ بنت فلانہ کی جگہ اس مرد کا مع والد اور لفظ بنت فلاں کی جگہ اس کی بیوی کا مع والد نام لکھے پھر اس کاغذ کو اپنے ہمراہ رکھے۔

طب الائمہ میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے ایک دعا جو آپ نے اسحاق صحاف کو تعلیم دی تھی نقل ہوئی ہے جو بہت طولانی ہے۔

تپ کا تعویذ (۱) اس تعویذ کو جو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے جناب امیرالمومنین علیہ السلام کو تعلیم دی تھی تپ کے لئے پڑھے اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ جِلْدِيَ الرَّقِيْقَ وَعَظْمِيَ الدَّقِيْقَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فَوْرَةِ الْحَرِيْقِ يَا اُمَّ مِلْدَمٍ اِنْ كُنْتِ اٰمَنْتِ بِاللّٰهِ فَلَا تَاْكُلِي اللَّحْمَ وَلَا تَشْرَبِي الدَّمَ وَلَا تَفُوْرِيْ مِنَ الْفَمِ وَانْتَقِلِيْ اِلٰى مَنْ يَزْعُمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ

کرنے کی فضیلت میں موجود ہیں) پانچویں بسم اللہ الرحمن الرحیم کو بلند آواز سے (یعنی نماز) میں پڑھنا اور ہم انشاء اللہ علیہم کی زیارت باب زیارات کے تحت ۲۶ پر نقل کریں گے اٹھائیسویں کا دن سنہ ۱۱ ھ میں اسی دن جناب رسول خدا ختم رسل صلوات اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی وفات سوموار کے دن ترسٹھ سال کی عمر میں واقع ہوئی آپکی بعثت چالیس سال کی عمر میں ہوئی آپ ـــــ اس کے بعد تیرہ سال مکہ معظمہ میں لوگوں کو خدا پرستی کی دعوت دیتے رہے اور ترپن سال کی عمر میں آپ نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت فرمائی اور ہجرت کے دسویں سال میں آپ نے اس دنیا فانی سے رحلت فرمائی۔ آپ کو جناب امیرالمومنین علی بن ابی طالب علیہما السلام نے غسل و کفن حنوط دیا اور اس کے بعد آپ نے خود بنفس نفیس آنجناب پر نماز جنازہ پڑھی اور آپ کے بعد لوگوں نے گروہ گروہ ہوکر بغیر کسی امام کے آپ پر نماز (یعنی دعا) پڑھی پھر جناب امیرالمومنین نے آپ کو اسی جگہ جہاں پر آپ کی وفات ہوئی تھی دفن کیا، انس بن مالک سے روایت ہے کہ جب آپ کے دفن سے فارغ ہو چکے تو میرے پاس جناب فاطمہ زہرا تشریف لائیں اور فرمایا کہ اے انس تم لوگوں کے دل نے کس طرح گوارہ کیا کہ آپ کے منہ مبارک پر خاک ڈالی جائے پھر آپ رو دیں اور یہ فرمایا یا اَبَتَاہُ اَجَابَ رَبًّا دَعَاہُ یَا اَبَتَاہُ مِنْ رَبِّہٖ مَا اَدْنَاہُ ـــــ اور کسی نے فارسی میں کہا اے دو جہاں زیر زمین از چہ دخاک نشین از چہ ایک معتبر روایت کی بنا پر آپ نے آپ کی قبر مبارک سے تھوڑی سی مٹی لی اور اپنی آنکھوں پر ملی اور فرمایا۔

مَاذَا عَلَی الْمُشْتَمِّ تُرْبَۃَ اَحْمَدٍ ... اَنْ لَا یَشَمَّ مَدَی الزَّمَانِ غَوَالِیَا
صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبٌ لَوْ اَنَّھَا ... صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَالِیَا

شیخ یوسف شامی نے درالنظیم میں نقل کیا ہے کہ آپ نے اپنے باپ پر یہ مرثیہ پڑھا

قُلْ لِلْمُغَیَّبِ تَحْتَ اَثْوَابِ الثَّرٰی ... اِنْ کُنْتَ تَسْمَعُ صَرْخَتِیْ وَنِدَائِیَا
صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبٌ لَوْ اَنَّھَا ... صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَالِیَا
قَدْ کُنْتُ ذَاتَ حِمًی بِظِلِّ مُحَمَّدٍ ... لَا اَخْشَ مِنْ ضَیْمٍ وَکَانَ حِمَالِیَا
فَالْیَوْمَ اَخْضَعُ لِلذَّلِیْلِ وَاَتَّقِیْ ... ضَیْمِیْ وَاَدْفَعُ ظَالِمِیْ بِرِدَائِیَا
فَاِذَا بَکَتْ قُمْرِیَّۃٌ فِیْ لَیْلِھَا ... شَجَنًا عَلٰی غُصْنٍ بَکَیْتُ صَبَاحِیَا
فَلَاَجْعَلَنَّ الْحُزْنَ بَعْدَکَ مُؤْنِسِیْ ... وَلَاَجْعَلَنَّ الدَّمْعَ فِیْکَ وِشَاحِیَا

تعویذات منقولہ

اِلٰھَنَا اٰخِرُ وَاِنِّیْ اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ (۲) دعا نور کو ہر صبح و شام پڑھے کہ جو مفاتیح میں نقل ہو چکی ہے اور جو حضرت سلمان نے جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام سے نقل کی ہے (۳) آئمہ علیہ السلام ہمیشہ تپ کا علاج ٹھنڈے پانی سے کرتے تھے اس طرح کہ کپڑے کو پانی میں تر کرکے جسم پر ڈالتے تھے (۴) امام رضا علیہ السلام کے خط میں دیکھا گیا ہے کہ تپ کیلئے کاغذ کے تین ٹکڑوں پر یہ یوں لکھے کہ پہلے ٹکڑے پر یہ ہو بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا تَخَفْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی دوسرے پر یہ لکھے بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ اور تیسرے پر یہ لکھے بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَکَ

صفر کا آخری دن اس دن سنہ ۲۰۳ھ میں بقول شیخ طبرسی وابن اثیر جناب امام رضا علیہ السلام کی شہادت اس زہر سے واقع ہوئی جو آپ کو انگور میں دیا گیا تھا آپ کی قبر مبارک سناباد کی بستی میں حمید بن قحطبہ کے گھر میں ہے جو طوس کا علاقہ ہے اور آج کل مشہد مقدس کے نام سے مشہور اور معروف ہے اور لاکھوں انسان آپ کی زیارت کو جاتے ہیں اور وہیں پر رشید ملعون کی قبر بھی ہے

نویں فصل ربیع الاول کے مہینے میں ہے

پہلی کی رات بعثت کے تیرھویں سال میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی ابتدا اسی رات ہوئی اور آپ اس رات میں غار ثور میں مخفی تھے اور آپ کی جگہ جناب امیر المومنین نے اپنی جان فدا کرتے ہوئے قبائل مشرکین کی تلواروں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے سو رہے تھے اور اپنی فضیلت اور جناب رسول خدا کے ساتھ ہمدردی اور اخوت کی فضیلت کو تمام عالم پر ظاہر فرمایا اور امیر المومنین علیہ السلام کی شان میں اسی رات یہ آیت نازل ہوئی وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْرِي نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللَّهِ پہلی کا دن علمائے فرمایا کہ آج کے دن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امیر المومنین علیہ السلام کی جان کے محفوظ ہو جانے کے شکریہ میں روزہ رکھنا مستحب ہے اور ان دونوں بزرگواروں کی زیارت پڑھنا آج کے دن بھی مناسب ہے سید نے اقبال میں آج کے دن کی دعا بھی نقل فرمائی ہے، آج کے دن بقول شیخ رہ و کفعمی جناب امام حسن عسکری علیہ السلام کی وفات ہوئی لیکن مشہور یہ ہے کہ آپ کی وفات اس مہینے کی آٹھویں کو ہوئی اور شاید پہلی کو آپ کے مرض کی ابتداء ہوئی ہو آٹھویں کا دن سنہ ۲۶۰ھ میں اسی دن بقول مشہور جناب امام حسن عسکری علیہ السلام کی وفات ہوئی اور آپکے بعد جناب امام عصر صلوات اللہ علیہ منصب امامت پر فائز ہوئے لہٰذا مناسب ہے کہ اس دن ان دونوں بزرگواروں کی زیارت کی جائے نویں کا دن آج کے دن ایک بہت بڑی عید کا دن ہے کیونکہ مشہور یہی ہے کہ آج کے دن عمر بن سعد جو امام حسین علیہ السلام کے مقابلہ میں یزید کی طرف سے سالار لشکر تھا واصل جہنم ہوا روایت میں ہے کہ جو شخص آج کے دن اللہ کی راہ میں خرچ کرے تو اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ کہا گیا ہے کہ اسکے دن برادر مومن کو طعام دینا اور خوشنود کرنا اور اپنے بال بچوں کے خرچ میں توسعہ دینا اچھے اور بہتر لباس پہننا اور اللہ کا شکر بجا لانا اور عبادت کرنا مستحب ہے اور آج ہی وہ دن ہے

تعویذات منقولہ

اللہ رب العالمین پھر ہر ایک کاغذ کے ٹکڑے پر تین دفعہ سورہ قل ہو اللہ پڑھے اور ہر دن ایک ٹکڑا کھائے کہ انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا (۵) قمیض کے بٹن کھول کر اپنے سر کو قمیض میں داخل کرکے اذان اور اقامت کہے اور سات دفعہ سورہ الحمد پڑھے کہ انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا (۶) ائمہ علیہم السلام سے روایت ہے کہ کپڑے پر یہ لکھ کر تپ والے مریض کو یہ پہنا دے اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِعِزَّتِكَ وَقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ وَمَا أَحَاطَ بِهِ عِلْمُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَلَا تُسَلِّطَ عَلَى فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ شَيْئًا مِمَّا خَلَقْتَ بِسُوءٍ وَارْحَمْ جِلْدَهُ الرَّقِيقَ وَعَظْمَهُ الدَّقِيقَ مِنْ فَوْرَةِ الْحَرِيقِ الْحَرَمِيِّ يَا أُمَّ مِلْدَمٍ يَا آكِلَةَ اللَّحْمِ وَشَارِبَةَ الدَّمِ حَرُّهَا

کہ جس سے غم وہم دور ہوئے اور چونکہ اس سے پہلے دن امام حسن عسکری علیہ السلام کی وفات ہو چکی ہے اور آج امام العصر جناب صاحب الزمان ارواح العالمین کی امامت کا پہلا دن بنتا ہے لہٰذا اس دن کی شرافت میں اور بھی مزید اضافہ ہو جاتا ہے (لہٰذا شیعوں کو آج کے دن حدود شرعیہ میں رہتے ہوئے خوشی منانی چاہیئے) اور جو اشتباہ اہل وسنت والجماعت کو ہوتا ہے کہ اس دن جناب عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مرنے کی شیعہ خوشی مناتے ہیں اس کی تصدیق نہ ہی تاریخ سے ہوتی ہے اور نہ ہی یہ شیعوں کا مقصد ہوتا ہے بلکہ شیعہ عمر بن سعد کے قتل کی خوشی مناتے ہیں اور اس میں تو اہل سنت والجماعت کو بھی شریک ہونا چاہیئے کیونکہ یہ دشمن خدا اور رسول وصحابہ کرام امام حسین علیہ السلام نواسہ رسول کا قاتل ہے اور امام حسین علیہ السلام کی شخصیت دونوں فرقوں میں مسلم ہے لہٰذا ان کے قاتل کے واصل جہنم ہونے کے دن دونوں کو مل کر خوشی منانی چاہیئے۔ (مترجم) بارھویں کا دن بقول کلینیؒ ومسعودی اور مشہور اہل سنت کے نزدیک اس دن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی اس دن دو رکعت نماز پڑھنی مستحب ہے کہ جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تین دفعہ سورہ قل یا ایہا الکفرون اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تین دفعہ سورہ قل ہو اللہ پڑھے۔ اور اسی دن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ میں بھی وارد ہوئے اور شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اسی دن ۱۳۰ھ میں بنی مروان کی حکومت اور دولت کا خاتمہ ہوا چودھویں کا دن اسی دن ۶۴ھ میں یزید بن معاویہ رسوائے عالم اسلام واصل جہنم ہوا۔ اخبار الدول میں ہے کہ یزید بن معاویہ لعنۃ اللہ علیہ ذات الجنب مرض کی وجہ سے حوران مقام پر مرا اور اس کا جنازہ دمشق میں لائے اور باب صغیر میں دفن کر دیا اور اس کی قبر گندگی ڈالنے کی جگہ بن گئی۔ اس ملعون کی عمر سینتیس سال تھی اور اس کی حکومت باطلہ صرف تین سال نو مہینے تک رہی سترھویں کی رات یہ رات جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ولادت باسعادت کی رات ہے اور یہ بہت مبارک رات ہے اور سید نے نقل فرمایا کہ اسی رات ہجرت سے پہلے ایک سال آپ کو معراج حاصل ہوئی سترھویں کا دن علماء امامیہ شیعہ کے درمیان مشہور یہی ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت آج کے دن ہوئی اور یہی ان کے درمیان مشہور ہے کہ آپ کی ولادت مکہ معظمہ میں اپنے ہی گھر میں جمعہ کے دن طلوع فجر کے وقت عام الفیل میں انوشیرواں عادل کی حکومت کے ایام میں ہوئی اور اسی دن ۸۳ھ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی لہٰذا اس دن کی شرافت میں اس کی وجہ

تعویذات منقولہ

وَبَرْدِهَا مِنْ جَهَنَّمَ مِنْ كُتُبِ
اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الْاَعْظَمِ اَنْ
لَا تَاْكُلِيْ لِفُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ
لَحْمًا وَلَا تَمَصِّيْ لَهٗ دَمًا
وَاَلْحَمًا تَنْهَكِيْ لَهٗ عَظْمًا وَلَا
تَثُوْرِيْ عَلَيْهِ غَمًّا وَلَا
تَهَيِّجِيْ عَلَيْهِ صُدَاعًا
وَانْتَقِلِيْ عَنْ شَعْرِهٖ وَ
بَشَرِهٖ وَلَحْمِهٖ وَدَمِهٖ اِلٰى
مَنْ زَعَمَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ
اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ اس کے بعد
کسی کافر ذمی یا دشمن خدا کا نام
بھی لکھے (۲) تپ والے
انسان کے دائیں بازو پر یہ
لکھ کر باندھ دے بسم اللہ
الرحمن الرحیم کو آخر سورہ
الحمد تک اور پھر یہ لکھے۔
بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَعُوْذُ
بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ
كُلِّهَا الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُ
هُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ
مَا خَلَقَ وَذَرَءَ وَبَرَءَ وَمِنْ
شَرِّ الْهَاقِرَةِ وَالسَّامَّةِ

سے مزید اضافہ ہوا۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ دن بہت مبارک اور باشرافت ہے اس میں چند ایک عمل ہیں پہلے غسل کرنا دوسرے آج کے دن روزے کی بہت فضیلت ہے روایت میں ہے کہ جو شخص اس دن روزہ رکھے خداوند عالم اسے ایک سال کے روزے کا ثواب عنایت فرمائے گا۔ آج کا دن ان سال کے چار دنوں میں سے ایک دن ہے کہ جس میں روزہ رکھنا خاص فضیلت اور خصوصیت رکھتا ہے تیسرے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی زیارت نزدیک اور دور سے کرے۔ چوتھے جناب امیرالمومنین علیہ السلام کی وہ زیارت آج کرے جو جناب امام جعفر صادق علیہ السلام نے کی تھی اور جو محمد بن مسلم رح کو تعلیم فرمائی تھی اور وہ زیارات کے باب ۳۴۵ پر انشاء اللہ آئے گی پانچویں جب دن ذرا بلند ہو آئے تو دو رکعت نماز پڑھے کہ جس کی ہر ایک رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس دفعہ سورہ انا انزلناہ اور دس دفعہ سورہ قل ہو اللہ پڑھے سلام کے بعد اپنے مصلیٰ پر بیٹھا رہے اور یہ دعا اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَیٌّ لَا تَمُوْتُ جو بہت طولانی ہے اور اس کی سند بھی امام معصوم تک منتہی نظر نہیں آتی لہذا ہم نے اسے نقل نہیں کیا اور جو چاہے اسے زاد المعاد میں دیکھ سکتا ہے، چھٹے مسلمانوں کو آج کے دن خوشی منانی چاہیئے اور اسی دن کی تعظیم و تکریم بجالائیں اور خیرات کریں اور مومنین کو خوش کریں اور مقامات مقدسہ ائمہ طاہرین کی زیارت بجالائیں سید نے اقبال میں آج کے دن کی تعظیم کی مفصل تشریح کی ہے اور فرمایا ہے کہ نصاریٰ اور مسلمین کا ایک گروہ جو جناب عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت کے دن کی بہت تعظیم بجالاتے ہیں میں ان سے تعجب کرتا ہوں کہ کس طرح وہ ان کے ولادت کے دن کی تعظیم و تکریم بجا نہیں لاتے کہ جن کی نسبت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی فضیلت کمتر ہے۔

دسویں فصل ربیع الثانی اور جمادی الاولیٰ اور جمادی الثانی کے اعمال میں ہے

سید بن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے ان تین مہینوں کے پہلے دن کے لئے ایک دعا نقل کی ہے شیخ مفید رحمۃ اللہ علیہ نے ربیع الثانی کی بارھویں کے دن ۲۳۲ھ میں امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت با سعادت بتلائی ہے لہذا وہ ایک بہت مبارک دن ہے اور مستحب ہے کہ اس نعمت کے شکریہ کے لئے اس دن روزہ رکھا جائے

تیرھویں، چودھویں، پندرھویں جمادی الاولیٰ کو جناب فاطمۃ الزہرا کی زیارت کرنا اور اس مظلومہ کا ماتم کرنا مناسب ہے کیونکہ بعض روایات میں وارد ہوا کہ آپ اپنے پدر بزرگوار کے بعد پچھتر دن دنیا میں باقی رہیں اور

تعویذات متفرقہ

وَالْعَامَّةِ وَالْلَّامَّةِ وَمِنْ
شَرِّ طَوَارِقِ اللَّيْلِ وَ
النَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ فُسَّاقِ
الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ وَمِنْ شَرِّ
فَسَقَةِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ
شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ
وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ
وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ
هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ
رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ
رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا
وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ
الْمَصِيْرُ يَا نَارُ كُوْنِيْ
بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ
وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا
فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ
بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰى فلان
بن فلانة رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا
اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا
آخر سورہ تک لکھے حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا
وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ
لَا يَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ
وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ
عِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا

پھر آپ کی شہادت واقع ہوئی اور بنا بر مشہور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات اٹھائیسویں صفر کو ہوئی تو جناب فاطمہ زہراؑ کی وفات انہیں تین دنوں میں سے کسی ایک دن واقع ہو گی اور اسی مہینے کی پندرہویں کو ۳۶ ھجری میں بصرہ کی فتح امیر المؤمنین کے لئے ہوئی اور اسی دن اور اسی سن میں جناب امام زین العابدین علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی لہٰذا ان دو بزرگواروں کی زیارت اس دن مناسب ہے جمادی الثانی کے اعمال ہم سید ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے نقل فرمایا ہے کہ اس مہینے میں جس وقت چاہے چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے اس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک دفعہ آیت الکرسی اور پچیس دفعہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک دفعہ سورہ الہٰکم التکاثر اور پچیس دفعہ سورہ قل ہو اللہ اور تیسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک دفعہ سورہ قل یا ایہا الکافرون اور پچیس دفعہ سورہ قل اعوذ برب الفلق اور چوتھی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک دفعہ سورہ اذا جاء نصر اللہ اور پچیس دفعہ سورہ قل اعوذ برب الناس پڑھے نماز کے تمام کرنے کے بعد ستر دفعہ یہ کہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اور ستر دفعہ یہ کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پھر تین دفعہ یہ کہے اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ پھر سر کو سجدہ میں ڈال دے اور تین دفعہ یہ کہے يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اس کے بعد جو حاجت رکھتا ہو طلب کرے کیونکہ جو شخص یہ عمل بجا لائے تو خداوند عالم اگلے سال تک اسے اور اس کے مال کو اور اہل و عیال کو اور اولاد کو اور اس کے دین و دنیا کو محفوظ کرے گا اگر وہ شخص اسی سال مر جائے تو شہید مرے گا یعنی شہید کا ثواب اسے دیا جائے گا تیسری کا دن اس دن ۱۱ ھجری میں جناب فاطمہ زہراء علیہا السلام کی شہادت بنا بر ایک قول کے واقع ہوئی لہٰذا شیعوں کو اس دن ماتم و تعزیت برپا کرنی چاہیئے اور آپ کی زیارت پڑھیں اور آپ پر ظلم کرنے والوں اور آپ کے حق کو غصب کرنے والوں پہ نفرین کرنی چاہیئے۔

سید ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے اقبال میں اس مظلومہ کی زیارت آج کے دن یوں نقل فرمائی ہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا سَيِّدَةَ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا وَالِدَةَ الْحُجَجِ عَلَى النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ الْمَمْنُوْعَةُ حَقَّهَا اور پھر یہ کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى اَمَتِكَ وَابْنَةِ نَبِيِّكَ وَزَوْجَةِ وَصِيِّ نَبِيِّكَ صَلٰوةً تُزْلِفُهَا فَوْقَ زُلْفٰى عِبَادِكَ الْمُكَرَّمِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلِ الْاَرَضِيْنَ اور روایت میں آیا کہ جو شخص آپ کی یہ زیارت پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی طلب کرے تو حق تعالیٰ اس کے

تعویذاتِ منقول

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ صَدَقَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُوْنَ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

(۸) مصری کے تین ٹکڑوں پر یہ لکھے اور ہر ایک ٹکڑے کو صبح ناشتہ کے وقت کھائے پہلے ٹکڑے پر لکھے حقدت باذن اللہ دوسرے ٹکڑے پر یہ لکھے شددت باذن اللہ تیسرے ٹکڑے پر یہ لکھے سکنت باذن اللہ عاصم حیر یعنی اینٹھن پیچش اور روایت میں ہے کہ ایک شخص نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت

گناہوں کو بخش دے گا اور اسے بہشت میں داخل فرمائے گا۔ مؤلف عرض کرتا ہے کہ سید ابن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند نے بھی اس زیارت کو زوائد الفوائد میں ذکر فرمایا ہے اور کہا ہے کہ یہ زیارت آپ کی وفات کے دن کے ساتھ خاص ہے کہ جو تیسری جمادی الثانی کو واقع ہوئی تھی اور آپ کی زیارت کی کیفیت یوں بیان کی ہے کہ نماز زیارت پڑھے یا نماز جناب فاطمہ زہراء جو دو رکعت ہے پڑھے کہ جس کی ہر ایک رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ساٹھ دفعہ سورہ قل ہو اللہ پڑھے اور اگر یہ نہ پڑھ سکے تو پھر اس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد ایک دفعہ سورہ قل ہو اللہ اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ قل یا ایہا الکافرون پڑھے اور سلام کے بعد بھی زیارت پڑھے بیسویں کا دن بعثت کے پانچویں یا دوسرے سال جناب فاطمہ زہراء علیہا السلام کی اسی دن ولادت باسعادت ہوئی اس دن یہ چند عمل کرنے مناسب ہیں، پہلے روزہ رکھنا، دوسرے مؤمنین کے لئے خیرات اور صدقہ دینا تیسرے آنجناب کی زیارت کرنا اور آپ کی زیارت کی کیفیت ص۳۰۱ پر آئیگی

گیارھویں فصل ہر نئے مہینے اور نوروز کی عید اور رومی مہینوں کے اعمال میں ہے

ماہ نو کے اعمال یعنی جب بھی کوئی نیا چاند دکھائی دے اس میں یہ چند عمل بجا لائے پہلے چاند کے دیکھنے کی دعا پڑھے اور سب سے بہتر صحیفہ سجادیہ کی تنتالیسویں دعا ہے کہ جس کا ذکر پہلی رمضان المبارک میں بھی ہو چکا ہے دوسرے سات دفعہ سورہ الحمد کو آنکھوں کے درد دور ہونے کے لئے پڑھے تیسرے پنیر کھائے یہ ایک چیز ہے جو عراق و ایران میں ہوتی ہے اور جسے دودھ سے بنایا جاتا ہے۔ روایت میں ہے کہ جو شخص اسے ہر نئے مہینے کی پہلی کو ہمیشہ کھاتا رہے تو اس کی اس مہینے میں کوئی حاجت رد نہیں ہوگی چوتھے پہلی رات دو رکعت نماز پڑھے کہ جس کی ہر ایک رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ انعام پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے سوال کرے کہ وہ ذات اسے ہر خوف و درد سے محفوظ رکھے اور اسے اس مہینے کوئی بری چیز لاحق نہ ہو۔ پانچویں پہلی کے دن دو رکعت نماز پڑھے کہ جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس دفعہ سورہ قل ہو اللہ اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تیس دفعہ سورہ انا انزلنا پڑھے اور نماز کے بعد صدقہ دے اگر ایسا کر لیا تو اس نے اللہ تعالیٰ سے اس مہینے میں اپنی سلامتی گویا خرید لی ہے بعض روایات میں نقل ہے کہ اس نماز کے بعد یہ دعا پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا

تعویذاتِ منقولہ

زحیر (پیچش) کی شکایت کی کہ اس سے آرام نہیں ہوتا تو آپ نے فرمایا کہ جب تہجد کی نماز سے فارغ ہو تو یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ مِنْ خَيْرٍ فَمِنْكَ لَا اَحْمَدُ لِيْ فِيْهِ وَمَا عَمِلْتُ مِنْ سُوْءٍ فَقَدْ حَذَّرْتَنِيْهِ لَا عُذْرَ لِيْ فِيْهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَتَّكِلَ عَلٰى مَا لَا اَحْمَدُ لِيْ فِيْهِ اَوْ اٰمَنَ مِمَّا لَا عُذْرَ لِيْ فِيْهِ دعا،

قرقر شکم یعنی ریاح کا اٹھنا یہ بھی روایت میں ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت کی کی خدمت میں شکایت کی کہ میرے پیٹ میں ہمیشہ آواز آتی رہتی ہے اور مجھے لوگوں سے شرم آتی ہے کہ ان سے کوئی بات کروں کیونکہ میرے پیٹ سے آواز آنے لگتی ہے اور اسے لوگ سن سکتے ہیں، آپ میرے لئے اس کی شفا یابی کی دعا

كُلٌّ فِىْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَاُفَوِّضُ اَمْرِىْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ لَا اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ رَبِّ اِنِّىْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَىَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ عید نوروز کے اعمال یوں ہے کہ معلی بن خنیس رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جب نوروز کا دن ہو تو غسل کر اور پاکیزہ ترین کپڑے پہن اور خوشبو لگا اور اس دن روزہ رکھے اور جب نماز ظہر اور عصر اور اس کے نافلہ سے فارغ ہو چکے تو چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے اور ان کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس دفعہ سورہ انا انزلناہ اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس دفعہ سورہ قل یاایہا الکفرون اور تیسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس دفعہ سورہ قل ہو اللہ اور چوتھی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس دفعہ سورہ قل اعوذ برب الفلق اور سورہ قل اعوذ برب الناس پڑھے نماز کے بعد سجدہ شکر میں جائے اور یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِىْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِىْ فَضَّلْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِىْ فِيْمَاۤ اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَىَّ حَتّٰى لَاۤ اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَىَّ فِىْ رِزْقِىْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّىْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّىْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَا فَقَدْتُ مِنْ شَىْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِىْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَاۤ اَتَكَلَّفَ مَا لَاۤ اَحْتَاجُ اِلَيْهِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جب ایسا کرے گا تو تیرے پچاس سال کے گناہ بخشے جائیں گے اور یہ بہت پڑھا کر یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ رومی مہینے کے اعمال ہم نے حزاد المعاد میں ان مہینوں کے اعمال دیکھے ہیں انہیں یہاں پر بیان کر رہے ہیں سید جلیل علی بن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ اصحاب کا ایک گروہ بیٹھا ہوا تھا کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں پر تشریف لے آئے آپ نے سلام کیا اصحاب نے جواب سلام دیا۔ آپ نے فرمایا کہ کیا تم چاہتے ہو کہ تمہیں وہ دوا بتلاؤں جو جبرائیل علیہ السلام نے مجھے تعلیم دی ہے کہ

تعویذاتِ منقولہ

فرمائیے۔ آپ نے فرمایا کہ جب نماز شب سے فارغ ہو تو یہ پڑھا کرے اَللّٰهُمَّ مَا عَمِلْتُ مِنْ خَيْرٍ فَهُوَ مِنْكَ لَا حَمْدَ لِىْ فِيْهِ اس کے بعد وہی سابقہ دعا کو آخر تک پڑھے نیز امام جعفر صادق علیہ السلام سے ترقی حافظہ کے لئے سیاہ دانہ کو شہد کے ساتھ کھائے وارد ہوا ہے

دعائے برص

یونس سے روایت ہے کہ میرے ماتھے پر سفیدی ظاہر ہوئی تو میں نے اس کی شکایت امام جعفر صادق علیہ السلام سے کی تو آپ نے فرمایا کہ وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھے اور اس کے بعد یہ کہے يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا سَمِيْعَ الدَّعَوَاتِ يَا مُعْطِىَ الْخَيْرَاتِ اَعْطِنِىْ خَيْرَ الدُّنْيَا وَخَيْرَ الْاٰخِرَةِ وَقِنِىْ شَرَّ الدُّنْيَا وَشَرَّ الْاٰخِرَةِ وَاَذْهِبْ عَنِّىْ مَا اَجِدُ

جس کے بعد اطبا کی دوا کی طرف محتاج نہ رہو حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام اور سلمان فارسی وغیرہ نے آپ سے سوال کیا کہ حضور وہ دوا کونسی ہے تو حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ رومی نیسان کے مہینے میں بارش کا پانی لیں اور اس پر ستر دفعہ سورہ الحمد اور ستر دفعہ آیت الکرسی اور ستر دفعہ سورہ قل ہو اللہ اور ستر دفعہ سورہ قل اعوذ برب الفلق اور ستر دفعہ سورہ قل اعوذ برب الناس اور ستر دفعہ سورہ قل یا ایہا الکفرون اور بروایت دیگر ستر دفعہ سورہ انا انزلناہ پڑھے اور ستر دفعہ اللہ اکبر اور ستر دفعہ لا الہ الا اللہ اور ستر دفعہ محمد وآل محمد پر صلوات اور درود بھی اس پر پڑھے اور سات دن تک ہر روز صبح اور عصر اس پانی سے پیتا رہے مجھے اس ذات کی قسم کہ جس نے مجھے برحق مبعوث فرمایا ہے قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھ سے جبرائیل نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر اس آدمی سے جو اس پانی سے پیئے گا ہر درد کو جو اس کے بدن میں ہوگا دور کر دے گا اور اسے عافیت عنایت فرمائے گا اور اس کے بدن اور ہڈیوں سے ہر قسم کے درد کو باہر نکال دے گا اور اگر لوح میں اس کے لئے درد لکھا ہوا ہوگا تو اس کو وہاں مٹا دے گا۔ مجھے اللہ کے حق کی قسم کہ جس نے مجھے بھیجا ہے کہ جس کے ہاں فرزند نہ ہوتا ہو اور وہ فرزند چاہتا ہو تو اس پانی کو اسی نیت سے پی لے تو خداوند عالم اسے فرزند عنایت کرے گا اور اگر عورت بانجھ ہو کہ جس کے ہاں بچہ نہ ہوتا ہو وہ اس پانی سے اس نیت سے پیئے تو وہ بچہ دے گی اور اگر میاں بیوی لڑکا یا لڑکی چاہیں تو اس پانی سے پینے ان کا مقصد پورا ہو گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے یَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ الذُّكُورَ أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَاثًا وَيَجْعَلُ مَنْ يَشَاءُ عَقِيمًا یعنی اللہ جسے چاہتا ہے لڑکی عنایت فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکا عنایت فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے دونوں عنایت فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے اس کے بعد حضرت نے فرمایا کہ جس کے سر میں درد ہو رہا ہو اور وہ اس پانی سے پیئے تو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اس کے سر کا درد دور ہو جائے گا اور اگر کسی کی آنکھ میں درد ہو رہا ہو اور وہ اس پانی سے ایک قطرہ آنکھ میں ڈال لے اور پی بھی لے اور اپنی آنکھوں کو اس سے دھوئے تو اسے اللہ تعالیٰ کے اذن سے شفا ہو جائے گی اس پانی کے پینے سے دانتوں کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں اور دانتوں کو خوشبودار بناتا ہے اور لعاب دہن کم ہو جاتا ہے اور بلغم بھی کم ہو جاتا ہے اور پیٹ میں کھلنے سے امتلاء اس سے نہیں ہوگا اور قولنج وغیرہ سے محفوظ رہے گا پیٹ اور کمر کا درد نہیں ہوگا، زکام سے اذیت نہیں ہوگی۔

تعویذاتِ منقولہ

فَقَدْ عَاصَنِي الْأَمْرُ وَأَحْزَنَنِي یونس کہتا ہے کہ میں نے اس پر جب عمل کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھ سے اس برص کو زائل کر دیا والحمد

عدۃ الداعی میں روایت ہے کہ حضرت نے اس سے فرمایا کہ جب رات کا تہائی باقی رہے تو وضو کر کے تہجد کی نماز بجا لائے اور پہلی رکعت کے آخری سجدہ میں یہ پڑھے يَا عَلِيُّ يَا عَظِيمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيمُ يَا سَامِعَ الدَّعَوَاتِ يَا مُعْطِيَ الْخَيْرَاتِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَعْطِنِي مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ مَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَاصْرِفْ عَنِّي مِنْ شَرِّ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ مَا أَنْتَ أَهْلُهُ وَأَذْهِبْ عَنِّي هٰذَا الْوَجَعَ فَإِنَّهُ قَدْ غَاظَنِي وَأَحْزَنَنِي اور دعا کرنے میں خوب تضرع وزاری کرے، یونس کہتا ہے کہ

نیسان کے پانی کے خواص

دانتوں کا درد نہیں ہو گا معدہ کا درد اور کیڑے دور ہو نگے۔ اسے حجامت یعنی خون نکلنے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ بواسیر، بدن کی خارش، دیوانگی اور نجاست برص اور جذام، نکسیر، رقے سے بھی اس سے نجات ہو گی۔ اندھا، گونگا، ڈورا، لوہا نہیں ہو گا۔ سیاہ پانی اس کی آنکھ میں نہیں اترے گا وہ درد کہ جس سے روزہ افطار اور نماز کو ناقص پڑھنے کا موجب ہوتا ہے لاحق نہیں ہو گا۔ شیطان اور جن کے وسواسوں سے متاذی نہیں ـــــ ہو گا اس کے بعد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اس پانی کو پیئے اور اس میں تمام لوگوں کے درد موجود ہوں تو ان سے شفایاب ہو جائے گا۔ حضرت جبرائیل علیہ السّلام نے کہا کہ مجھے اس ذات کی قسم کہ جس نے آپ کو حق پر مبعوث فرمایا ہے کہ جو شخص اس پانی پر ان آیات سابقہ کو پڑھے خداوند عالم اس کے دل کو نور اور روشنی سے پر کر دے گا اس کی زبان پر حکمت کو جاری کرے گا اور اس کے دل کو فہم و فراست سے پر کر دے گا اور اس پر اتنی بخششیں کرے گا جو عالم پر کسی پر بھی نہ کی ہوں گی ہزار رحمتہ، اور ہزار مغفرت اس کو دے گا اور ـــــ ھو کا بازی۔ خیانت، غیبت، حسد۔ ظلم، تکبر، بخل، حرص کو اس کے دل سے نکال دے گا اور لوگوں کے دشمن بننے اور اس کے حق میں بدگوئی کرنے سے اسے محفوظ رکھے گا اور اس کے لئے یہ تمام مرضوں سے شفا ہونے کا سبب ہو گا، مؤلف عرض کرتا ہے کہ اس روایت کی سند کی انتہا عبداللہ بن عمر تک ہوتی ہے اور اسی وجہ سے یہ روایت سند کے لحاظ سے ضعیف ہے لیکن میں نے اس روایت کو بخط شہید دیکھا ہے کہ انہوں نے اس کو امام جعفر صادق علیہ السّلام سے روایت کی ہے اور اس میں یہی خواص اور سورتیں بتلائی ہیں لیکن آیات اور اذکار کی یوں روایت کی ہے کہ اس نیسان کے پانی پر سورہ فاتحہ اور ایت الکرسی اور قل یا ایتہا الکفرون اور سبح اسم ربک الاعلیٰ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور قل ہو اللہ احد ہر ایک کو ستر دفعہ پڑھے اور ستر دفعہ یہ کہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور ستر دفعہ اللہ اکبر اور ستر دفعہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ اور ستر دفعہ یہ پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اس پانی کے خواص میں اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ اگر قیدخانہ میں حبس ہو اور اس پانی سے پیئے تو قید سے نجات پائے گا اور سردی اس کی طبیعت پر غالب نہیں ہو گی اور باقی اکثر وہی خواص اس میں موجود ہیں جو سابقہ روایت میں ذکر ہوئے ہیں۔ بارش کا پانی مطلق مبارک اور منفعت دار ہوتا ہے خواہ نیساں کے مہینے میں گیا جائے یا کسی دوسرے مہینے میں۔ جیسا کہ ایک معتبر حدیث میں حضرت

تعویذاتِ منقولہ

میں نے جیسے آپ نے فرمایا بجالایا۔ اور ابھی کوئی نزلہ نہیں پہنچا تھا کہ میں اچھا ہو گیا۔ اور نیز سورہ یٰسین کو شہد کے ساتھ کسی برتن پر لکھ کر اور پھر اسے دھو کر پی لینا بھی اس کے لئے وارد ہوا ہے اور اسی طرح کربلا کی خاک شفاء کو بارش کے پانی میں ملا کر اس کے لئے پینا وارد ہوا ہے۔ اور مہندی کو نورہ کے ساتھ ملا کر اس مقام پر ملنا بھی وارد ہوا ہے وجرب یعنی خارش اور پھوڑا اور قوبا یعنی جو بدن میں جوش یا زیادہ خارش کا نام ہے۔ روایت میں ہے کہ اس کے لیے پڑھیں اور اس پر لکھیں۔ اور اس کے گلے وغیرہ میں یہ دعا باندھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ خَبِیْثَۃٍ کَشَجَرَۃٍ خَبِیْثَۃِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَا لَھَا مِنْ قَرَارٍ ۔ آیت کنک حینها

رومی مہینوں کا بیان

امیرالمومنین علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا کہ آسمان کے پانی کو پیا کرو کیونکہ وہ بدن کو پاک کرنے والا اور دردوں کو دور کرنے والا ہے جیسا کہ خداوند عالم فرماتا ہے وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لِيُطَهِّرَكُمْ بِهِ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَى قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ یعنی اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی نازل فرماتا ہے تاکہ تمہیں پاک کرے اور تم سے شیطان کے وسوسوں کو دور کرے اور تمہارے دلوں کو مضبوط اور تمہارے قدموں کو ثابت قدم رکھے۔ نیساں کے عمل میں بہتر یہی ہے کہ ایک جماعت مل کر ان اذکار کو ستر دفعہ پڑھے کیونکہ پڑھنے والے کے لئے بہت فائدہ اور ثواب ہے موجودہ سالوں میں نیسان نوروز کے بعد تیس دن گذر جانے سے داخل ہو جاتا ہے اور نیسان کا یہ رومی مہینہ تیس دن کا ہوتا ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ حزیران کی ساتویں کو حجامت یعنی پچھنے لگوایا کرو اور اگر اس دن ممکن نہ ہو تو اس کی چودھویں کو لگوایا کرو حزیران کی پہلی تقریباً عید نوروز کے بعد چوراسی دن کے ہوتی ہے اور حزیران کا مہینہ بھی تیس دن کا ہوتا ہے اور یہ ایک نحوست کا مہینہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ ایک معتبر حدیث میں منقول ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے حزیران کے مہینے کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ یہ وہ مہینہ ہے کہ جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل پر نفرین کی تھی اور ایک ہی دن میں بنی اسرائیل کے تین لاکھ آدمی مر گئے تھے نیز معتبر سند سے آنحضرت سے منقول ہے کہ خداوند عالم اجلوں کو اسی مہینے میں نزدیک کر دیتا ہے یعنی اس مہینے میں موتیں زیادہ ہوتی ہیں۔ یہ معلوم رہے کہ رومی مہینوں کی بنیاد سورج کی حرکت پر ہے اور وہ بارہ مہینے ہیں اور ان کی ترتیب یہ ہے تشرین الاول، تشرین الثانی کانون الاول، کانون آخر، شباط، اذر، نیسان، ایار حزیران، تموز، اب، ایلول۔ ان کے چار مہینے تیس تیس دن کے ہوتے ہیں اور وہ یہ ہیں، تشرین الاخر نیسان حزیران، ایلول، اور آٹھ دوسرے مہینے سوائے شباط کے اکتیس کے ہوتے ہیں اور شباط کو تین سال اٹھائیس دن کا لیتے ہیں اور چوتھے سال جو کبیسہ کا سال ہوتا ہے اسے انتیس دن کا شمار کرتے ہیں۔ اور ان کے نزدیک سال تین سو پینسٹھ اور ایک چوتھائی دن کا ہوتا ہے۔ ان کے ہاں سال کی ابتداء تشرین الاول کے مہینے سے ہوتی ہے اور اس دن وہ انیس درجہ میزان میں ہوتا ہے اس کی تفصیل بحار الانوار میں موجود ہے چونکہ ان مہینوں کا احادیث میں ذکر موجود تھا لہٰذا ہم نے مجملاً یہاں پر ان کا ذکر بھی کر دیا۔ یہ رومی مہینے اس وقت عراق حکومت کے دفاتر میں رواج پذیر ہیں اور ان کا کاروبار سب ان مہینوں پر ہے

تعویذاتِ منقولہ

خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَى اللهُ أَكْبَرُ تُوُلِّتَ لَا تُكْبَرْ اللهُ يَبْقَى وَأَنْتَ لَا تَبْقَى وَاللهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

مقعد کے درد کے لئے

روایت میں ہے کہ ایک ائمہ علیہم السلام کے اصحاب میں سے مقعد کے درد میں مبتلا ہو گیا تو اس نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں اس درد کی شکایت کی تو آپ نے اسے یہ تعویذ تعلیم فرمایا کہ اپنے بائیں ہاتھ کو ران پر رکھ کر تین دفعہ یہ پڑھے

بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ بَلَى مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِنْدَ رَبِّهِ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْلَمْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ انشاء اللہ خدا

تیسرا باب زیارات میں ہے

اور اس باب میں ایک مقدمہ اور چند فصلیں اور ایک خاتمہ ہے مقدمہ سفر کرنے کے اداب میں ہے جب سفر کا ارادہ کرے تو بدھ، جمعرات اور جمعہ روزہ رکھے اور سفر ہفتہ کے دن یا منگل یا جمعرات کے دن اختیار کرنا اور بدھ اور سوموار اور بدھ کے دن اور جمعہ کو زوال سے پہلے سفر اختیار نہ کرے اور ان تاریخوں میں جو ایک فارسی کے شعر میں نظم کیا گیا ہے سفر نہ کرے

ہفت روزی نحس باشد در مہی　　　　زان حذر کن تا نیابی ہیچ رنج !

سہ و پنج و سیزدہ با دشانزدہ　　　　و بیست و یک و بیست و چار و بیست و پنج

یعنی ہر مہینے میں سات تاریخیں اور جب چاند میں نحس ہوتی ہیں اور ان میں سفر کرنے سے ڈر تاکہ تجھے کوئی ضرر نہ پہنچے اور وہ ہیں جو شعر کے اوپر لکھی گئی ہیں اور جب چاند آخری دنوں میں دو بار رہتا ہے ان دنوں بھی سفر نہ کرنا۔ اور جب چاند عقرب برج میں ہو تو بھی سفر نہ کرنا یعنی قمر در عقرب میں۔ اور اگر ان دنوں میں کہ جن میں سفر کرنا اچھا نہیں کوئی ضروری اور اشد کام کی وجہ سے سفر کرنا ضروری ہو تو سفر کی دعاؤں کو پڑھکر اور صدقہ دے کر سفر کرے انشاء اللہ کوئی ضرر نہیں ہوگا (لہٰذا یہاں ضروری تھا کہ ایام نحس و نیک اور مہینے کی اچھی بری تاریخوں کا ایک نقشہ دے دیا جائے جو مومن کو ہر وقت کام آئے اور مترجم کے لئے دعائے مغفرت کریں ہم نے یہ نقشہ اس کتاب کے آخر میں دیا ہے تاکہ اسے کوئی مفاتیح کا جزو نہ سمجھے) روایت میں ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام کے اصحاب میں سے ایک شخص نے سفر کرنے کا ارادہ کیا وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ حضرت سے وداع کرتا جائے تو آپ نے اس سے فرمایا کہ میرے والد بزرگوار امام زین العابدین علیہ السلام جب اپنی کسی جائیداد کی طرف جانے کے لئے سفر کا ارادہ فرماتے تھے تو آپ اپنی سلامتی اسان خیر سے خرید لیتے تھے یعنی صدقہ دیتے تھے جتنا آپ سے ممکن ہو سکتا تھا اور یہ اس وقت دیتے تھے جب اپنے پاؤں کو رکاب میں رکھ لیتے تھے اور جب سفر سے سلامت مراجعت فرماتے تھے تو اللہ کا شکر بجا لاتے تھے اور پھر جتنا ممکن ہو سکتا تھا صدقہ دیتے تھے وہ شخص آپ کی خدمت سے چلا گیا لیکن جو آپ نے فرمایا تھا اس پر عمل نہ کیا تو وہ راستے میں ہلاک ہو گیا۔ امام محمد باقر علیہ السلام کو جب اس کی خبر ملی تو آپ نے فرمایا اس شخص کو نصیحت کی گئی تھی اگر قبول کر لیتا تو بچ جاتا لہٰذا لائق اور سزاوار ہے کہ سفر جانے سے پہلے غسل کرے اور پھر اپنے اہل و عیال

تعویذاتِ منقول

وند عالم تجھے اس سے عافیت عنایت فرمائے گا گھٹنے کا درد طب الائمہ سے منقول ہے کہ جابر جعفی نے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں امام حسین علیہ السلام کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ بنی امیہ میں سے ایک شیعہ مرد آپکے پاس حاضر ہوا اور عرض کی۔ اے فرزند رسول صلعم۔ کہ میں آپ کی خدمت میں بسبب اس درد کے جو میرے پاؤں میں ہوتا ہے حاضر ہونے سے عاجز رہتا ہوں، تو آپ نے اس سے فرمایا کہ تم اس تعویذ سے امام حسن علیہ السلام کا ہے کیوں غافل ہو۔ اس نے کہا فرزند رسولؐ وہ کونسا تعویذ ہے تو آپ نے فرمایا یہ ہے

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ۔۔۔ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا۔

اس مرض نے جو حضرت

سفر کے آداب

کو اکٹھا کرکے دو رکعت نماز بجا لائے اور اپنی خیریت کی خداوند عالم سے دعا کرے اور پھر ایت الکرسی اور سورہ الحمد پڑھے اور اللہ تعالٰی کی ثنا بجا لائے محمد و آل محمد پر صلوات بھیجے اور پھر یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَوْدِعُکَ الْیَوْمَ نَفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ وَوُلْدِیْ وَمَنْ کَانَ مِنِّیْ بِسَبِیْلٍ اَلشَّاھِدَ مِنْھُمْ وَالْغَائِبَ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا بِحِفْظِ الْاِیْمَانِ وَاحْفَظْ عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا فِیْ رَحْمَتِکَ وَلَا تَسْلُبْنَا فَضْلَکَ اِنَّا اِلَیْکَ رَاغِبُوْنَ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِی الْاَھْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ اِلَیْکَ ھٰذَا التَّوَجُّهَ طَلَبًا لِمَرْضَاتِکَ وَتَقَرُّبًا اِلَیْکَ اَللّٰھُمَّ فَبَلِّغْنِیْ مَا اُؤَمِّلُهٗ وَاَرْجُوْهُ فِیْکَ وَفِیْ اَوْلِیَائِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اس کے بعد اپنے اہل وعیال سے وداع کرے اور اپنے گھر کے دروازے پر کھڑے ہو کر جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام کی تسبیح پڑھے اور پھر آگے کی طرف منہ کرکے سورہ الحمد اور پھر دائیں جانب مڑکر سورہ الحمد اور پھر بائیں طرف مڑکر سورہ الحمد پڑھے اور اسی طرح ایت الکرسی کو بھی تینوں طرف پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ وَجَّھْتُ وَجْھِیْ وَعَلَیْکَ خَلَّفْتُ اَھْلِیْ وَمَالِیْ وَمَا خَوَّلْتَنِیْ وَقَدْ وَثِقْتُ بِکَ فَلَا تُخَیِّبْنِیْ یَا مَنْ لَا یُخَیِّبُ مَنْ اَرَادَهٗ وَلَا یُضَیِّعُ مَنْ حَفِظَهٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاحْفَظْنِیْ فِیْمَا غِبْتُ عَنْهُ وَلَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ پھر گیارہ دفعہ سورہ قل ہو اللہ پڑھے اور اس کے بعد ایک دفعہ سورہ انا انزلنا اور ایت الکرسی اور سورہ قل اعوذ برب الناس اور سورہ قل اعوذ برب الفلق پڑھ کر اپنے ہاتھ کو تمام بدن پر ملے اور پھر جتنا ہو سکے صدقہ دے اور یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اشْتَرَیْتُ بِھٰذِهِ الصَّدَقَةِ سَلَامَتِیْ وَسَلَامَةَ سَفَرِیْ وَمَا مَعِیَ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ وَاحْفَظْ مَا مَعِیَ وَسَلِّمْنِیْ وَسَلِّمْ مَا مَعِیَ وَبَلِّغْنِیْ وَبَلِّغْ مَا مَعِیَ بِبَلَاغِکَ الْحَسَنِ الْجَمِیْلِ سفر میں تلخ بادام کا عصا بھی ساتھ رکھے کیونکہ روایت میں ہے کہ جو سفر کو جائے اور اپنے ساتھ تلخ بادام کا عصا رکھے اور یہ پڑھے وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْیَنَ تا وَاللّٰهُ عَلٰی مَا نَقُوْلُ وَکِیْلٌ اور یہ ایت سورہ قصص کی ہے تو خداوند عالم اسے ہر درندہ حیوان اور ہر چور اور ہر زہردار حیوان سے جب تک واپس گھر نہیں آئے گا محفوظ رکھے گا اور اس کے ساتھ بہتر فرشتے رہیں گے جو اس کے لئے جب تک واپس آکر اس عصا کو نہیں رکھے گا استغفار کرتے رہیں گے سنت ہے کہ عمامہ پہن کر باہر جائے اور تحت الحنک بھی لگائے ہوئے رہے تاکہ تجھے کوئی چور اور غرق ہونے اور جلنے کی مصیبت پیش نہ آئے تھوڑی سی کربلا معلی کی خاک شفا بھی اپنے ساتھ رکھے اور اس کے ساتھ رکھنے کے وقت یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ

تعویذاتِ منقول

نے فرمایا تھا اس پر عمل کیا تو پھر اس کے پاؤں میں کبھی درد نہ ہوا

زانو کے درد کے لئے

طب الائمہ سے منقول ہے کہ جابر جعفی نے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میں امام حسین علیہ السلام کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ بنی امیہ میں سے ایک شیعہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی اے فرزند رسول میں پاؤں کے درد کی وجہ سے آپ کی خدمت میں حاضر نہیں ہو سکتا تو آپ نے فرمایا کہ تم امام حسن علیہ السلام کے تعویذ سے کیوں غافل ہو۔ اس نے عرض کی کہ اے فرزند رسول ؐ کہ وہ کون تعویذ ہے تو آپ نے

هٰذِهٖ طِينَةُ قَبْرِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلِيِّكَ وَابْنِ وَلِيِّكَ اِتَّخَذْتُهَا حِرْزًا لِمَا اَخَافُ وَمَا لَا اَخَافُ

اور عقیق اور فیروزہ کی انگوٹھی بھی پہنے اور بالخصوص عقیق زرد کی انگوٹھی کہ جس کی ایک طرف ماشاءاللہ لاقوۃ الا باللہ استغفراللہ اور دوسری طرف محمد و علی علیہ السلام نقش ہو۔ سید بن طاؤس نے امان الاخطار میں ابو محمد قاسم بن علا سے اور اس نے امام علی نقی علیہ السلام کے خادم صافی سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا کہ میں نے امام علی نقی علیہ السلام سے ان کے جد پاک جناب امام رضا علیہ السلام کی زیارت کو جانے کی رخصت طلب کی تو آپ نے فرمایا کہ اپنے ساتھ عقیق زرد کی انگوٹھی رکھنا کہ جس کی ایک طرف ماشاءاللہ لاقوۃ الا باللہ استغفراللہ اور دوسری طرف محمد و علی نقش ہو اور اگر تو اس انگوٹھی کو اپنے ساتھ رکھے گا تو چوروں اور ڈاکوؤں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اور یہ تیری سلامتی اور حفظ دین کی محافظ ہو گی وہ خادم کہتا ہے کہ جب میں وہاں سے آیا اور وہ انگوٹھی جو حضرت نے فرمائی تھی مہیا کر لی تو پھر آنحضرت کے پاس وداع کرنے کی غرض سے گیا۔ آپ سے وداع کر کے جب چلا تو کافی دور جانے کے بعد آپ نے واپس لوٹ آنے کا حکم دیا۔ جب میں واپس آیا تو آپ نے فرمایا صافی۔ میں نے عرض کی لبیک یا مولائی۔ تو آپ نے فرمایا کہ اپنے ساتھ فیروزہ کی انگوٹھی بھی رکھنا کیونکہ طوس اور نیشاپور کے درمیان ایک شیر سے تمہیں واسطہ پڑے گا جو تجھے اور تیرے قافلہ کو آگے نہیں جانے دے گا تو تو اس وقت اس شیر کے سامنے بڑھ کر یہ انگوٹھی اسے دکھلانا اور کہنا کہ میرے مولیٰ فرماتے ہیں کہ ہمارے راستے سے ہٹ جا اور دیکھنا اس فیروزہ کی ایک طرف اللہ الملک اور دوسری طرف الملک للہ الواحد القہار کندہ کرالینا کیونکہ اللہ الملک جناب امیرالمومنین علیہ السلام کی انگوٹھی کا نقش تھا اور جب آپ کے پاس ظاہری خلافت لوٹ آئی تو آپ نے الملک للہ الواحد القہار اپنی انگوٹھی پر کندہ کر لیا اور آپ کی انگوٹھی فیروزے کی تھی اور ایسا نگینہ درندوں سے امان دیتا ہے اور جنگ میں دشمن پر فتح و ظفر کا باعث ہوتا ہے۔ صافی کہتا ہے کہ میں اس سفر کو چلا گیا اور قسم بخدا جیسے میرے مولیٰ نے فرمایا تھا اسی طرح اسی جگہ شیر ہمارے راستے پر آیا اور میں نے اسی پر عمل کیا جیسے میرے آقا نے فرمایا تھا تو وہ شیر پلٹ گیا۔ اور جب میں زیارت سے فارغ ہو کر واپس لوٹا تو میں نے سارا واقعہ حضرت کی خدمت میں نقل کیا آپ نے فرمایا کہ ایک چیز رہ گئی ہے جو تو نے نقل نہیں کی۔ اگر چاہے تو تبلا دوں۔ میں نے عرض کی کہ شاید میں بھول چکا ہوں تو آپ نے فرمایا کہ جب تم رات کے وقت طوس کے نزدیک سوئے ہوئے تھے تو جنات کا گروہ

تعویذاتِ منقولہ

فرمایا ہے اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا اس شخص نے جو آپ نے فرمایا تھا اس پر عمل کیا تو اس کے بعد اس کے پاؤں سے درد جاتا رہا اور اسے پھر کبھی درد محسوس نہ ہوا نیز درد زانو کے لئے وارد ہوا ہے کہ جب نماز پڑھ چکے تو یہ کہے يَا اَجْوَدَ مَنْ اَعْطٰى يَا خَيْرَ مَنْ سُئِلَ وَيَا اَرْحَمَ مَنِ اسْتُرْحِمَ اِرْحَمْ ضَعْفِيْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ وَاَعْفِنِيْ مِنْ وَجَعِيْ پنڈلیوں کے درد کے لئے سات دفعہ اس آیت شریفہ کا پڑھنا وارد ہوا ہے۔ وَاتْلُ مَا اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهٖ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ

جناب امام رضا علیہ السلام کی زیارت کے لئے آیا تھا جب انہوں نے تیرے ہاتھ میں انگوٹھی دیکھی اور اس نقش کو دیکھا تو وہ انگوٹھی انہوں نے تیرے ہاتھ سے اتار کر وہ اپنے ایک بیمار کے پاس لے گئے اور اس کو پانی میں ڈال کر وہ پانی اپنے بیمار کو دیا تو وہ صحت یاب ہو گیا تو اس وقت انہوں نے تیری وہ انگوٹھی واپس تیرے بائیں ہاتھ میں پہنا دی حالاں کہ تو نے سوتے وقت اسے دائیں ہاتھ میں پہنی ہوئی تھی۔ تو نے اس مطلب سے بہت تعجب کیا اور تیری سمجھ میں کچھ نہ آیا اور تو نے اپنے سرہانے ایک یاقوت پایا اور اسے اٹھا لیا اور وہ آپ بھی تیرے پاس ہے، اور اسے بازار لے جا تو اسے اسی اشرفی میں بیچ سکتا ہے اور یہ یاقوت وہ جنات تیرے لئے ہدیہ لے آئے تھے۔ وہ خادم کہتے ہیں کہ میں نے اسے بازار میں اسی اشرفی میں جیسے میرے آقا نے فرمایا تھا فروخت کیا، امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص سفر میں ہر رات آیت الکرسی پڑھتا رہے تو وہ خود بھی سالم رہے گا اور جو چیز اس کے ساتھ ہے وہ بھی سالم رہے گی اور یہ بھی پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ مَسِیْرِیْ عِبَرًا وَصَمْتِیْ تَفَکُّرًا وَکَلَامِیْ ذِکْرًا امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے کہ میں جب یہ کلمات پڑھ لیتا ہوں تو پھر میں پرواہ نہیں کرتا اگرچہ میرے ضرر پہنچانے کے لئے جن و انس بھی اکٹھے ہو جائیں بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَمِنَ اللّٰہِ وَاِلَی اللّٰہِ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ وَاِلَیْکَ وَجَّھْتُ وَجْھِیْ وَاِلَیْکَ فَوَّضْتُ اَمْرِیْ فَاحْفَظْنِیْ بِحِفْظِ الْاِیْمَانِ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَمِنْ تَحْتِیْ وَادْفَعْ عَنِّیْ بِحَوْلِکَ وَقُوَّتِکَ فَاِنَّہٗ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ مؤلف کہتا ہے کہ آداب سفر کی دعائیں بہت کافی ہیں لیکن ہم چند ایک پر اکتفا کرتے ہیں، پہلے ہر آدمی کے لئے سزاوار ہے کہ جب سوار ہونے لگے تو بسم اللہ کو ترک نہ کرے، دوسرے اپنے مال و نفقہ کی چیزوں کی حفاظت کرے اور انہیں کسی محفوظ جگہ پر رکھے کیونکہ روایت میں ہے کہ مسافر کی فہم و فقہ اسی میں ہے کہ وہ نفقہ اور مصارف سفر کی حفاظت کرے، تیسرے سفر میں اپنے ساتھیوں کی مدد کرے اور ان کی خدمت اور کام کرنے میں بے اعتنائی نہ برتے تاکہ خداوند عالم اس سے بہتر غم و اندوہ کو دور کر دے اور دنیا میں اسے ہم و غم سے پناہ دے اور قیامت کے دن بہت بڑے اندوہ کو اس سے دور کر دے۔ روایت میں ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام ان لوگوں کے ساتھ سفر کرتے تھے کہ جو آنحضرت کو نہ پہچانتے ہوں تاکہ وہ جناب اپنے رفقاء سفر کی اعانت کریں اور جب جانے پہچانے آدمی کے ساتھ سفر کرتے تھے تو وہ لوگ

تعویذاتِ منقولہ

ملتحمہ آنکھ کے درد کے لئے بہت کافی روایات وارد ہوئی ہیں کہ صبح اور مغرب کی نماز کے بعد یہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَیْکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَ النُّوْرَ فِیْ بَصَرِیْ وَالْبَصِیْرَۃَ فِیْ دِیْنِیْ وَالْیَقِیْنَ فِیْ قَلْبِیْ وَالْاِخْلَاصَ فِیْ عَمَلِیْ وَالسَّلَامَۃَ فِیْ نَفْسِیْ وَالسَّعَۃَ فِیْ رِزْقِیْ وَالشُّکْرَ لَکَ اَبَدًا مَّا اَبْقَیْتَنِیْ۔ برنطی نے یونس بن ظبیان سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ آپ کی آنکھوں میں بہت شدید درد تھا کہ جس سے میں مغموم ہوا، دوسرے دن آپ کی

سفر کے آداب

آنجناب کو کام نہیں کرنے دیتے تھے، جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اخلاق کریمہ میں سے یہ تھا
کہ جب آپ اپنے اصحاب کے ساتھ سفر کرتے تھے تو جب کوئی گوسفند ذبح کرنے کا ارادہ کرتے تھے
تو ان میں ایک کہتا تھا کہ گوسفند کا ذبح کرنے میرے اوپر، دوسرا کہتا تھا کہ اس کی کھال اتارنا میرے اوپر
تیسرا کہتا تھا کہ اس کا پکانا میرے ذمہ ہے تو حضرت فرماتے تھے کہ اس کے لئے لکڑیوں کا اکٹھا کر کے لانا
میرے ذمے ہے۔ تو اصحاب عرض کرتے تھے کہ یہ کام ہم خود کر لیں گے آپ زحمت نہ فرمائیں تو آپ فرماتے
تھے کہ مجھے بھی خبر ہے کہ تم یہ کام کر لو گے لیکن میں چاہتا ہوں کہ میں تم سے کوئی خاص امتیاز دار نہ بنوں کیونکہ
اللہ تعالیٰ اس کو پسند نہیں کرتا کہ وہ کسی اپنے بندے کو دیکھے کہ وہ دوسروں پر اپنے آپ کو فضیلت دے
رہا ہے یہ جاننا چاہیئے کہ سب سے وہ شخص بوجھ ہے جس کے اعضا صحیح و سالم ہوں اور پھر وہ سستی کرے اور
اپنے کام میں مشغول نہ ہو اور وہ منتظر رہے کہ اس کے ساتھی اس کا کام کریں۔ چوتھے ایسے آدمیوں کے ساتھ سفر
کرے جو اس جیسا خرچ کرتے ہوں پانچویں کسی جگہ کا پانی جب تک سابقہ جگہ کا پانی اس میں نہ ملائے نہ پیئے
اور مسافر کے لئے سزاوار ہے کہ جہاں اس نے تربیت پائی ہے اور سکونت پذیر ہے اس جگہ کی مٹی اپنے ساتھ رکھے
اور جب کسی جگہ کا پانی پینے لگے تو پہلے اس مٹی کو برتن میں ڈال کر اس میں پانی کو خوب ملائے اور پھر اسے رکھ
دے جب مٹی بیٹھ جائے اور پانی صاف ہو جائے تو اس پانی سے پیئے۔ چھٹے اپنے اخلاق کو سدھارے اور حلم
و بردباری سے کام لے اور انشاء اللہ اس چیز کا ذکر امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے باب میں (صفحہ ۳۰۳) کچھ اور آئیگا
ساتویں اپنے سفر کے لئے خرچ اپنے ساتھ رکھے کیونکہ انسان کی شرافت سے ہے کہ وہ سفر کا توشہ اور زاد راہ اچھا
رکھے خصوصاً مکہ معظمہ کے سفر میں البتہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے سفر میں لذیذ غذائیں بریانی و حلوہ وغیرہ
محبوب نہیں ہیں جیسا کہ ان کا ذکر زیارات کے باب میں آئے گا، ابن اعثم نے اسی مطلب کو ان اشعار میں
ذکر کیا ہے۔

مِنْ شَرَفِ الْاِنْسَانِ فِی الْاَسْفَارِ
اَخْلَاقٌ زِیَادَةً عَلَی الْحَضَرِ
وَلْیَکْثِرِ الْمَرْءُ مَعَ الصَّحْبِ اِذَا
اِخْوَانُهٗ فِیْهَا اِلٰی اَنْ یَرْحَلَا

تَطْیِیْبُهُ الزَّادَ مَعَ الْاِکْثَارِ
وَلْیَدَعْ عِنْدَ الْوَضْعِ لِلْخِوَانِ
لَمْ یُخْلِطِ اللّٰهَ وَلَمْ یَجْلِبْ اَذٰی
یُمَرُّ لَیْلَتَیْنِ ثُمَّ لَیَاکُلِ

وَالْحُسْنُ الْاِنْسَانُ فِیْ حَالِ السَّفَرِ
مَنْ کَانَ حَاضِرًا اِبْنَ الْاِخْوَانِ
مَنْ جَاءَ بَلْدَةً فَقَدْ اُضِیْفَ عَلٰی
مِنْ اَکْلِ اَهْلِ الْبَیْتِ فِی الْمُسْتَقْبَلِ

تعویذات منقولہ

خدمت میں گیا تو دیکھا کہ
آپ کی آنکھوں میں بالکل
درد نہیں تھا اور آپ کی
آنکھیں بالکل اچھی ہو چکی
تھیں میں نے عرض کی میں
آپ پر فدا ہو جاؤں
آپ نے کوئی علاج کیا
تھا، آپ نے فرمایا، کہ
ہاں ایک ایسی چیز سے
علاج کیا جو معالجات
میں سے ایک قسم تھی، میں
نے کہا، کہ وہ کون سا علاج
تھا، آپ نے فرمایا کہ ایک
تعویذ کیا اور پھر وہ تعویذ
مجھے لکھ دیا اور وہ تعویذ یہ
ہے اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ
وَاَعُوْذُ بِقُوَّةِ اللّٰهِ وَ
اَعُوْذُ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ
وَاَعُوْذُ بِنُوْرِ اللّٰهِ
وَاَعُوْذُ بِعَظَمَةِ اللّٰهِ
وَاَعُوْذُ بِجَلَالِ اللّٰهِ
وَاَعُوْذُ بِجَمَالِ اللّٰهِ وَ
اَعُوْذُ بِبَهَاءِ اللّٰهِ وَ
اَعُوْذُ بِجَمْعِ اللّٰهِ میں نے
عرض کی کہ جمع اللہ کیا

آٹھویں یہ وہ مطلب ہے کہ جس کی سفر میں رعایت کرنی بہت اہم ہے اور وہ مسافر کا اپنی نماز فریضہ کا بمع شرائط اور حدود کے اول وقت میں بجا لانا ہے کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ زائرین اور حاجی حضرات راستے میں نماز کو نہیں پڑھتے یا شرائط کا خیال نہیں کرتے اور اسی گاڑی اور موٹر وغیرہ پر تیمم کر کے نجس کپڑے میں پڑھ لیتے ہیں حالانکہ یہ ان کے لئے جائز نہیں ہوتا اور یہ سب کچھ اس واسطے کرتے ہیں کہ انہیں مسائل سے واقفیت نہیں ہوتی ہے یا نماز سے بے اعتنائی کرتے ہیں حالانکہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ فریضہ نماز بیس حج سے بہتر ہے اور ایک حج ایک مکان کو سونے سے پر کر کے تمام کو اللہ کے راستہ میں صدقہ دے دیئے جانے سے بہتر ہے۔ اور سفر میں نماز کو قصر پڑھنا چاہیئے اور نماز قصر کے بعد تیس مرتبہ اس تسبیح کو ترک نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ اس کی بہت تاکید کی گئی ہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

پہلی فصل زیارات ائمہ علیہم السلام کے آداب میں ہے

آداب بہت زیادہ ہیں ہم یہاں پر چند ایک کو ذکر کرتے ہیں، پہلے زیارت کے سفر جانے سے پہلے غسل کرے۔ دوسرے راستے میں بے ہودہ و لغو کلام اور لڑائی جھگڑا اور گالی گلوچ کو چھوڑے رکھے تیسرے ہر امام علیہ السلام کی زیارت پڑھنے سے پہلے غسل کرے اور اس کا ذکر زیارت وارث سے پہلے آئے گا چوتھے حدث اکبر اور اصغر سے با طہارت ہو یعنی غسل اور وضوء کے ساتھ رہے۔ پانچویں پاک اور پاکیزہ نیا اور سفید لباس پہنے۔ چھٹے روضہ مبارک پر جانے کے وقت چھوٹے چھوٹے قدم رکھے اور بہت وقار اور آرام اور خضوع اور خشوع، سر نیچے کئے ہوئے اور ادھر ادھر نہ دیکھتے ہوئے جائے۔ ساتویں سوائے امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے باقی زیارتوں کے لئے خوشبو لگا کر جائے۔ آٹھویں حرم مطہر کی طرف جانے کے وقت اللہ کا ذکر تکبیر اور حمد اور تسبیح اور تہلیل اور تمجید اور محمد و آل محمد پر درود و صلوات پڑھتا جائے۔ نویں حرم مبارک کے دروازے پر کھڑے ہو کر اذن دخول پڑھے اور کوشش کرے کہ اسے رقت قلب اور خضوع اور خشوع ہو اور فروتنی اللہ تعالیٰ کی عظمت و جلال کا تصور حاصل ہو۔ اور اس بزرگوار کی جلالت قدر کہ جس کے سامنے کھڑا تصور کرے اور یوں سمجھے کہ وہ بزرگوار اسے دیکھ رہے ہیں اور اس کے کلام کو سن رہے ہیں اور اس کے سلام کا جواب دیتے ہیں اور اس مطلب کی تائید وہ اذن دخول کرتا ہے جو اس وقت زائر کو پڑھنا ہوتا ہے اور ان کی

تعویذات منقولہ

ہے تو آپ نے یہ فرمایا بِكُلِّ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِعَفْوِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِغُفْرَانِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ وَ اَعُوْذُ بِالْاَئِمَّةِ اور اس کے بعد ہر ایک ائمہ کا اسم گرامی لیا اور اس کے بعد یہ فرمایا عَلٰی مَا نَشَاءُ وَ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْمُطِيْعِيْنَ نیز آنکھوں کے درد کے لئے وارد ہوا ہے کہ آیۃ الکرسی پڑھے اور دل میں نیت آنکھوں کے اچھے ہونے کی کرے اور آیۃ الکرسی کے پڑھنے سے پہلے ہاتھ کو آنکھوں پر رکھے اور یہ پڑھے۔ اُعِيْذُ نُوْرَ بَصَرِيْ بِنُوْرِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يُطْفَأُ تو لکھا ہے۔ کہ آنکھوں کے ضعف کے لئے فائدہ مند ہے۔

آنکھوں کے ضعف شب کوری کے لئے وارد

زیارات کے آداب

محبت اور لطف بھی یہی بتلاتا ہے جو اپنے شیعوں سے کرتے اور رکھتے ہیں اور زائر کو اپنے حالات میں غور وفکر کرنا چاہیئے اور اپنی خرابیوں اور ان مخالفتوں کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے کہ جو اس نے ان ذوات مقدسہ کی کی ہیں اور ان اذیتوں اور تکالیف کو نگاہ میں لائے جو اس نے ان حضرات اور اللہ کے پاک باز انسانوں اور ان کے شیعوں کے حق میں کی ہیں کیونکہ ان کے دوستوں کو تکالیف بنانا بحقیقت میں ان ذوات مقدسہ کو آزار پہنچانا ہے واقعاً اگر انسان ان چیزوں کا خیال کرے تو اس کے قدم آگے بڑھنے سے رکیں گے اور اس کا دل خوفزدہ اور آنکھیں اشکبار ہوں گی اور یہی تمام آداب کی حقیقی روح ہے زائر کو ملتفت رہنا چاہیئے کہ وہ امام علیہ السلام کی زیارت کے جانے کے وقت فعل حرام نہ کرے جیسا کہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ زائر حرم کے جانے سے پہلے ڈاڑھی منڈاتے ہیں حالانکہ یہ فعل ہے کہ جس سے امام کے دل پر ضرب کاری لگتی ہے جیسا کہ کسی نے امام حسین علیہ السلام کو خواب میں دیکھا تھا کہ اس سے امام علیہ السلام نے فرمایا کہ جب تم اپنے وطن ڈاڑھی منڈاتے ہو تو ہمارے دل پر ضرب کاری اور زخم لگاتے ہو کیا تم مجھے کربلا معلی آکر میرے دل پر وار کرنے اور زخم لگانے آئے ہو لہذا انسان ڈاڑھی منڈوا کر بجائے امام علیہ السلام کے سلام کے جواب کے یہ جواب نہ لے کہ حضور فرمائیں نکل جا اور تیرے اوپر لعنت ہو اور زائر کو تاش وغیرہ ریڈیو کے راگ و دیگر لغویات کو سفر زیارت میں ترک کرنا چاہیئے ۔ التماس دعا مترجم) اور کتنا ہی اچھا لگتا ہے سخاوی کے عربی اشعار یہاں نقل کر دیئے جائیں ۔

قَالُوا غَداً نَأْتِي دِيَارَ الحِمَى | وَيَنْزِلُ الرَّكْبُ بِمَغْنَاهُمُ | فَكُلُّ مَنْ كَانَ مُطِيعاً لَهُمْ
أَصْبَحَ مَسْرُوراً بِلُقْيَاهُمُ | قُلْتُ فَلِي ذَنْبٌ فَمَا حِيلَتِي | بِأَيِّ وَجْهٍ أَتَلَقَّاهُمُ
قَالُوا أَلَيْسَ العَفْوُ مِنْ شَأْنِهِمْ | لَا سِيَّمَا عَمَّنْ تَرَجَّاهُمُ | فَجِئْتُهُمْ أَسْعَى إِلَى بَابِهِمْ

أَرْجُوهُمُ طَوْراً وَأَخْشَاهُمُ

علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے بحار الانوار میں ایک روایت عیون المعجزات سے نقل کی ہے کہ ابراہیم جمال جو شیعان علی امیر المومنین علیہ السلام سے تھے اس نے چاہا کہ علی بن یقطین رضی اللہ عنہ جو ہارون رشید کا وزیر تھا اس سے ملاقات کرے ۔ چونکہ ابراہیم ساربان تھا اور وہ وزیر تھے اور اس کی ظاہری شان اتنی نہ تھی کہ وہ وزیر کے دربار میں حاضر ہو تو اسے کسی نے علی بن یقطین رحمۃ اللہ علیہ کے پاس جانے نہ دیا ۔ اسی

تعویذاتِ منقول

ہوا ہے کہ آیت نور کو کسی کاسہ پر عطر لکھ کر پانی سے دھووے اور کسی بوتل وغیرہ میں بند کرکے محفوظ کرے اور پھر میل (یعنی سرمچوں) سے آنکھ میں لگاتا رہے روایت میں ہے کہ جو شخص قرآن کو دیکھ کر پڑھے اپنی آنکھوں سے فائدہ اٹھاتا رہے گا ۔ اور یہ بھی وارد ہوا ہے کہ جو شخص ہر روز فجعلناہ سمیعا بصیرا پڑھے آنکھوں کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا ۔ شیخ کفعمی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ آنکھوں کے درد اور دوسرے اعضائے کے درد کے لئے جناب امام موسی کاظم علیہ السلام سے توسل پکڑنا مجرب ہے نکسیر کیلئے برف کا پانی سر اور ماتھے پر ڈالے

بطلان سحر کا تعویذ

جناب امیر المومنین

علی بن یقطین کا قصہ

سال علی بن یقطین حج کرنے کے لئے گئے اور بعد میں مدینہ منورہ بھی آئے تو اس نے چاہا کہ اپنے امام جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں بھی حاضر ہو، اجازت طلب کی تو امام علیہ السلام نے اسے اجازت نہ دی۔ دوسرے دن اس کی ملاقات حضرت سے دروازے پر ہو گئی تو عرض کرنے لگے کہ اے میرے آقا مجھ سے کونسا قصور ہو گیا ہے کہ مجھے آپ نے اپنے پاس آنے کی اجازت مرحمت نہیں فرمائی تھی تو آپ نے فرمایا کہ اس کا سبب یہ ہے کہ تو نے اپنے ایک بھائی ابراہیم جمّال کو اپنے پاس نہیں آنے دیا تھا اور اللہ تعالیٰ تیری سعی اور کوشش کو قبول کرنے سے انکار فرماتا ہے جب تک کہ تجھے ابراہیم معاف نہ کرے۔ علی بن یقطین عرض کرنے لگے، اے میرے آقا میں ابراہیم سے اس وقت کہاں مل سکتا ہوں۔ میں اب مدینہ میں ہوں اور وہ کوفہ میں ہے آپ نے فرمایا کہ جب رات ہو جائے تو تو اکیلا بقیع چلا جا اور تیرے جانے کا تیرے غلام اور رفقاء کو پتہ نہ چلے، وہاں تجھے ایک اونٹ مع پلان کے نظر آئے گا اس اونٹ پر سوار ہو جانا اور کوفہ چلے جانا، علی بن یقطین رات کو تنہا بقیع گئے اور وہاں اسی طرح کا اونٹ دیکھا اس پر سوار ہوا اور ذرا سی دیر میں کوفہ ابراہیم جمال کے دروازے پر پہنچ گئے اونٹ کو بٹھلایا اور ان کا دروازہ کھٹکھٹایا، ابراہیم نے کہا کون ہے، تو انہوں نے جواب دیا کہ میں علی بن یقطین ہوں وہ کہنے لگے کہ علی بن یقطین کو میرے دروازے پر کیا کام ہے تو آپ کہنے لگے تو باہر تو آ کہ میرا معاملہ بہت بڑا ہے اور اسے قسم دینے لگے کہ تو مجھے اندر آنے کی اجازت دے، جب اندر گئے تو کہنے لگے اے ابراہیم میرے مولیٰ اور آقا نے مجھے حکم دیا ہے کہ تیرا عمل قبول نہیں ہو گا جب تک تجھ سے ابراہیم راضی نہیں ہو گا۔ وہ کہنے لگا کہ خدا تجھے عفو فرمائے یعنی میں نے تجھے معاف کیا لیکن علی ابن ابراہیم نے اس پر اکتفا نہیں کی) بلکہ اپنے چہرے کو خاک پر رکھ دیا اور ابراہیم کو قسم دی کہ اپنے پاؤں کو میرے چہرے پر رکھ کر خوب ملے اور دبائے (یعنی تاکہ میرے تکبر کا نتیجہ معلوم ہو) ابراہیم نے اس کام کو کرنے سے انکار کیا اور علی بن یقطین اسے قسم دیتے تھے کہ وہ ایسے ہی کرے، ابراہیم نے اپنے پاؤں کو علی بن یقطین کے چہرے پر رکھ کر اسے ملا اور علی بن یقطین اس وقت کہہ رہا تھا کہ اے میرے اللہ تو گواہ رہنا، اس کے بعد وہاں سے آیا اور اونٹ پر سوار ہو کر اسی رات مدینہ واپس پہنچا اور اونٹ کو امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے دروازے پر بٹھایا تو اس وقت آپ نے اسے اندر آنے کی اجازت مرحمت فرمائی تو اس کے بعد حضرت نے ان چیزوں کو قبول کیا جو وہ آپ کو دینا چاہتا تھا، اس خبر کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مومن بھائیوں کے کتنے حقوق

تعویذاتِ منقولہ

علیہ السلام سے روایت ہے کہ ہرن کی پوست پر یہ لکھ کر اپنے ساتھ رکھے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ وَمَا شَاءَ اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ

دفع شیاطین اور جادوگران کے لئے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وارد ہے کہ آیت سخرہ کو جو یہ ہے پڑھے اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا

ہیں لیکن آجکل زمانے کے شیعوں کے حالات دیکھئے کہ وہ مومن بھائیوں سے کیا معاملہ کر رہے ہیں کیا ہم سے ائمہ علیہ السلام ہمارے اسی کردار پر راضی ہونگے، دسویں روضہ مبارکہ کی عتبہ بوسی کرے یعنی چوکھٹ کو فقط بوسہ دے شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر زائر اللہ تعالیٰ کے شکرانہ کا سجدہ کرے کہ اس ذات نے اسے اس مقام پر پہنچنے کی توفیق عطا فرمائی تو بہتر ہے لیکن یہ سجدہ شکر خدا کا ہونا چاہیئے نہ کہ سجدہ امام کو تعظیمی کیونکہ اللہ کے سوا کسی کو سجدہ نہیں کیا جا سکتا نہ تعظیمی نہ غیر تعظیمی بعض جاہلوں نے جو یہ مسلک بنا کر عوام کو گمراہ کر رہے ہیں کہ امام علیہ السلام کا سجدہ تعظیمی جائز ہے وہ کفر ہے مذہب شیعہ ان چیزوں سے پاک و مبرا ہے گیارہویں حرم مبارک کے داخل ہونے کے وقت پہلے دائیں پاؤں کو اندر رکھے اور نکلنے کے وقت پہلے بائیں پاؤں کو باہر نکالے جیسا کہ مسجد کا حکم ہے۔ بارہویں ضریح مبارک کے پاس اتنا قریب جائے کہ اپنے آپ کو اس سے لپٹا سکے اور یہ گمان کرنا کہ ضریح سے دور کھڑا ہونے میں ادب ہے یہ باطل ہے کیونکہ ضریح مبارک کو بوسہ دینا اور اس پر سہارہ لینا وارد ہوا ہے۔ تیرہویں زیارت پڑھنے کے وقت قبلہ کی طرف پشت کرکے اپنا منہ قبر مبارک کی طرف کرکے زیارت پڑھے اور بظاہر یہ ادب صرف معصوم علیہ السلام کی قبر مبارک کی زیارت کے ساتھ خاص ہے اور جب زیارت سے فارغ ہو جائے تو دائیں حصّہ کو ضریح سے لگا کر تضرع اور زاری کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اور اسی طرح پھر بائیں حصہ کرکے دعا مانگے اور اللہ تعالیٰ کو صاحب قبر کا واسطہ دے کر دعا مانگے کہ خداوند عالم قیامت کے دن اس قبر کے معصوم علیہ السلام کو اس کی شفاعت کرنے والا قرار دے دعا کرنے میں خوب ہمت سے کام لے اور دیر تک توجہ کے ساتھ دعا کرتا رہے اور جب اس سے فارغ ہو جائے تو پھر سر مبارک کی طرف جا کر قبلہ رخ ہو کر دعا مانگے۔ چودہویں اگر کوئی عذر زیارت کو کھڑے ہو کر پڑھنے سے مثل کمر کے درد یا پاؤں کا درد یا ضعف وغیرہ ہو تو بیٹھ کر پڑھے۔ پندرہویں جب قبر مطہر کو دیکھے تو تکبیر یعنی اللہ اکبر زیارت کے پڑھنے سے پہلے کہے کیونکہ ایک روایت میں ہے کہ جو شخص امام علیہ السلام کے سامنے تکبیر کہے اور لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ پڑھے تو اس کے لئے اللہ کی بڑی رضوان لکھی جائے گی۔ سولہویں وہ زیارتیں پڑھے جو ائمہ علیہم السلام سے روایت ہوئی ہیں اور اپنی بنائی یا کسی کی بنائی ہوئی زیارتوں کے پڑھنے سے اجتناب کرے جو بعض بیوقوفوں نے زیارتوں سے کچھ لکھ کر اختراع کی ہیں اور بیوقوفوں کو اسی کے پڑھنے میں مشغول رکھتے

تعویذات منقولہ

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ تَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَطَمَعًا إِنَّ رَحْمَتَ اللَّهِ قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِينَ بعض روایات میں ہے۔ کہ تبارک اللہ رب العالمین تک پڑھے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے منقول ہے کہ اسفند کے ہر درخت اور پتوں اور دانوں پر ایک فرشتہ موکل ہے جو اس پر رہتا ہے جب تک وہ بوسیدہ نہیں ہو جاتا اس درخت کی جڑیں اور ٹہنیاں غم اور سحر کو دور کرتی ہیں اور اس کے دانوں میں ستر

شیطان کے دُور ہونیکا تعوید

دردوں کی شفا ہے پس تسبیں اسفند کندر کے ساتھ دوا کرنی چاہیئے۔ امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ نے ایک آسیب زدہ کو دیکھا اور ایک کاسہ پانی کا طلب فرما کر اس پر الحمد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھا اور اسے اس کے منہ اور سر پر ڈالنے کو فرمایا اور وہ ہوش میں آگیا۔ اور آپ نے فرمایا کہ یہ تجھے پھر کبھی نہ ہوگا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جب جن پتھر مارے تو اسی پتھر کو لے کر ادھر پھینکیں جہاں سے وہ آیا ہو اور یہ کہے حَسْبِیَ اللّٰہُ وَکَفٰی وَسَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ دَعَا لَیْسَ وَرَآءَ اللّٰہِ مُنْتَھٰی جنوں کے شر سے

ہیں (جیسا کہ بعض خداموں نے زائروں سے جلدی نذر و نیاز و روپیہ بٹورنے کی غرض سے مختصر زیارتیں غلط ملط اعراب سے بنا رکھی ہیں زائر کو سوائے زیارت پڑھانے کی اجرت کے اور کوئی مال نذر و نیاز و خمس وغیرہ کا خداموں کو دینے سے اجتناب کرنا چاہیئے اور اس سے پہلے مجتہد جامع الشرائط سے مسئلہ پوچھ لے جیسے وہ فرمائے ویسے مال کو وہیں پر ہی خرچ کرے اور خدام کے بھانسے میں نہ آئے، شیخ کلینی رحمۃ اللہ علیہ نے عبدالرحیم قصیر سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ اے میرے آقا میں نے اپنی طرف سے ایک دعا بنائی ہوئی ہے تو آپ نے فرمایا مجھے اپنی بنائی ہوئی دعاؤں کو چھوڑ یعنی یہ فضول ہیں، جب تجھے کوئی حاجت درپیش ہو تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگ اور دو رکعت نماز پڑھکر جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ہدیہ کر۔ سترھویں۔ زیارت کے بعد نماز زیارت بجا لائے اور وہ کم از کم دو رکعت نماز ہوتی ہے، شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر زیارت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہو تو نماز زیارت کو آپ کے روضہ قدس میں بجا لائے اور اگر کسی دوسرے امام علیہ السلام کی ہو تو پھر نماز زیارت کو بالائے سر مبارک بجا لائے اور اس دو رکعت نمازِ زیارت کو مسجد میں بجا لانا بھی جائز ہے، علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ میرے گمان میں نماز زیارت کو اور دوسری نمازوں کو بالائے سر بجا لانا بہتر ہے اور اور علامہ بحر العلوم نے بھی درہ میں اسی مطلب کو نظم کیا ہے

وَمِنْ حَدِیْثِ کَرْبَلَا وَالْکَعْبَۃِ	لِکَرْبَلَا بَانَ عُلُوُّ الرُّتْبَۃِ	وَغَیْرُھَا مِنْ سَائِرِ الْمَشَاھِدِ
اَمْثَالُھَا بِالنَّقْلِ ذِی الشَّوَاھِدِ	وَمِنْ اعرفِھِنَّ اقْتِرَابُ الرَّمْسِ	وَآثِرِ الصَّلٰوۃَ عِنْدَ الرَّاْسِ
وَصَلِّ خَلْفَ الْقَبْرِ فَالصَّحِیْحُ	کَغَیْرِہٖ فِیْ نَدْبِھَا صَرِیْحُ	وَالْفَرْقُ بَیْنَ ھٰذِہِ الْقُبُوْرِ
وَغَیْرِھَا کَالنُّوْرِ فَوْقَ الطُّوْرِ	فَالسَّعْیُ لِلصَّلٰوۃِ عِنْدَھَا نُدِبْ	وَقُرْبُھَا بَلِ اللُّصُوْقُ قَدْ طُلِبْ

اٹھارھویں اگر کسی نمازِ زیارت کی مخصوص کیفیت موجود نہ ہو تو پھر نماز زیارت کی دو رکعت میں پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ یٰسین اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الرحمن پڑھے اور نمازِ زیارت کے بعد جو دعا وارد ہوئی ہے اسے بھی پڑھے یا جو دل میں اپنی دنیا اور آخرت کے لئے چاہتا ہو دعا کرے اور بہتر ہے کہ عوام مومنین کے لئے دعا مانگے کیونکہ اس کا قبول ہونا زیادہ یقینی ہے۔

زیارت کے آداب

(لہٰذا بندہ مترجم کے خاتمہ بالخیر اور اہلبیت علیہ السلام کے ساتھ محشور ہونے کی دعا ضرور طلب فرمائیے خداوند عالم آپکی دعاوں کو قبول کرے آمین) انیسویں شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جب تو حرم مبارک میں داخل ہو اور وہاں پر نماز جماعت پڑھی جا رہی ہو تو پہلے نماز جماعت کے ساتھ شریک ہو کر نماز فریضہ پڑھے اور اس کے بعد نماز زیارت بجالائے اسی طرح نماز جماعت کے لئے زیارت پڑھنے کو بھی ترک کرے اور پھر جماعت سے فارغ ہونے کے بعد زیارت بجالائے خواہ نماز جماعت اس کے زیارت پڑھنے کے وسط میں ہی برپا ہو جائے کیونکہ زیارت پڑھنے والے کو زیارت کا نماز جماعت کے لئے چھوڑ دینا مستحب ہے، حرم کے متولی اور منتظم کو چاہیئے کہ وہ لوگوں کو نماز جماعت کا حکم دے، بیسویں، شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے آداب زیارت سے قرآن مجید کا ضریح مقدس کے قریب تلاوت کرنے کو بھی شمار کیا ہے اور پھر اس کو اس روح مقدس کے لئے ہدیہ کرے کہ جس کی زیارت کر رہا ہے کیونکہ اس کا فائدہ خود زائر کو پہنچتا ہے اور پھر اس کی تعظیم بھی ہے کہ جس کی زیارت کر رہا ہے، اکیسویں زائر کو نازیبا بات اور لغو و بیہودہ کلام اور دنیاوی باتوں کو ترک کر دینا چاہیئے، کیونکہ یہ چیزیں عام حالات میں بھی مکروہ ہیں اور رزق سے مانع اور قساوت قلب کا موجب ہوتی ہیں خصوصاً ان مطہر اور پاکیزہ مقامات اور روضوں میں خداوند عالم نے ان حضرات طاہرین کی تعظیم اور بزرگی کی خبر سورہ نور میں بیان فرمائی ہے کہ اذن اللہ ان ترفع الخ بائیسویں زیارت پڑھنے کے وقت اپنی آواز کو بلند نہ کرے تیئسویں جب اس شہر سے کہ جس میں امام علیہ السلام کی زیارت کو گیا ہے باہر وطن کو یا کسی دوسری جگہ جانا چاہے تو امام علیہ السلام کو وداع کرے اور زیارت وداع جو نقل ہوئی ہیں اسے پڑھے۔ چوبیسویں اپنے گناہوں سے توبہ اور استغفار کرے اور زیارت سے واپس آنے کے بعد اپنے کردار اور اخلاق اور اعمال کو سدھارے اور بہتر بنائے تاکہ زیارت سے پہلے اور بعد نمایاں فرق معلوم ہو جائے، پچیسویں استان مقدس کے خداموں کی اپنے وسعت کے مطابق خدمت بجالائے لیکن اس مال سے جن کے وہ مستحق نہیں ہیں انہیں کچھ نہ دے بلکہ اپنی طرف سے جو ہو سکے ان کی خدمت کرے اور ستان مقدس کے خداموں کے لئے سزاوار بھی ہے کہ وہ صالح اور دین دار اور صاحب مروت و اخلاق ہیں اور زائرین سے جو کچھ تکالیف انہیں پہنچیں انہیں تحمل کریں اور ان سے غم و غصہ کا اظہار نہ کریں اور ان پر سختی و درشتی نہ کریں اور ان کی حاجت کے پورا کرنے میں کوشش کریں اور غریبوں کی راہ نمائی کریں در

نظر کا تعویذ

محفوظ رہنے کے لئے گھر میں مرغی اور مرغ اور کبوتر اور بھیڑ کا رکھنا مفید ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے۔ کہ سفر اور بیابان اور خطرناک مقامات میں جنات کے خطرے کے لئے اپنے ہاتھ کو سر پر رکھکر بلند آواز سے یہ پڑھے أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ اور باواز بلند آذان کا پڑھنا بیابان اور ڈراونے مقامات میں بھی وارد ہوا ہے زخم چشم یعنی نظر کیلئے وان یکاد الذین تا آخر پڑھنا وارد ہوا ہے۔ نیز امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جب تجھے ڈر ہو کہ

زیارت کے آداب

ان کی حفاظت کریں۔ خلاصہ خدآموں کو حقیقی معنی میں خادم ہونا چاہیئے نہ کہ لوگوں کے لئے موجب نفرت اور حقارت بنیں شریعت کی پابندی کریں اور قوانین کا احترام بجا لائیں پھیپیوں وہاں پر جو مجاور فقراء موجود ہوں ان پر احسان کریں بالخصوص سادات کرام و علمائے اعلام و طلبہ دینیات جنہوں نے حقیقت میں ان مقامات کو آباد کیا ہوا ہے اور خدمت علم و دین میں مشغول ہیں ان کو اپنے حقوق و دیگر احسانات سے نوازیں ستائیں نہ۔

شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب زیارت کر چکے تو واپس لوٹنے کی اور وہاں سے چلے جانے میں جلدی کرے اور پھر دوبارہ آنے کا شوق دل میں لے کر جائے۔ اور جب عورتیں زیارت کر رہی ہوں تو مردوں کو ان سے علیحدہ ہو کر زیارت کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے اور عورتوں کو بھی مردوں سے علیحدہ ہو کر زیارت کرنی چاہیئے اور اگر عورتیں رات کو زیارت کریں تو زیادہ بہتر ہے اور عورتوں کو عمدہ اور اچھا لباس پہن کر حرم میں نہیں جانا چاہیئے تاکہ لوگ انہیں پہچان نہ سکیں اور مخفی طور پر باہر آئیں تاکہ کوئی انہیں بہت بڑا تصور نہ کرے بلکہ اپنی ہیئت بزرگی کو پستی و الالباس پہن کر تبدیل کریں۔ مؤلف کہتا ہے کہ ان کلمات سے معلوم ہوتا ہے کہ جو موجودہ زمانہ میں رواج ہو گیا ہے کہ عورتیں بناوٹ اور سجاوٹ کرکے اور عمدہ لباس پہن کر زیارت کے عنوان سے گھروں سے باہر آتی ہیں اور حرم میں مردوں کے ساتھ شانہ بشانہ نامحرموں میں گھل مل کر زیارت کرتی ہیں اور بعض اوقات مردوں کے آگے بیٹھ کر ان لوگوں کی عبادت میں موجب خلل اور بدحواسی ہوتی ہیں اور ان کے گریہ و بکا اور تضرع اور زاری سے مانع ہوتی ہیں بلکہ ان لوگوں میں داخل ہوتی ہیں جو اللہ کے راستے سے مانع ہوتے ہیں یہ بہت قبیح اور برا فعل ہے۔ بلکہ اس قسم کی زیارت شرعاً ناپسندیدہ ہے عبادت و ثواب کا موجب نہیں ہے۔ لہٰذا بہت احتیاط کی ضرورت ہے کہ ثواب کی بجائے عقاب لیکر نہ آئیں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام عراق والوں سے فرماتے تھے، کہ اے عراقیو۔ مجھے یہ بتلایا گیا ہے کہ تمہاری عورتیں راستوں میں مردوں سے ملتی اور مصادف ہوتی رہتی ہیں کیا اس حرکت سے تمہیں حیا اور شرم نہیں آتی خدا اس شخص پر لعنت کرتا ہے جسے غیرت نہ آئے۔

من لایحضرہ الفقیہ میں اصبغ بن نباتہ نے جناب امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ میں نے آپ سے سنا کہ آپ فرماتے تھے کہ آخر زمان میں قیامت کے قریب جو سب زمانوں سے بدتر ہوگا عورتیں ننگی کھلے منہ، دین سے بے بہرہ فتنہ و فساد میں دخیل، شہوات کی طرف مائل لذتوں کی طرف

نظر کا تعویذ

تیری نظر کسی کو لگے گی یا کسی کی نظر تجھے لگے گی تو تین دفعہ یہ پڑھے مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ وارد ہوا ہے کہ جب کوئی اپنے آپ کو زیب و زینت دے تو جب اپنے گھر سے باہر آئے تو دو قل یعنی قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے تاکہ اسے کوئی چیز اللہ کے اذن سے ضرر نہ پہنچا سکے۔ نیز زخم چشم کے لئے وارد ہوا ہے کہ ہاتھوں کو منہ کے سامنے کرکے سورہ الحمد اور توحید اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے اور پھر ہاتھوں کو سر کے اگلے حصے سے اوپر کی طرف کھینچے۔ نیز زخم چشم

جلد جانے والی اور حرام چیزوں کو حلال سمجھنے والی ہونگیں اور جو ہمیشہ جہنم میں رہیں گی۔ اٹھائیسویں جب زوار بہت زیادہ ہوں تو جو لوگ ضریح کے پاس پہلے پہنچے ہوئے ہوں انہیں زیارت سے جلدی فارغ ہو جانا چاہیئے تاکہ دوسرے لوگ بھی زیارت ضریح مقدس کے ثواب پر فائز ہو سکیں۔ مؤلف کہتا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے باب میں کچھ اور آداب بھی ذکر کئے جائیں گے کہ جنہیں زائر کو بجا لانا چاہیئے۔

دُوسری فصل تمام حرم مُبارک کے اذن دخول میں ہے

یہاں پر دو اذن دخول یعنی حرم کے اندر جانے سے پہلے پڑھنا چاہیئے ذکر کئے جاتے ہیں پہلے شیخ کفعمی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسجد کے اندر یا ائمہ میں سے کسی امام علیہ السلام کے حرم کے اندر جانے کا ارادہ کرے تو پہلے یعنی دروازے پر کھڑے ہو کر یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّی وَقَفْتُ عَلٰی بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ بُیُوْتِ نَبِیِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَقَدْ مَنَعْتَ النَّاسَ اَنْ یَدْخُلُوْا اِلَّا بِاِذْنِهٖ فَقُلْتَ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّا اَنْ یُؤْذَنَ لَكُمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعْتَقِدُ حُرْمَةَ صَاحِبِ هٰذَا الْمَشْهَدِ الشَّرِیْفِ فِیْ غَیْبَتِهٖ كَمَا اَعْتَقِدُهَا فِیْ حَضْرَتِهٖ وَاَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَكَ وَخُلَفَاۤئَكَ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ اَحْیَاۤءٌ عِنْدَكَ یُرْزَقُوْنَ یَرَوْنَ مَقَامِیْ وَیَسْمَعُوْنَ كَلَامِیْ وَیَرُدُّوْنَ سَلَامِیْ وَاَنَّكَ حَجَبْتَ عَنْ سَمْعِیْ كَلَامَهُمْ وَفَتَحْتَ بَابَ فَهْمِیْ بِلَذِیْذِ مُنَاجَاتِهِمْ وَاِنِّیْ اَسْتَاْذِنُكَ یَا رَبِّ اَوَّلًا وَاَسْتَاْذِنُ رَسُوْلَكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ ثَانِیًا وَاَسْتَاْذِنُ خَلِیْفَتَكَ الْاِمَامَ الْمَفْرُوْضَ عَلَیَّ طَاعَتُهٗ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ اور لفظ فلان کی جگہ اس امام علیہ السلام کے بمع والد ماجد کے اسم گرامی کا ذکر کرے کہ جس کی زیارت کے لئے اندر جا رہا ہے مثل اگر امام حسین علیہ السلام کی زیارت کے لئے حرم میں جا رہا ہے تو لفظ فلاں کی جگہ یوں کہے حسین بن علی علیہما السلام اسی طرح دوسرے اماموں کی زیارت کے وقت اس امام کا بمع والد ماجد کے مثلاً علی بن موسی الرضا علیہما السلام وغیرہ ذکر کرے اور پھر یہ پڑھے وَالْمَلٰۤئِكَةَ الْمُوَكَّلِیْنَ بِهٰذِهِ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ ثَالِثًا ءَاَدْخُلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ءَاَدْخُلُ یَا حُجَّةَ اللّٰهِ ءَاَدْخُلُ یَا مَلٰۤئِكَةَ اللّٰهِ الْمُقَرَّبِیْنَ الْمُقِیْمِیْنَ فِیْ هٰذَا الْمَشْهَدِ فَاْذَنْ لِیْ یَا مَوْلَایَ فِی الدُّخُوْلِ اَفْضَلَ مَا اَذِنْتَ لِاَحَدٍ

نظر کا تعویذ

کا یہ تعویذ بھی ہے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ مَطَرٍ حَابِسٍ وَحَجَرٍ یَابِسٍ وَلَیْلٍ دَامِسٍ وَرَطْبٍ وَیَابِسٍ رُدَّ عَیْنَ الْعَائِنِ عَلَیْهِ فِیْ كَبِدِهٖ وَنَحْرِهٖ وَمَالِهٖ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ

ایک اور تعویذ

اَللّٰھُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِیْمِ وَالْوَجْهِ الْكَرِیْمِ ذَا الْكَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَالدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ فُلَانَ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ

یہ وہ تعویذ ہے جو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسنین علیہم السلام کے لئے

مِنْ اَوْلِیَآئِکَ فَاِنْ لَمْ اَکُنْ اَھْلاً لِذٰلِکَ فَاَنْتَ اَھْلٌ لِذٰلِکَ اس کے بعد چوکھٹ کا بوسہ لیکر اندر داخل ہوتے وقت یہ پڑھا جائے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ دوسرا اذنِ دخول یہ ہے کہ علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے علمائے کرام کی قدیم کتابوں سے سرداب مقدس یا کسی امام علیہ السلام کے حرم کے اندر داخل ہونے کے لئے فرمایا ہے کہ یہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذِہٖ بُقْعَۃٌ طَھَّرْتَھَا وَعَقْوَۃٌ شَرَّفْتَھَا وَمَعَالِمُ زَکَّیْتَھَا حَیْثُ اَظْھَرْتَ فِیْھَا اَدِلَّۃَ التَّوْحِیْدِ وَاَشْبَاحَ الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْتَھُمْ مُلُوْکاً لِحِفْظِ النِّظَامِ وَاخْتَرْتَھُمْ رُؤَسَآءَ لِجَمِیْعِ الْاَنَامِ وَبَعَثْتَھُمْ لِقِیَامِ الْقِسْطِ فِی ابْتِدَآءِ الْوُجُوْدِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ثُمَّ مَنَنْتَ عَلَیْھِمْ بِاسْتِنَابَۃِ اَنْبِیَآئِکَ لِحِفْظِ شَرَآئِعِکَ وَاَحْکَامِکَ فَاَکْمَلْتَ بِاسْتِخْلَافِھِمْ رِسَالَۃَ الْمُنْذِرِیْنَ کَمَا اَوْجَبْتَ رِیَاسَتَھُمْ فِیْ فِطَرِ الْمُکَلَّفِیْنَ فَسُبْحَانَکَ مِنْ اِلٰہٍ مَآ اَرْاَفَکَ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ مِنْ مَلِکٍ مَآ اَعْدَلَکَ حَیْثُ طَابَقَ صُنْعُکَ مَا فَطَرْتَ عَلَیْہِ الْعُقُوْلَ وَوَافَقَ حُکْمُکَ مَا قَرَّرْتَہٗ فِی الْمَعْقُوْلِ وَالْمَنْقُوْلِ فَلَکَ الْحَمْدُ عَلٰی تَقْدِیْرِکَ الْحَسَنِ الْجَمِیْلِ وَلَکَ الشُّکْرُ عَلٰی قَضَآئِکَ الْمُعَلَّلِ بِاَکْمَلِ التَّعْلِیْلِ فَسُبْحَانَ مَنْ لَّا یُسْئَلُ عَنْ فِعْلِہٖ وَلَا یُنَازَعُ فِیْ اَمْرِہٖ وَسُبْحَانَ مَنْ کَتَبَ عَلٰی نَفْسِہِ الرَّحْمَۃَ قَبْلَ ابْتِدَآءِ خَلْقِہٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ مَنَّ عَلَیْنَا بِحُکَّامٍ یَقُوْمُوْنَ مَقَامَہٗ لَوْ کَانَ حَاضِراً فِی الْمَکَانِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الَّذِیْ شَرَّفَنَا بِاَوْصِیَآءَ یَحْفَظُوْنَ الشَّرَآئِعَ فِیْ کُلِّ الْاَزْمَانِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ الَّذِیْ اَظْھَرَھُمْ لَنَا بِمُعْجِزَاتٍ یَعْجِزُ عَنْھَا الثَّقَلَانِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ اَجْرَانَا عَلٰی عَوَآئِدِہِ الْجَمِیْلَۃِ فِی الْاُمَمِ السَّالِفِیْنَ اَللّٰھُمَّ فَلَکَ الْحَمْدُ وَالثَّنَآءُ الْعَلِیُّ کَمَا وَجَبَ لِوَجْھِکَ الْبَقَآءُ السَّرْمَدِیُّ وَکَمَا جَعَلْتَ نَبِیَّنَا خَیْرَ النَّبِیِّیْنَ وَمُلُوْکَنَا اَفْضَلَ الْمَخْلُوْقِیْنَ وَاخْتَرْتَھُمْ عَلَی الْعَالَمِیْنَ وَفِّقْنَا لِلسَّعْیِ اِلٰٓی اَبْوَابِھِمُ الْعَامِرَۃِ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ وَاجْعَلْ اَرْوَاحَنَا تَحِنُّ اِلٰی مَوْطِیئِ اَقْدَامِھِمْ وَنُفُوْسَنَا تَھْوِی النَّظَرَ اِلٰی مَجَالِسِھِمْ وَعَرَصَاتِھِمْ حَتّٰی کَاَنَّنَا نُخَاطِبُھُمْ فِیْ حُضُوْرِ اَشْخَاصِھِمْ فَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْھِمْ مِنْ سَادَۃٍ غَآئِبِیْنَ وَمِنْ سُلَالَۃٍ طَاھِرِیْنَ وَمِنْ اَئِمَّۃٍ مَعْصُوْمِیْنَ اَللّٰھُمَّ فَاْذَنْ لَنَا بِدُخُوْلِ ھٰذِہِ الْعَرَصَاتِ الَّتِی اسْتَعْبَدْتَ بِزِیَارَتِھَا اَھْلَ

حیوان کیلئے نظر کا تعویذ

حیوان کیلئے نظر کا تعویذ

پڑھا تھا اور اپنے اصحاب سے فرمایا تھا کہ عورتوں کو اپنے بچوں کے لئے یہ تعویذ کرنا چاہیئے۔

زخم چشم حیوانات وغیرہ کیلئے

امیر المومنین علیہ السلام سے مروی ہے کہ یہ تعویذ حیوانات کی نظر کے لئے کرے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ
عَبَسَ عابس وشھاب
قابس وحجر یابس رددت
عین العاین علیہ
من راسہ الی قدمیہ
اخذ عیناہ قابض
بکلاہ وعلی جارہ
واقاربہ جلد دقیق
ودمہ رقیق وباب
المکروہ تلیق
فَارْجِعِ الْبَصَرَ ھَلْ
تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ
ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ
یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ

الْاَرَضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ وَاَرْسِلْ دُمُوْعَنَا بِخُشُوْعِ الْمَهَابَةِ وَذَلِّلْ جَوَارِحَنَا بِذُلِّ الْعُبُوْدِيَّةِ وَفَرْضِ الطَّاعَةِ حَتّٰى نُقِرَّ بِمَا يَجِبُ لَهُمْ مِنَ الْاَوْصَافِ وَنَعْتَرِفَ بِاَنَّهُمْ شُفَعَاءُ الْخَلَائِقِ اِذَا نُصِبَتِ الْمَوَازِيْنُ فِيْ يَوْمِ الْاَعْرَافِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ اس کے بعد چوکھٹ کا بوسہ لیکر خضوع اور خشوع کی حالت میں اندر داخل ہو جائے اور تیرا خضوع اور گریہ آجانا ان بزرگواروں کی طرف سے اندر جانے کا اذن ہی دینا ہو جائے گا

تیسری فصل

تیسری فصل جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جناب فاطمہ زہراء اور جنت البقیع میں مدفون ائمہ اربعہ علیہ السلام کی زیارت میں ہے۔) معلوم رہے کہ تمام لوگوں پر اور علی الخصوص حاجیوں کے لئے روضہ مبارکہ ختم المرسلین فخر دو جہاں سید المرسلین حضرت محمد بن عبداللہ صلوات اللہ وسلامہ علیہما کی زیارت کرنا سنت مؤکدہ ہے اور آپ کی زیارت کا نہ کرنا آپ پر ظلم قیامت کے دن شمار ہوگا۔ شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اگر لوگ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کرنا چھوڑ دیں تو اس کے بعد ان کے حقیقی وارث امام معصوم پر ضروری ہوگا کہ لوگوں کو آپ کی زیارت جانے پر مجبور کریں کیونکہ آپ کی زیارت کا چھوڑ دینا آپ پر جفا، حرام ہے۔ شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ تم میں سے جب بھی کوئی حج کرے تو اسے اپنا حج جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت پر ختم کرنا چاہیئے کیونکہ اس کے ساتھ ہی حج تمام ہوتا ہے، نیز حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اپنے حجوں کو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت پر ختم کرو کیونکہ حج کے بعد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی زیارت کا نہ کرنا جفا اور ظلم اور خلاف ادب ہے اور تمہیں حکم دیا گیا ہے کہ تم لوگ ان چند قبور پر جاؤ کہ جن کا تم لوگوں پر حق ہے یعنی اہلبیت علیہم السلام کیونکہ ان کی مودت تمام امت اسلامی پر واجب ہے) اور ان کی قبروں پر جا کر اللہ تعالیٰ سے رزق طلب کرو ابو صلت ہروی نے بھی روایت کی ہے کہ میں نے جناب امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی کہ آپ اس حدیث کے بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ جو نقل کی جاتی ہے کہ مومنین اپنے ٹھکانوں سے اپنے پروردگار کی زیارت کریں گے

وسواس کیلئے تعویذ

خَاسِئًا وَّحَسِيْرٌ شیطانی وسوسہ کے لئے اعوذ باللہ پڑھے اور اس کے بعد یہ پڑھے اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ شیخ شہید رحمۃ اللہ علیہ نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ شیطان دو قسم کے ہوتے ہیں ایک جنی شیطان ہے جو اس کے پڑھنے سے دور ہو جاتا ہے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور ایک شیطان انسانی ہے جو محمد وآل محمد پر درود بھیجنے سے دور ہو جاتا ہے۔ مؤلف کہتا ہے کہ نماز کے باب میں ایک نماز حدیث

۳۰۷

سائل کی مراد یہ ہے کہ بظاہر روایت صحیح معلوم نہیں ہوتی کیونکہ اس سے تو خدا کا جسم ہونا معلوم ہوتا ہے جو عقل کے خلاف ہے اور اگر اس کا کوئی ایسا صحیح معنی ہو سکتا ہے جو توحید کے منافی نہیں تو وہ بیان فرمایئے تو آپ نے اس کا جواب یوں فرمایا کہ اے ابو صلت خداوند عالم نے پیغمبر آخر زمان کو اپنی تمام مخلوق سے اور تمام پیغمبروں اور ملائکہ سے افضل قرار دیا ہے اور ان کی اطاعت کو خداوند عالم نے اپنی اطاعت اور انکی بیعت کو اپنی بیعت اور ان کی زیارت کو اپنی زیارت فرمایا ہے اور خود جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے میری زیارت میری زندگی میں یا مرنے کے بعد کی گویا اس نے اللہ تعالیٰ کی زیارت کی ہے (لہٰذا اس روایت کے معنی جناب رسول خدا کی زیارت مراد ہے نہ خود خداوند عالم کی کیونکہ وہ جسم جسمانیات سے اس دنیا اور آخرت میں بری اور پاک ہے) حمیری نے قرب الاسناد میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے میری زندگی میں یا اس کے بعد میں زیارت کی تو میں اس کی قیامت کے دن شفاعت کروں گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام عید کے دن مدینہ منورہ موجود تھے اور آپ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی زیارت کے لئے گئے اور جناب رسول خدا پر سلام کیا اور فرمایا کہ ہم تمام شہر والوں پر خواہ مکہ میں ہوں یا کسی اور جگہ بسبب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام کرنے کی فضیلت رکھتے ہیں

شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے تہذیب الاحکام میں یزید بن عبد الملک سے روایت کی ہے اور اس نے اپنے باپ اور دادا سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا کہ میں ایک دفعہ جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام کی خدمت میں مشرف ہوا تو خود آنجناب نے پہلے مجھ پر سلام کیا اور پوچھا کہ کس کام کے لئے آیا ہے تو میں نے عرض کی کہ ثواب اور برکت کی طلب و خواہش کے لئے تو جناب فاطمہ زہرا علیہا السلام نے فرمایا کہ مجھے والد بزرگوار جو ابھی بھی حاضر ہیں یعنی علم رکھتے ہیں (انہوں) نے خبر دی ہے کہ جو شخص مجھ پر یا آنجناب صلی اللہ علیہ وآلہ پر تین روز سلام کرے تو خداوند عالم اس کے لئے بہشت کو واجب کر دے گا، تو میں نے عرض کی کہ آپ اور آنجناب کی زندگی میں تو آپ نے فرمایا ہے کہ ہاں زندگی میں بھی اور اس کے بعد بھی علامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ عبد اللہ بن عباس سے بسند معتبر منقول ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص امام حسن علیہ السلام کی زیارت جنت البقیع میں کرے تو اس کے قدم صراط پر

بچھو کے لئے تعویذ

نفس یعنی وسوسہ کے لئے گذر چکی ہے۔ چوری سے محفوظ رہنے کے لئے دروازے کے قفل اور حلقہ پر یہ پڑھے قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ آخر سورہ تک

بچھو کا تعویذ

روایت میں ہے کہ سہی ستارے کو جو بنات النعش کے وسطی ستارے کے قریب ہوتا ہے کی طرف خوب نگاہ کر کے تین دفعہ یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ رَبَّ اَسْلَمَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَسَلِّمْنَا مِنْ شَرِّ كُلِّ ذِىْ شَرٍّ

بعض روایات میں ہے کہ اس ستارے کو دیکھ کر تین دفعہ یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ رَبَّ هُوْدِ بْنِ اَسْيَةَ اَمِنِّىْ شَرَّ كُلِّ عَقْرَبٍ وَّحَيَّةٍ

پڑھی اور استنے میں مؤذن مغرب کی نماز کی اذان سے فارغ ہو چکے تھے آپ نے فرمایا کہ جاؤ اور جماعت کے ساتھ مغرب کی نماز پڑھو، آپ اس وقت اس مسجد میں جو سر مبارک کی پشت پر واقع ہے اور جہاں جماعت ہو رہی تھی آئے اور امام کے ساتھ دائیں پہلو انفراداً نماز پڑھنی شروع کی اور میں پہلی صف میں جماعت کیساتھ شریک ہو گیا جب میں نماز سے فارغ ہوا تو انہیں پھر نہیں دیکھا میں مسجد سے باہر نکل کر حرم مبارک میں انہیں ڈھونڈنا شروع کیا لیکن انہیں نہ پایا کیونکہ میرا ارادہ تھا کہ انہیں کچھ نقدی ملاقات کر کے دوں گا اور رات کو انہیں اپنے پاس مہمان رکھوں گا، اسوقت میری آنکھ خواب غفلت سے کھلی اور اس سید بزرگوار کے سب معجزات کی طرف ملتفت ہونے لگا کہ میں نے کیسے ان کی اطاعت کرتے ہوئے آپکے کام کو بغداد سے چھوڑ کر واپس آیا اور ان کا میرا نام لیکر بلانا، اور ان کا اپنے محبوں کیلئے شہادت دینا اور اس نہر اور میوہ دار درختوں کا جیسا کہ میوہ کا وقت نہ تھا دیکھنا وغیرہ کہ جسکی وجہ سے مجھے یقین ہو گیا کہ وہ تو میرے امام جناب مہدی علیہ السلام تھے کیونکہ ان کا اذن دخول میں امام حسن عسکری علیہ السلام کے بعد پوچھنا کہ اپنے زمانے کے امام کو جانتے ہو اور پھر فرمانا کہ ان پر سلام کرو اور سلام کے بعد تبسم فرما کر ان کا وعلیک السلام سے جواب دینا وغیرہ یہ سب علامتیں میرے امام مہدی علیہ السلام کی ہی تھیں، میں اسوقت کفشداری کے پاس آیا اور ان سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ وہ باہر چلے گئے ہیں اور کیا وہ سید تیرے رفیق اور ہمراہی تھے تو میں نے کہا، ہاں، اسکے بعد میں نے وہ رات اپنے سابقہ میزبان کے پاس آ کر گزاری اور جب صبح ہوئی تو جناب شیخ محمد حسن رحمت کے حاضر ہو کر کل جو واقعات گذرے تھے ان سے بیان کئے آپ نے ہاتھ اپنے منہ پر رکھکر مجھے اس قصہ اور واقعہ اور راز کے بیان کرنے سے منع فرمایا اور فرمایا کہ خداوند عالم موفق کرے میں نے اس واقعہ کے ایک مہینہ گذرنے تک اس واقعہ کو کسی کے سامنے اظہار نہیں کیا تھا کہ ایک دن پھر حرم مطہر میں تھا کہ ایک سید جلیل القدر کو دیکھا کہ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ اس دن کا کیا واقعہ تھا، تو میں نے کہا کہ میں نے کوئی چیز نہیں دیکھی تھی آپ نے پھر پوچھا تو میں نے شدید انکار کیا اس کے بعد وہ میری نظروں سے اوجھل ہو گئے اور انہیں پھر نہیں دیکھا۔

دوسرا مطلب مسجد براثا میں جانا اور وہاں نماز ادا کرنے میں ہے، واضح رہے کہ مسجد براثا ایک مشہور اور متبرک مسجد ہے، جو بغداد اور کاظمین کے درمیان زواروں کے راستے میں واقع ہوئی ہے اس کے فیض سے اکثر زوار محروم رہتے ہیں حالانکہ بہت کافی فضائل اور شرافت اس کے لئے نقل ہوئی ہے

عقیقہ کے لئے دُعا

رکھا ہے۔ جب ایسا کریگا تو خدا اس کو بیٹا بنائے گا پس اگر اس کا نام محمد رکھے تو مبارک ہے اور اگر کوئی اور نام رکھا تو اگر خدا چاہے گا تو اس سے وہ لڑکا لے لے گا اور اگر چاہے گا تو اس کو بخش دے گا، بچیسواں امر روایت ہے کہ عقیقہ کے گوسفند کو ذبح کرتے وقت یہ دعا پڑھی جائے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَللّٰهُمَّ عَقِيْقَةٌ عَنْ فُلَانٍ (یہاں پر اس بچے کا نام لے) لَحْمُهَا بِلَحْمِهِ وَدَمُهَا بِدَمِهِ وَعَظْمُهَا بِعَظْمِهِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا وِقَاءً لِآلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَآلِهِ السَّلَامُ اور دوسری حدیث میں فرمایا ہے کہ یہ دعا پڑھے يَا قَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا

مسجد براثا کی تاریخ

حموی نے جو سنہ ۶۲۶ھ کے مورخین میں سے ہے اپنی معجم البلدان میں کہا ہے براثا بغداد کا ایک محلہ کرخ محلہ کے قبلہ اور باب محول کے جنوب میں واقع تھا اس محلہ میں ایک شیعوں کی جامع مسجد تھی کہ جس میں وہ نماز پڑھتے تھے اور بعد میں خراب ہو گئی تھی اور اس نے لکھا ہے کہ راضی باللہ خلیفہ بنی عباس کے زمانے سے پہلے شیعہ اس مسجد میں اکٹھے ہوتے تھے اور صحابہ پر سب کرتے تھے راضی باللہ کے حکم سے اچانک اس مسجد میں ٹوٹ پڑے اور جسے وہاں پایا گرفتار کر کے قید کر لیا اور مسجد کو خراب کر کے زمین کے مساوی کر دیا شیعوں نے اس واقعہ کی خبر بغداد کے گورنر حکم ماکانی کو دی اس گورنر نے حکم دیا کہ دوبارہ اس مسجد کو وسیع تر مضبوط بنا دیا جائے اس کے صدر دروازے پر راضی باللہ کا نام لکھا۔ اور اس زمانے سے لیکر سنہ ۴۵۰ھ تک یہ ہمیشہ آباد تھی اور نماز جماعت ہوتی تھی لیکن بعد میں اب تک بے کار غیر آباد پڑی ہوئی ہے (لیکن موجودہ زمانے میں جو سنہ ۱۳۷۹ھ ہے اس مسجد کو دوبارہ بہت بڑی عالیشان عمارت کیساتھ شیعوں نے آباد کر دیا ہے اور اسوقت بہت زوار وہاں جاکر اعمال بجالاتے ہیں۔ مترجم) براثا بغداد شہر کے آباد ہونے سے پہلے ایک دیہات تھا کہ جس کے متعلق لوگوں کا گمان ہے کہ وہاں سے امیرالمومنین علی علیہ السلام نے خوارج نہروان کی لڑائی کو جاتے ہوئے گزر کیا تھا اور اسی مسجد میں نماز ادا فرمائی تھی اور اس بستی کے حمام میں بھی آپ نے غسل فرمایا تھا اور یہ براثا ابو شیعب عابد براثی کی طرف منسوب ہے اور وہ پہلے شخص ہیں جو براثا میں ایک جھونپڑی بنا کر سکونت اختیار کی اور اپنی موت کیوقت تک یہاں عبادت کرتے رہے ایک بہت بڑے مالدار کی لڑکی کا کہ جس کی تربیت عالیشان محلوں میں ہوئی تھی گزر اس جھونپڑی سے ہوا جب اس کی نگاہ ابو شیعب پر پڑی اور اس نے اس کی اس حالت کو دیکھا تو اسے اس کی وہ حالت بہت پسند آئی اور اسکے دل میں ابو شیعب کی محبت جاگزین اس حد تک ہوئی کہ اس کی اسیر محبت ہو کر مجبوراً اس عابد کے نزدیک آبیٹھی اور کہا کہ میں چاہتی ہوں کہ تیری خدمت رہوں انہوں نے جواب دیا میں تجھے اس شرط پر قبول کرتا ہوں کہ اس موجودہ شان و شوکت و ہیبت کو خیر باد کہہ دے اس سعادت مند عورت نے اسے قبول کیا اور عبادت گزاروں کے لباس کو اختیار کیا تب ابو شیعب نے ان سے شادی کر لی جب ہی وہ لڑکی اس جھونپڑی میں داخل ہوئی تو اس نے دیکھا کہ ابو شیعب نے رطوبت کی سرایت سے بچنے کیلئے زمین پر اپنے نیچے ایک چٹائی بچھائی ہوئی تھی اس عورت نے ان سے کہا کہ میں تیرے پاس جب تک اس چٹائی کو اپنے نیچے سے باہر نہ پھینک دے نہیں رہوں گی کیونکہ میں نے آپ سے ہی سنا ہے کہ آپ کہتے تھے کہ

عقیقہ کا بیان

مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّتَقَبَّلْ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ تو لڑکے کا نام لے اور اس جانور کو ذبح کرے علامہ مجلسی نے کتاب حلیہ میں فرمایا ہے کہ جان لینا چاہیئے بچے کے لئے عقیقہ کرنا سنت مؤکدہ ہے اس شخص کیلئے جو اس کی قدرت رکھتا ہو اور بعض علماء اس کو واجب سمجھتے ہیں اور بہتر یہ ہے کہ عقیقہ ساتویں دن کیا جائے اور اگر تاخیر کی گئی تو لڑکے کے بلوغ تک باپ پر سنت ہے اور بلوغ کے بعد آخیر عمر تک اس لڑکے

زمین کہتی ہے کہ اے آدم کے بیٹے تو اپنے اور میرے درمیان حجاب اور پردہ ڈالتا ہے حالانکہ کل تو میرے پیٹ میں آنے والا ہے پس ابو شعیب نے اس چٹائی کو باہر پھینک دیا اور اس سعادت مند عورت کے ساتھ مرنے تک ٹھہرے رہے اور اللہ کی دونوں بہت اچھی طرح عبادت کرتے رہے (مؤلف کہتا ہے کہ ہم نے ہدیۃ الزائرین میں اس مسجد کی فضیلت میں کافی روایات نقل کی ہیں۔ اور یہ بھی کہا ہے کہ ان اخبار سے کئی ایک فضیلتیں اس مسجد کی معلوم ہوتی ہیں کہ اگر ایک فضیلت بھی ان میں سے کسی اور مسجد میں پائی جائے تو اس لائق ہو جاتی ہے کہ انسان اسکی طرف منازل بعیدہ سے سفر کرکے اس میں نماز اور دعا کے فیض سے مستفیض ہو۔ اور وہ فضیلتیں یہ ہیں۔ پہلی اللہ تعالیٰ کا یہ قرار دے دینا کہ اس سرزمین میں کوئی بادشاہ لشکر کے ساتھ سوائے پیغمبر اور وصی پیغمبر کے نہیں اترے گا۔ دوسری حضرت مریم کے گھر کا یہاں پر ہونا، تیسری یہ زمین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زمین ہے۔ چوتھی اس چشمے کا یہاں ہونا جو حضرت مریمؑ کے لئے ظاہر ہوا تھا، پانچویں، اس چشمے کو حضرت امیر علیہ السلام کا دوبارہ ظاہر کرنا، چھٹی۔ یہاں پر ایک متبرک سفید پتھر کا ہونا کہ جس پر حضرت مریمؑ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو رکھتی تھیں، ساتویں۔ اسی پتھر کا دوبارہ جناب امیر المومنین کا معجزہ سے ظاہر کرنا اور اسے قبلہ کی طرف نصب کر دینا اور اس کی طرف نماز پڑھنا، آٹھویں۔ جناب امیر المومنینؑ اور ان کے دو فرزند حضرت امام حسن مجتبیٰؑ و امام حسین سید الشہداءؑ کا اس میں نماز پڑھنا۔ نویں، جناب امیر المومنینؑ کا اس مکان کی شرافت اور اس زمین کی تقدس کی وجہ سے یہاں پر چار دن تک رہنا، دسویں پیغمبروں کا یہاں نماز پڑھنا بالخصوص جناب خلیل الرحمٰن علیہ السلام کا یہاں پر نماز بجا لانا۔ گیارھویں، یہاں پر ایک پیغمبر کی قبر مبارک کا یہاں پر ہونا اور شاید وہ قبر جناب حضرت یوشع علیہ السلام کی ہو کیونکہ شیخ مرحوم نے فرمایا ہے کہ آپ کی قبر کاظمین سے باہر مسجد براثا کے سامنے ہے بارھویں۔ حضرت امیر المومنینؑ کیلئے اسی جگہ پر آفتاب کا پلٹ آنا اتنی شرافتیں اور فضائل اور آیات الٰہی اور معاجز حیدریہ کے ظہور کے باوجود معلوم نہیں ہے کہ ہزار زائروں میں سے کوئی ایک زائر بھی اس مسجد میں جاتا ہو، حالانکہ وہ ان کے راستے پر ہے اور وہ ان سے مکرر گزرتے رہتے ہیں اور اگر کوئی اتفاقاً وہاں اس فیض کے حاصل کرنے کیلئے چلا جائے اور وہاں پہنچ کر دروازہ مسجد کو بند پائے تو مختصر سی رقم دروازے کے کھلوانے پر خرچ کرنے سے کتراتا ہے اور اپنے آپکو اتنے بڑے فیوضات سے محروم رکھتا ہے حالانکہ بغداد اور ظالموں کے محلوں کی سیر و سیاحت کیلئے اور فضول مال و متاع نجس و ناپاک

عقیقہ کا بیان

کے لئے سنت ہے اور بہت سی احادیث معتبرہ میں ہے کہ عقیقہ کرنا واجب ہے اس شخص پر کہ جس کے ہاں لڑکا ہو اور بہت سی احادیث میں منقول ہے کہ لڑکا عقیقہ کا گرد ہے یعنی اگر عقیقہ نہ کیا گیا تو ... تلف اور اس کے متعلق مختلف بیماریوں کا خوف ہے اور حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ عقیقہ لازم ہے ہر اس شخص پر جو غنی ہے اور جو فقیر ہے جب اس سے ہو سکے تو کرے اور اگر نہ ہو سکے تو پھر کوئی ڈر نہیں۔ اور اگر عقیقہ اس کے لئے نہ کریں اور قربانی اس کے لئے کبھی کر دیں تو وہ قربانی عقیقہ کے لئے بھی کافی ہے اور دوسری حدیث میں منقول ہے کہ کچھ لوگوں نے آنحضرت سے سوال

سے خریدا جاتا ہے اور جس کے خریدنے کو زائر زیارت کا جز سمجھتا ہے بے باکانہ خرچ کرتا ہے اللہ ہی نیکیوں کی طرف توفیق دینے والا ہے۔

(تیسرا مطلب) نواب اربعہ کی زیارت میں ہے

نواب اربعہ جناب ابو عمر عثمان بن سعید اسدی اور جناب ابو جعفر محمد بن عثمان اور شیخ ابو القاسم حسین ابن روح نوبختی اور شیخ جلیل ابو الحسن علی بن محمد سمری رضی اللہ عنہم ہیں۔ واضح رہے کہ زواروں کے وظائف میں سے جب تک کہ وہ کاظمین شریفین میں رہ رہے ہیں، امام صاحب العصر صلوات اللہ علیہ کے ان چار نائبوں کی زیارت کیلئے بغداد میں جانا بھی ہے کیونکہ ہر ایک ان نائبوں میں سے اگر دور کے شہروں میں مدفون ہوتے تو ہر انسان کو ان کی زیارت کا فیض حاصل کرنے کیلئے سفر کی تکالیف برداشت کر کے جانا چاہیئے تھا۔ کیونکہ کوئی بھی ائمہ کے خاص اصحاب میں ان کی بزرگی اور جلالت قدر تک نہیں پہنچ سکتا اس واسطے کہ تقریباً ستر سال تک یہ بزرگوار منصب سفارت پر فائز تھے اور امام اور رعیت کے درمیان واسطہ تھے کہ جن کے ہاتھوں پر بہت کافی کرامات اور خارق عادات جاری ہوئے حتیٰ کہ بعض علماء ان کی عصمت کے بھی قائل ہو گئے ہیں اور یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ جبکہ یہ بزرگوار اپنی زندگی میں امام صاحب العصرؑ اور ان کی رعیت کے درمیان واسطہ تھے اور اس واسطے کے لوازم میں لوگوں کی حاجات اور خطوط اور عرائض کا آنحضرت تک پہنچانا تھا۔ اب بھی موت کے بعد ویسے منصب شریف پر انہیں یہ فخر حاصل ہے اور لا محالہ وہ خطوط جو حاجات اور سختیوں پر مشتمل ہیں ان کے واسطے سے آنحضرت تک پہنچ سکتے ہیں۔ جیسا کہ یہ چیز اپنے مقام پر ثابت ہے۔ نواب اربعہ کی زیارت کیفیت یوں ہے جیسا کہ شیخ طوسیؒ نے تہذیب میں اور سید بن طاؤسؒ نے مصباح الزائر میں ذکر کیا ہے اور انہوں نے اس کیفیت کی نسبت ابو القاسم حسین بن روحؒ کی طرف دی ہے کہ آپنے فرمایا کہ ان کی زیارت میں پہلے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ پر سلام کرے اور ان کے بعد جناب امیر المومنین اور جناب خدیجۃ الکبریٰ اور جناب فاطمہ زہراؑ اور جناب امام حسنؑ اور امام حسینؑ اور ہر ایک امامؑ پر سلام کرے۔ یہاں تک صاحب العصر صلوات اللہ علیہ تک پہنچ جائے اور اس کے بعد یہ کہے اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا فُلَانَ ابْنَ فُلَانٍ اور فلان بن فلان کی جگہ اس نائب کا اسم گرامی

کیا کہ ہم نے عقیقہ کرنے کے لئے گوسفند تلاش کیا ہے لیکن نہیں مل سکا تو کیا فرماتے ہیں آپ کیا اس کی قیمت تصدق کر دیں آپ نے فرمایا طلب کرو یہاں تک کہ مل جائے۔ خدا دوست رکھتا ہے طعام کھلانے اور خون بہانے کو۔ دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت سے پوچھا گیا کہ وہ بچہ جو ساتویں دن مر جائے کیا اس کے لئے بھی عقیقہ کیا جائے تو آپ نے فرمایا کہ اگر ظہر سے پہلے مر جائے تو عقیقہ نہیں اور اگر ظہر کے بعد مرے تو کرنا چاہیئے۔ ایک حدیث معتبر میں عمر ابن یزید سے منقول ہے کہ اس نے آنحضرت کی خدمت میں عرض کیا۔ کہ مجھے معلوم نہیں کہ میرے باپ نے میرا عقیقہ کیا تھا

جناب سلمان فارسی کی زیارت

اور ان کے والد کا نام ہے اور پھر یہ کہے اَشْهَدُ اَنَّكَ بَابُ الْمَوْلٰی اَدَّيْتَ عَنْهُ وَاَدَّيْتَ اِلَيْهِ مَاخَالَفْتَهُ وَلَا خَالَفْتَ عَلَيْهِ قُمْتَ خَاصًّا وَانْصَرَفْتَ سَابِقًا جِئْتُكَ عَارِفًا بِالْحَقِّ الَّذِیْ اَنْتَ عَلَيْهِ وَاَنَّكَ مَا خُنْتَ فِی التَّاْدِيَةِ وَالسَّفَارَةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنْ بَابٍ مَا اَوْسَعَهُ وَمِنْ سَفِيْرٍ مَا اٰمَنَكَ وَمِنْ ثِقَةٍ مَا اَمْكَنَكَ اَشْهَدُ اَنَّ اللهَ اخْتَصَّكَ بِنُوْرِهٖ حَتّٰی عَايَنْتَ الشَّخْصَ فَاَدَّيْتَ عَنْهُ وَاَدَّيْتَ اِلَيْهِ اس کے بعد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام شروع کرکے امام صاحب العصر تک سلام کرتا جائے اور پھر یہ کہے جِئْتُكَ مُخْلِصًا بِتَوْحِيْدِ اللهِ وَمُوَالَاةِ اَوْلِيَائِهٖ وَالْبَرَاءَةِ مِنْ اَعْدَائِهِمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ خَالَفُوْكَ يَا حُجَّةَ الْمَوْلٰی وَبِكَ اِلَيْهِمْ تَوَجُّهِیْ وَبِهِمْ اِلَی اللهِ تَوَسُّلِیْ اس کے بعد دعا کرے اور اللہ تعالیٰ سے جو کوئی حاجت ہو طلب کرے کہ انشاء اللہ پوری ہوگی۔ مؤلف کہتا ہے کہ بہت مناسب اور ضروری ہے کہ بغداد میں جناب شیخ اجل عالیمقام ثقۃ الاسلام محمد بن یعقوب کلینی کی خداوند عالم ان کی قبر مبارک معطر فرمائے زیارت کی جائے اور یہ وہ عالی قدر شیعوں کے محدث ہیں کہ جنہیں شیخ اور رئیس الشیعہ کہا جاتا ہے اور مقام روایت میں اوثق اور اثبت ہیں اور جنہوں نے کتاب اصول کافی اور فروع کافی جو شیعوں کیلئے نور بصارت کی حیثیت رکھتی ہے عرصہ بیس سال میں اسے تالیف کیا ہے۔ واقعا اس بزرگوار نے تمام شیعوں پر ایک بہت بڑا احسان کیا ہے اور بالخصوص علما شیعوں پر ان کا بہت احسان ہے ان کی جلالت قدر اور عظمت و بزرگی کو دیکھتے ہوئے ابن اثیر جیسے اہل سنت والجماعت کے عالم اور مورخ اور محدث نے انہیں سنہ ۳ھ کا مجدد مانا ہے اور سنہ ۲ھ کا مجدد جناب امام رضا علیہ السلام ثامن الائمہ علیہم السلام کو کہا ہے اور ہم نے ان اکثر علما کا ذکر ہدیۃ الزائرین میں کیا ہے جو مشاہد مقدسہ ائمہ طاہرین میں مدفون ہیں صاحب ذوق اس کتاب کا مطالعہ فرمائیں

چوتھا مطلب جناب سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی زیارت میں ہے۔

واضح رہے جو زائرین کاظمین شریفین پہنچ چکے ہوں انہیں وہاں سے مدائن اللہ کے صالح اور نیک بندے جناب سلمان محمدی رضوان اللہ علیہ کی زیارت کیلئے جانا چاہیئے جو پہلے چار رکنوں میں ایک رکن ہیں جن کے متعلق جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ السلمان منا اہل البیت یعنی سلمان ہم اہل بیت نبوت میں سے ایک ہے آنجناب کی فضیلت میں جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سلمان ایک سمندر ہے یعنی علم کا جو خشک نہیں ہوگا اور وہ ایک خزانہ (ایمان وعلم) ہے جو ختم ہونے والا نہیں، سلمان ہم اہلبیت

عقیقہ کا بیان

یا نہیں حضرت نے فرمایا کہ تو اپنے لئے عقیقہ کر تو اس نے بوڑھاپے میں اپنا عقیقہ کیا، اور حدیث حسن میں منقول ہے کہ ساتویں دن بچے کا نام بھی رکھنا چاہیئے اور عقیقہ بھی کرنا چاہیئے اور وسر بھی منڈوانا چاہیئے اور اس کے سر کے بالوں کو چاندی سے وزن کرکے اس چاندی کو تصدق کیا جائے اور عقیقہ کے جانور کا ایک پاؤں اور ایک ران اس دایہ کے پاس بھیجنی چاہیئے جس نے بچہ کے پیدا ہونے کے وقت مدد کی ہے اور باقی لوگوں کو کھانے کیلئے دیں اور صدقہ کریں اور دوسری حدیث موثق میں ہے کہ جب بچہ یا بچی تیرے ہاں پیدا ہو تو ساتویں دن اس کا عقیقہ کر اور اس کا نام رکھ اور اس کا سر منڈوا

میں سے ہیں اور وہ علم و حکمت کی سخاوت کرتے ہیں اور دلیل و برہان لوگوں کو دیتے ہیں۔ جناب امیر المومنینؑ نے انہیں لقمان حکیم قرار دیا ہے۔ بلکہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے انہیں لقمان حکیم سے بہتر فرمایا ہے اور امام محمد باقرؑ نے انہیں متوسمین سے قرار دیا ہے (یعنی جو ایمان و جنت کے علامت زدہ لوگ قیامت کے دن ہونگے ان کے ایک فرد حضرت سلمان فارسی ہونگے) روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب سلمان محمدی اسم اعظم کا علم رکھتے تھے اور ان لوگوں میں سے تھے کہ جنکے ساتھ ملائکہ بات چیت کرتے ہیں اور وہ ایمان کے جس کے کل دس درجے ہیں دسویں درجے تک فائز ہو چکے تھے اور انہیں علم غیب اور منایا حاصل تھا۔ انہوں نے بہشت کے تحفے دنیا میں تناول فرمائے ہوئے تھے انکی طرف بہشت مشتاق اور عاشق تھی۔ اللہ کا رسول پاک انہیں بہت دوست رکھتے تھے اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خداوند عالم کا چار انسانوں کے ساتھ محبت رکھنے کا جو امر ملا تھا ان چار میں سے ایک جناب سلمان فارسیؓ تھے۔ بہت کافی قرآن کی آئتیں ان کی مدح و ثنا میں نازل ہوئی ہیں اور جب بھی جناب جبرائیلؑ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آتے تھے تو انہیں عرض کرتے تھے کہ خداوند عالم کا سلام جناب سلمان فارسی کو پہنچا دیں اور انہیں منایا اور بلایا اور انساب کا علم عطا کریں۔ بعض راتوں میں وہ جناب رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیساتھ خلوت میں رہتے تھے اور انہیں جناب سولخدا اور جناب امیرالمومنینؑ نے ایسے اسرار الٰہی کی تعلیم دی تھی کہ جسے ان کے علاوہ کوئی قوت برداشت نہیں رکھتا تھا اور وہ ایسے مرتبہ تک پہنچ چکے تھے کہ جن کے متعلق جناب امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ سلمان پاک نے علم اول اور علم آخر کو پالیا ہے اور وہ ایسا سمندر ہے جو ختم نہیں ہوگا۔ اور وہ ہم اہلبیت میں سے ہیں ہم نے جو کچھ یہاں مختصر سلمان فارسی کے فضائل نقل کئے ہیں ان کی زیارت کرنے کے شوق کیلئے کافی ہیں اور انہیں تمام صحابہ کرام اور تمام امتؑ ایک خاص امتیاز حاصل ہے کہ ان کے غسل و کفن کیلئے جناب امیرالمومنینؑ بطور اعجاز مدینہ منورہ سے مدائن تشریف لے گئے اور انہیں اپنے دست مبارک سے غسل و کفن دیا اور ان پر نماز جنازہ درانحالیکہ ان کے پیچھے ملائکہ کی بے شمار صفیں موجود تھیں پڑھی اور پھر اسی رات واپس مدینہ منورہ واپس لوٹ آئے۔ سبحان اللہ محمد و آل محمد کے ساتھ محبت اور مودت اور ان کے افعال و اقوال کی سچی پیروی دیکھئے۔ جناب سلمانؓ کو کس عظمت و جلالت پر پہنچا دیا کاش آج کے شیعہ جو زبانی اپنے آپ کو شیعہ کہلاتے ہیں اور جن کے افعال اور اقوال سے ائمہؑ کے دامن امامت پر بدنما داغ بنے ہوئے ہیں اپنے ائمہ اطہار کے ساتھ عملی محبت کا ثبوت دیتے تو تمام عالم پر واضح ہو جاتا کہ امن

عقیقہ کا بیان

در سر کے بالوں کے برابر سونا یا چاندی صدقہ دے۔ اور دوسری حدیث میں وارد ہوا ہے کہ گوسفند کا چوتھا حصہ دایہ کو دینا چاہیئے اور اگر بغیر دایہ کے پیدا ہوا ہے تو وہ چوتھائی ماں کو دی جائے تاکہ وہ جسے چاہے دیدے اور کم از کم دس مسلمانوں کو کھلایا جائے اور جتنے زیادہ ہوں تو بہتر ہے اور خود اس سے نہ کھائے اور اگر دایہ یہودی عورت ہو تو اس کو گوسفند کی قیمت کا چوتھا حصہ دیا جائے اور دوسری روایت میں وارد ہوا ہے کہ قابلہ یعنی دایہ کو تیسرا حصہ گوسفند کا دینا چاہیئے اور علماء کے نزدیک مشہور یہ ہے کہ عقیقہ کا جانور اونٹ ہو یا دنبہ یا بکری اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے

کیفیت زیارت جناب سلمان فارسی

عالم اور نجات و فلاح انسانیت صرف انہیں بزرگوار خاندان نبوت و عصمت کے نقش قدم پر چلنے میں منحصر ہے (مترجم)
آپکی زیارت کی کیفیت، سید بن طاؤس نے مصباح الزائر میں اس بزرگوار کی چار زیارتیں نقل کی ہیں ہم یہاں
پر ان میں سے صرف پہلی زیارت کو نقل کرتے ہیں جب آپ اس بزرگوار کی زیارت کرنا چاہیں تو ان کی قبر
مبارک کے پاس قبلہ کی طرف منہ کرکے کھڑے ہو کر یہ زیارت پڑھیے اَلسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ مُحَمَّدِ بْنِ
عَبْدِ اللّٰہِ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلٰی اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَی الْاَئِمَّۃِ الْمَعْصُوْمِیْنَ الرَّاشِدِیْنَ
اَلسَّلَامُ عَلَی الْمَلٰٓئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰہِ الْاَمِیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا وَلِیَّ اَمِیْرِ
الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مُوْدَعَ اَسْرَارِ السَّادَۃِ الْمَیَامِیْنِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا بَقِیَّۃَ اللّٰہِ مِنَ الْبَرَرَۃِ الْمَاضِیْنَ اَلسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَشْہَدُ اَنَّکَ اَطَعْتَ اللّٰہَ کَمَا اَمَرَکَ وَاتَّبَعْتَ الرَّسُوْلَ کَمَا نَدَبَکَ
وَتَوَلَّیْتَ خَلِیْفَتَہٗ کَمَا اَلْزَمَکَ وَدَعَوْتَ اِلَی الْاِہْتِمَامِ بِذُرِّیَّتِہٖ کَمَا وَقَفَکَ وَعَلِمْتَ الْحَقَّ یَقِیْنًا وَاعْتَمَدْتَہٗ کَمَا
اَمَرَکَ اَشْہَدُ اَنَّکَ بَابُ وَصِیِّ الْمُصْطَفٰی وَطَرِیْقُ حُجَّۃِ اللّٰہِ الْمُرْتَضٰی وَاَمِیْنُ اللّٰہِ فِیْمَا اسْتُوْدِعْتَ مِنْ عُلُوْمِ الْاَصْفِیَآءِ
اَشْہَدُ اَنَّکَ مِنْ اَہْلِ بَیْتِ النَّبِیِّ النُّجَبَآءِ الْمُخْتَارِیْنَ لِنُصْرَۃِ الْوَصِیِّ اَشْہَدُ اَنَّکَ صَاحِبُ الْعَاشِرَۃِ وَالْبَرَاہِیْنِ
وَالدَّلَآئِلِ الْقَاہِرَۃِ وَاَقَمْتَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَیْتَ الزَّکٰوۃَ وَاَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَہَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاَدَّیْتَ الْاَمَانَۃَ
وَنَصَحْتَ لِلّٰہِ وَلِرَسُوْلِہٖ وَصَبَرْتَ عَلَی الْاَذٰی فِیْ جَنْبِہٖ حَتّٰی اَتَاکَ الْیَقِیْنُ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ جَحَدَکَ حَقَّکَ وَ
حَطَّ مِنْ قَدْرِکَ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ اٰذَاکَ فِیْ مَوَالِیْکَ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ اَعْنَتَکَ فِیْ اَہْلِ بَیْتِکَ لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ لَامَکَ
فِیْ سَادَاتِکَ لَعَنَ اللّٰہُ عَدُوَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَضَاعَفَ عَلَیْہِمُ الْعَذَابَ
الْاَلِیْمَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَعَلَیْکَ یَا مَوْلٰی
اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی رُوْحِکَ الطَّیِّبَۃِ وَجَسَدِکَ الطَّاہِرِ وَاَلْحَقَنَا بِرَحْمَتِہٖ وَرَحْمَتِہٖ اِذَا تَوَفَّانَا بِکَ وَ
بِمَحَلِّ السَّادَۃِ الْمَیَامِیْنِ وَجَمَعَنَا مَعَہُمْ بِجِوَارِہِمْ فِیْ جَنَّاتِ النَّعِیْمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ وَصَلَّی اللّٰہُ
عَلٰی اِخْوَانِکَ الشِّیْعَۃِ الْبَرَرَۃِ مِنَ السَّلَفِ الْمَیَامِیْنِ وَاَدْخَلَ الرَّوْحَ وَالرِّضْوَانَ عَلَی الْخَلَفِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ
وَاَلْحَقَنَا وَاِیَّاہُمْ بِمَنْ تَوَلَّاہُ مِنَ الْعِتْرَۃِ الطَّاہِرِیْنَ وَعَلَیْکَ وَعَلَیْہِمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اس کے بعد
سات مرتبہ سورہ انا انزلناہ پڑھیے اور اس کے بعد جو مستحب نمازیں چاہیں وہاں پر بجا لائیں۔ مؤلف کہتا ہے کہ
جب وہاں سے واپس لوٹنا چاہے تو قبر مبارک کے پاس وداع کیلئے جائے اور اس طرح وداع کرے اور

عقیقہ کا بیان

منقول ہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسنین صلوات اللہ علیہما کی ولادت کے دن ان کے کانوں میں اذان کہی اور حضرت فاطمہ علیہا السلام نے ساتویں دن اپنے بچوں کی طرف سے عقیقہ کیا اور دایہ کو ایک پاؤں گوسفند کا دیا ساتھ ایک اشرفی بھی عنایت فرمائی۔ عقیقہ کا جانور اگر اونٹ ہو تو پانچ سالہ ہو یا چھٹے سال میں ہو یا اس سے زیادہ عمر کا ہونا چاہیئے اور اگر بکرا ہو تو ایک سالہ اور اگر دنبہ ہو تو کم از کم چھ ماہ کا ہو یا ساتویں مہینہ میں داخل ہو اور پورے سات ماہ کا ہو تو بہتر ہے اور اس کے خصیتین کو نہ نکالا گیا ہو اور سلے گئے ہو اور اس کے سینگ وغیرہ

اس وداع کو سید نے ان کی چوتھی زیارت کے آخر میں نقل فرمایا ہے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَنْتَ بَابُ اللّٰهِ الْمُؤْتىٰ مِنْهُ وَالْمَاْخُوْذُ عَنْهُ اَشْهَدُ اَنَّكَ قُلْتَ حَقًّا وَنَطَقْتَ صِدْقًا وَدَعَوْتَ اِلٰى مَوْلَايَ وَمَوْلَاكَ عَلَانِيَةً وَسِرًّا اَتَيْتُكَ زَائِرًا وَحَاجَاتِي لَكَ مُسْتَوْدِعًا وَهَا اَنَا ذَا مُوَدِّعُكَ اَسْتَوْدِعُكَ دِيْنِي وَاَمَانَتِي وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِي وَجَوَامِعَ اَمَلِي اِلٰى مُنْتَهٰى اَجَلِي وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْاَخْيَارِ۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے بہت زیادہ دعا مانگے اور پھر وہاں سے پلٹ آئے۔ یہ بھی واضح رہے کہ جب زائر مدائن پہنچ جائے اور جناب سلمان فارسیؓ کی زیارت سے فارغ ہو چکے تو اسے وہاں پر دو اور چیزوں کو بھی کرنا ہوگا۔ پہلے وہاں پر طاقِ کسریٰ ہے اور اس میں ہر زائر دو رکعت نماز یا اس سے زیادہ بجا لائے کیونکہ وہ جگہ امیرالمومنینؑ کے نماز پڑھنے کا مقام تھا۔ عمار ساباطی سے روایت ہے کہ امیرالمومنینؑ مدائن تشریف لائے اور ایوانِ کسریٰ میں نازل ہوئے اور آپکے ساتھ دلف بن بحیر تھے۔ آپنے وہاں نماز ادا کی اور اس کے بعد دلف بن بحیر کو فرمایا میرے ساتھ چل اور آپ بھی چل پڑے درانحالیکہ اہل ساباط میں سے ایک گروہ بھی آپکے ساتھ تھا اور آپ کسریٰ کے مختلف منازل دیکھ رہے تھے اور دلف بن بحیر سے فرماتے تھے کہ کسریٰ کیلئے یہاں فلاں چیز تھی اور وہاں فلاں چیز اور دلف کہتے تھے، بخدا قسم جسطرح آپ فرما رہے ہیں بالکل ٹھیک ہے آپ اس جماعت کیساتھ کسریٰ کے محل میں پھرے، اور ان کے حقائق بیان کرتے جاتے تھے اور دلف کہتے تھے کہ اے مولیٰ گویا آپ اس محل کی سب خصوصیات کو جانتے ہیں اور گویا آپنے ان چیزوں کو اپنے دستِ مبارک سے ہر جگہ پر رکھا ہے، روایت میں ہے کہ آپ اسوقت مدائن کو دیکھ رہے تھے اور بادشاہ کسریٰ کے آثار اور محلِ خراب شدہ کا معائنہ فرما رہے تھے تو آپکے ساتھیوں میں سے ایک نے عبرت کے طور پر یہ شعر پڑھا۔

جَرَتِ الرِّيَاحُ عَلٰى رُسُوْمِ دِيَارِهِمْ ۞ فَكَاَنَّهُمْ كَانُوْا عَلٰى مِيْعَادٍ

یعنی ان کے مکانات کے باقی ماندہ اثار پر زمانے کی ہوائیں چل رہی ہیں اور گویا وہ یعنی اس میں رہنے والے) ایک مدت معلوم تک کیلئے اس دنیا میں آئے تھے (اور چلے گئے اور سب وہ چیزیں کہ جن کی جمع آوری پر انہوں نے عمر عزیز کو فناہ کر دیا تھا اسی دنیا میں چھوڑ گئے اور کاش کہ زندہ انسان ان لوگوں سے عبرت حاصل کرتا اور امور اخرویہ پر توجہ دیتا) حضرت امیرؑ نے اس شعر پڑھنے والے کو فرمایا کہ تم نے اس مقام مناسب کیلئے ان آیات کو کیوں نہیں پڑھا یعنی جب قرآن میں عبرت آور آیات موجود ہیں تو ان کو کیوں نہیں تلاوت کیا کَمْ تَرَكُوْا

عقیقہ کا بیان

ٹوٹے ہوئے نہ ہوں اور اس کے کان کٹے ہوئے نہ ہوں زیادہ کمزور بھی نہ ہو اندھا اور زیادہ لنگڑا کہ جس کے بغیر چلنا مشکل ہو ایسا نہیں ہونا چاہئے لیکن حدیث معتبر حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ عقیقہ مثل قربانی کے نہیں پس جو گوسفند بھی مل جائے ٹھیک ہے کیونکہ مقصد گوشت ہے جتنا زیادہ موٹا ہوگا بہتر ہے اور علماء کے درمیان مشہور یہ ہے کہ لڑکے کا عقیقہ نر جانور سے کیا جائے اور لڑکی کا مادہ سے حقیر کا خیال یہ ہے کہ دونوں کے لئے اگر گوسفند نر ہو تو بہتر ہے بہت سی احادیث معتبر کے موافق اگرچہ دونوں کیلئے گوسفند مادہ بھی ٹھیک ہے اور سنت ہے کہ ماں باپ عقیقہ کا گوشت نہ کھائیں بلکہ جو طعام اس میں پکایا جائے اس سے وہ دونوں نہ کھائیں خصوصاً ماں کے لئے کھانا زیادہ مکروہ ہے اور بہتر یہ ہے کہ جو ماں باپ کی

زیارت جناب حذیفہ یمانی

مِنْ جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ كَذَٰلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا آخَرِينَ فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا مُنْظَرِينَ اور پھر آپ نے اس آیات کی تلاوت فرمائی اِنَّ هٰؤُلَاءِ كَانُوا وَارِثِينَ فَاَصْبَحُوا مَوْرُوثِينَ لَمْ يَشْكُرُوا النِّعْمَةَ فَسُلِبُوا دُنْيَاهُمْ بِالْمَعْصِيَةِ اِيَّاكُمْ وَكُفْرَ النِّعَمِ لَا تَحِلُّ بِكُمُ النِّقَمُ فقیر مؤلف عرض کرتا ہے کہ اس مقام ما حصل کو حکیم خاقانی نے ان اشعار میں جمع فرمایا ہے۔

ہان اے دل عبرت بین از دیدہ نظر کن ہان * ایوان مدائن را آئینۂ عبرت دان

پرویز کہ بنہادی بر خوان ترہ زرین * زرین ترہ کو برخوان رو کم ترکوا برخوان

دوسری چیز جو زائر مدائن کو ضرور بجا لانی چاہیئے وہ جناب حذیفہ بن الیمان کی زیارت ہے اور جناب حذیفہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہت بڑے صحابہ میں سے تھے اور امیر المؤمنین ؑ کے خواص سے ان کا شمار ہوتا تھا اور تمام صحابہ میں سے ان میں ایک خصوصیت تھی کہ انہیں منافقین کے نام معلوم تھے اور انہیں پہچانتے تھے اور جن کے جنازے پر یہ نہیں جاتے تھے، جناب خلیفہ ثانی بھی ان پر نماز نہیں پڑھتے تھے اور آپ کو انہوں نے مدائن میں والی اور گورنر مقرر کیا ہوا تھا اور ایک مدت تک وہاں رہے ان کو معزول کر کے جناب سلمان فارسی کو وہاں کا گورنر مقرر کیا گیا اور جب وفات پا گئے تو پھر دوبارہ جناب حذیفہ کو وہاں کا گورنر مقرر کیا گیا اور آپ جناب امیر المؤمنین کی ظاہری خلافت کے آنے وقت تک وہاں پر گورنر تھے اور جب امیر المؤمنین ؑ کو خلافت ظاہری پر تمکن حاصل ہوا تو آپ نے اہل مدائن کو اپنی خلافت سے آگاہ کیا اور جناب حذیفہ کی گورنری کو بحال رکھا لیکن جب حضرت امیر ؑ مدینہ سے بصرہ کی طرف اصحاب جمل کی سرکوبی کیلئے گئے اور ابھی کوفہ میں جناب امیر ؑ کا لشکر نہیں آیا تھا کہ اس کے بعد جناب حذیفہ ؓ نے اس جہان فانی سے رحلت فرمائی اور آپ کو وہیں مدائن میں دفن کیا گیا ابو حمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ جب جناب حذیفہ کی وفات قریب آئی تو آپ نے اپنے فرزند کو اپنے نزدیک بلایا اور ان سودمند نصیحتوں پر عمل کرنے کی وصیت فرمائی۔ اور فرمایا کہ اے فرزند ہر اس چیز سے اپنے آپ کو مایوس سمجھ جو لوگوں کے ہاتھ میں ہے کیونکہ اسی میں تونگری اور غنا ہے۔ اور لوگوں سے حاجات طلب نہ کر کیونکہ یہی فقر ہے۔ اور ہر روز اس طرح زندگی بسر کرے کہ تیرا آج کا دن گذرے ہوئے دن سے بہتر ہو۔ اور جب نماز ادا کرے تو یہ جان کر نماز پڑھے کہ یہ تیری آخری نماز ہے۔ اور ایسا کام نہ کرے کہ جس کی وجہ سے تجھے معافی مانگنی پڑے۔ یہ بھی واضح رہے کہ جناب سلمان فارسی کے حرم کے قریب جامع مسجد

عقیقہ کا بیان

عیال میں ہیں اور انکے گھر میں رہتے ہیں وہ بھی اس سے نہ کھائیں اور سنت ہے کہ پکا کے دیں اور خام صدقہ نہ کریں کم از کم یہ ہے کہ پانی اور نمک سے پکائیں بلکہ احتمال ہے یہ بہتر ہو اور خام بھی تصدق کر دیں تو بھی بہتر ہے اور اگر عقیقہ کا جانور نہ مل سکے تو اس کی قیمت بطور صدقہ دینا فضول ہے بلکہ صبر کرنا چاہیئے یہاں تک کہ مل جائے اور یہ بھی شرط نہیں کہ جن لوگوں کو عقیقہ کھانے کے لئے بلایا جائے وہ فقیر ہوں لیکن نیک لوگوں اور فقراء کو بلانا بہتر ہے فقیر کہتا ہے کہ مشہور یہ ہے کہ عقیقہ کے جانور کی ہڈیوں کو توڑنا مکروہ ہے اور دعا میں یکسر عظامها قطع لحماً و تصنع

مدائن کی ہے جو امام حسن عسکری کی طرف منسوب ہے کہ آنجناب نے اسے بنوایا تھا یا آپنے اس میں نماز ادا کی تھی، امید ہے کہ زائر دو رکعت تحیۃ مسجد کے فیض سے اپنے آپ کو محروم نہیں رکھے گا۔

فصل نہم

جناب ثامن الائمہ امام الانس والجن سید الوری مولانا ابوالحسن علی بن موسی الرضا صلوات اللہ علیہ وآبائہ واولادہ ائمۃ الہدیٰ کی زیارت سند میں ہے۔ آپکی زیارت کے فضائل حد شمار سے باہر ہیں لیکن پھر بھی ہم چند ایک حدیثیں آپکی زیارت کے فضائل میں یہاں نقل کرتے ہیں، پہلی، جناب رسول خدا سے منقول ہے۔ کہ آپنے فرمایا، کہ بہت جلد میرے جسم کا ٹکڑا خراسان کی زمین میں دفن کیا جائے گا اور جو مومن بھی ان کی زیارت کو جائے گا خداوند عالم اس کیلئے جنت واجب کرے گا۔ اور اس کے جسم پر جہنم کی آگ کو حرام کر دیگا، ایک اور معتبر حدیث میں ہے کہ میرے جسم کا ٹکڑا خراسان میں دفن کیا جائیگا جو غمناک اس کی زیارت کرے گا خداوند عالم اسکے غم کو دور کرے گا اور جو گناہ گار ان کی زیارت کو جائے گا خداوند علم اس کے گناہوں کو بخش دے گا۔ دوسری معتبر سند سے جناب امام موسیٰ کاظم سے منقول ہے کہ آپنے فرمایا کہ جو شخص میرے فرزند علی الرضا کی زیارت کرے گا اس کیلئے خداوند عالم کے نزدیک ستر مقبول حج کا ثواب ہو گا۔ راوی نے اس ثواب کو بہت بعید سمجھا اور کہا۔ ستر حج مقبول زائر کیلئے ہونگے تو آپنے فرمایا ہاں ستر ہزار حج۔ اس نے کہا ستر ہزار حج مقبول۔ آپنے فرمایا ہاں ستر ہزار حج۔ اور بسا اوقات عام لوگوں کے حج تو مقبول بھی نہیں ہوتے۔ اور جو شخص آنجناب کی زیارت کرے یا ایک رات وہاں آنحضرت کے نزدیک رہے تو گویا یوں ہے کہ اس نے خداوند عالم کی عرش معلی میں زیارت کی ہے، اس نے کہا گویا یوں ہے کہ اس نے خدا کی عرش معلی میں زیارت کی ہے، آپنے فرمایا ہاں، جب قیامت کا دن ہو گا تو چار انسان سابقہ زمانے کے اور چار انسان موجود زمانے کے اللہ کے عرش پر موجود ہونگے، سابقہ زمانے کے چار انسان جناب نوح اور حضرت ابراہیم اور موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام ہونگے اور موجود زمانے کے چار انسان جناب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جناب علی مرتضیٰ اور جناب امام حسن اور امام حسین علیہم السلام ہونگے اور ہمارے ساتھ عرش پر وہ لوگ بیٹھیں گے جنہوں نے ائمہ علیہم السلام کی قبروں کی زیارت کی ہو لیکن ان سب میں سے میرے فرزند

ختنہ کے آداب

بِهَا بَعْدَ الَّذِي يَجِيءُ مَا شِئْتَ کراہت کے ساتھ منافات نہیں رکھتی، صاحب کتاب جواہر فرماتے ہیں کہ یہ چیز جو اہل عراق کے درمیان مشہور ہے کہ مستحب ہے کہ ہڈیوں کو ایک سفید کپڑے میں لپیٹ کر دفن کیا جائے میں نے اس کے متعلق کوئی نص نہیں دیکھی واللہ العالم چھبیسواں امر، حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ لڑکے کو ختنہ کرنے کے وقت یہ دعا پڑھے اور اس وقت نہ ہو سکے تو اس کے بالغ ہونے تک جب ہو سکے تو پڑھے تاکہ اس کو لوہے کی حرارت قتل وغیرہ سے دور رکھے وہ دعا یہ ہے اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ سُنَّتُكَ وَسُنَّةُ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاتِّبَاعٌ مِنَّا لَكَ

فضیلتِ زیارت امام رضا علیہ السلام

علی الرضا کے زائروں کا رتبہ بلند ہو گا اور ان کو عطا بھی ان سب سے زیادہ عنایت کی جائے گی، تیسری امام رضاؑ سے روایت ہے کہ آپنے فرمایا کہ خراسان میں ایک بقعہ ہے کہ جس پر ایک زمانہ میں ملائکہ کی آمد و رفت ہو گی اور صور کے پھونکے جانے تک ہمیشہ ایک ملائکہ کی فوج زمین پر اترتی رہے گی اور ایک فوج آسمان کیطرف پڑھتی رہیگی، آپ سے سوال کیا گیا اے فرزند رسول مقبول وہ کونسا بقعہ ہو گا تو آپنے فرمایا کہ وہ بقعہ طوس کی زمین میں ہو گا اور قسم بخدا وہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے جو شخص میری زیارت وہاں کریگا تو گویا اسطرح ہو گا کہ اس نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی ہو اور خداوند عالم اس زیارت کے سبب سے اس کیلئے ایک ہزار حج اور ایک ہزار عمرۂ مقبولہ کا ثواب لکھے گا اور میں اور میرے اجداد طاہرین قیامت کے دن اس کی شفاعت کریں گے۔ چوتھی کئی ایک سند صحیح کے واسطے سے ابن ابی نصر سے منقول ہے کہ میں نے وہ خط جو امام رضا علیہ السلام نے اپنے شیعوں کیلئے لکھا تھا پڑھا کہ جس میں یہ تحریر تھا کہ میرے شیعوں تک یہ پہنچا دو کہ میری زیارت خداوند عالم کے نزدیک ایک ہزار حج کے برابر ہے۔ میں نے اس حدیث کو جناب امام محمد تقی ؑ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ نے فرمایا۔ قسم بخدا اس شخص کیلئے جو آپ کو امام حق مانتا ہو اور پھر زیارت کرے تو وہ ہزار ہزار حج کے برابر ہے۔ پانچویں۔ دو معتبر سند سے منقول ہے کہ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص میری قبر کی زیارت باوجود اتنے دور ہونے کے کریگا۔ میں ایسے شخص کے پاس قیامت کیدن تین موقعوں پر آؤں گا تاکہ اسے قیامت کی ہولناکیوں سے نجات دلواؤں۔ ایک تو اس وقت جب نیکوں کے نامۂ اعمال ان کے دائیں ہاتھ اور بروں کے نامۂ اعمال ان کے بائیں ہاتھ دیئے جائیں گے، دوسرے۔ صراط (پل) کے گذرنے کے وقت، تیسرے اعمال کے تولے جانے کے وقت، چھٹی معتبر حدیث میں ہے کہ آپنے فرمایا کہ بہت جلد میں زہر کیساتھ ظلم و ستم سے قتل و شہید کر دیا جاؤں گا۔ اور مجھے ہارون رشید کے پہلو میں دفن کیا جائے گا اور خداوند عالم میری قبر کو میرے شیعوں اور محبوں کی آمد و رفت کا مرکز قرار دے گا، پس جو شخص میری اس مسافرت اور غربت میں زیارت کریگا تو مجھ پر واجب ہو جائیگا کہ میں بھی اس کی زیارت قیامت کے دن کروں، مجھے قسم اس ذات کی جس نے حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رسول اور پیغمبر بنایا اور انہیں تمام عالمین سے منتخب فرمایا کہ جو بھی تم شیعوں میں سے میری قبر کے نزدیک دو رکعت نماز اگر پڑھے تو وہ اس کا مستحق ہو جائیگا کہ خداوند عالم قیامت کے دن اس کے گناہ بخش دے

قرآن سے فال کے آداب

وَلِنَبِيِّكَ عَبْدِكَ وَ
بِلَا ادَيْتَ وَقَضَائِكَ
لِمَنِّي اَدَّيْتَهُ وَقَضَاءِ
حَتْمِهِ وَاَمْرِ اَنْفَذْتَهُ
اَوْ فِتْنَةٍ حَرِّ الْحِدِيْدِ
لِي خَتَانِهِ وَحِجَامَتِهِ
بِاَمْرٍ اَنْتَ اَعْرَفُ بِهِ
مِنِّي اَللّٰهُمَّ فَطَهِّرْهُ مِنَ
الذُّنُوْبِ وَزِدْ فِي عُمُرِهِ
وَادْفَعِ الْاٰفَاتِ عَنْ بَدَنِهِ
وَالْاَوْجَاعَ عَنْ جِسْمِهِ
وَزِدْهُ مِنَ الْغِنٰى وَادْفَعْ
عَنْهُ الْفَقْرَ فَاِنَّكَ
تَعْلَمُ وَلَا نَعْلَمُ۔

ستائیسواں امر۔ سید ابن طاؤس نے دعوات خطیب مستغفری سے نقل کیا ہے اس نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ جب تو کتاب خدا سے فال کرنا چاہے تو تین مرتبہ سورہ اخلاص اس کے بعد تین مرتبہ

مجھے اس خدا کی قسم کہ جس نے ہمیں جناب رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ کے بعد امامت کیلئے منتخب کیا ہے اور ہمیں آنجناب کا وصی قرار دیا ہے۔ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میری زیارت کرنے والے خداوند عالم کے نزدیک قیامت کے دن ہر گروہ سے زیادہ عزیز ہونگے جو مومن میری زیارت کرے اور (اسے اس سفر میں) کوئی بارش کا قطرہ جسم پر پہنچے تو خداوند عالم اس کے جسم کو جہنم کی آگ پر حرام کرے گا، ساتویں معتبر سند سے منقول ہے کہ محمد بن سلیمان نے جناب امام محمد تقی سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنے حج واجب جو اس پر واجب تھا بجا لایا اور پھر وہاں سے مدینہ منورہ گیا اور جناب رسول خدا کی زیارت کی اور پھر اس کے بعد نجف اشرف گیا اور جناب امیر المومنینؑ کی زیارت کی درانحالیکہ وہ جناب امیرؑ کو حجت خداوند عالم اور امام حق اور اللہ تعالیٰ کا بنایا ہوا خلیفہ رسول مانتا تھا اور پھر اس کے بعد کربلا معلیٰ گیا اور جناب امام حسین کی زیارت کی اور اس کے بعد بغداد جا کر جناب امام موسیٰ کاظم کی زیارت بھی بجا لایا اور اس کے بعد پھر اپنے گھر واپس لوٹ آیا اب خداوند عالم نے اسے بہت کافی مال دیا ہوا ہے کہ وہ حج کو جا سکتا ہے کیا اس شخص کیلئے یہ بہتر ہے کہ وہ حج کو دوبارہ جائے۔ حالانکہ وہ واجب حج بجا لا چکا ہے یا وہ آپ کے والد ماجد کی زیارت کیلئے خراسان چلا جائے۔ آپ نے فرمایا کہ اسے میرے والد ماجد کے سلام کیلئے خراسان جانا افضل ہے لیکن وہ آجکل نہ جائے کیونکہ خلیفہ وقت سے مجھ پر اور تم پر خوف ملامت ہے بلکہ وہ ماہ رجب کے مہینے میں جائے آٹھویں شیخ صدوق نے من لا یحضرہ الفقیہ میں امام محمد تقی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ طوس کے دو پہاڑوں کے درمیان ایک زمین کا ٹکڑا ہے جو بہشت سے لایا گیا ہے جو بھی اس ٹکڑا زمین میں داخل ہو جائے تو وہ قیامت کے دن جہنم کی آگ سے محفوظ ہوگا نیز انحضرت سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہشت کا اس کیلئے ضامن ہوں جو میرے والد ماجد کی زیارت طوس میں کرے اور وہ انہیں حق کا امام مانتا ہوں۔ دسویں، شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ نے عیون اخبار الرضا میں روایت کی ہے کہ ایک مرد صالح نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ السلم کو خواب میں دیکھا تو اس نے آپ کی خدمت میں عرض کی یا رسول اللہ، تیرے فرزندوں میں سے کس کی میں زیارت کروں تو آپ نے فرمایا کہ میرے بعض فرزند مجھ سے زہر کھا کر میرے پاس آئے اور بعض میرے فرزند قتل کئے گئے میں نے عرض کی کہ ان کی قبروں کا مختلف جگہ پر ہونیکی وجہ سے ان میں سے کس کی زیارت کروں تو آپ نے فرمایا کہ اس کی زیارت کرے جس کی قبر تیرے گھر کی نسبت سے نزدیک ہے اور (وہ عالم) مسافرت میں مدفون ہے۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ آپ نے اس فرمائش سے جناب امام رضا علیہ السلام کو مراد لیا ہے تو آپ نے

قرآن سے استخارہ کا بیانؑ

پیغمبر اور اس کی آل پر صلوات بھیج اور اس کے بعد یہ کہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَفَاَّلْتُ بِکِتَابِکَ وَتَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ فَاَرِنِیْ مِنْ کِتَابِکَ مَا ھُوَ مَکْتُوْبٌ مِنْ سِرِّکَ الْمَکْنُوْنِ فِیْ غَیْبِکَ۔ پھر جامع کو یعنی وہ قرآن جو تمام سورہ و آیات کا جامع ہے کھول اور دائیں صفحے کی پہلی سطر سے بغیر اوراق و سطور کے شمار کرنے کے فال لے اور جاننا چاہیئے کہ علامہ مجلسی نے بعض اصحاب کی تالیفات سے شیخ یوسف قطیفی کے خط سے اور اس نے آیت اللہ علامہ کے خط سے نقل کیا ہے روایت میں ہے کہ حضرت صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جب تو کتاب عزیز سے استخارہ کرنا چاہیئے۔ تو بسم اللہ کے بعد کہہ اِنْ کَانَ فِیْ قَضَائِکَ وَقَدَرِکَ اَنْ

فرمایا کہ تمہار رضا نہ کہیئے بلکہ اس کے ساتھ کہے صلی اللہ علیہ وسلم کہے صلی اللہ علیہ اور کہہ صلی اللہ علیہ۔ آپ نے اس جملہ کو تین مرتبہ فرمایا۔ مولف کہتا ہے کہ وسائل اور مستدرک میں ایک باب کا ذکر ہے جو بعنوان استحباب تبرک مشہد امام رضا اور مشاہد آئمہ طاہرین ہے اور اس میں ہے کہ مستحب ہے کہ امام رضا علیہ السلام کی زیارت کو امام حسین علیہ السلام اور دیگر ائمہ طاہرین کی زیارت اور حج مندوب اور عمرہ مندوبہ پر ترجیح دے اور اسے اختیار کرے لیکن ہم نے طوالت کا خیال کرتے ہوئے اس باب کی احادیث کو یہاں نقل نہیں کیا بلکہ صرف ان دس احادیث پر ہی اکتفا کی ہے

آپ کی زیارت کی کیفیت

واضح رہے کہ امام رضا علیہ السلام کیلئے کئی ایک زیارتیں نقل ہوئی ہیں آپ کی مشہور زیارت وہ ہے جو معتبر کتابوں میں موجود ہے اور اسے شیخ جلیل محمد بن الحسن بن الولید جو جناب شیخ صدوق کے اساتذہ میں سے بھی ہیں کی طرف اس زیارت کو منسوب کیا گیا ہے اور ابن قولویہ کی کتاب مزار سے مستفاد ہوتا ہے کہ یہ زیارت ائمہ علیہم السلام سے بھی مروی ہے اور اس کی کیفیت موافق کتاب من لایحضرہ الفقیہ یوں ہے کہ جب تیرا ارادہ آپ کی زیارت کا ہو تو گھر سے زیارت کے سفر پر جانے سے پہلے غسل بجالائے اور جب غسل کر رہا ہو تو اس وقت یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ طَهِّرْنِي وَطَهِّرْ لِي قَلْبِي وَاشْرَحْ لِي صَدْرِي وَاَجْرِ عَلٰى لِسَانِي مِدْحَتَكَ وَالثَّنَاءَ عَلَيْكَ فَاِنَّهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لِي طَهُوْرًا وَشِفَاءً اور جب گھر سے باہر نکلے تو اس حالت میں یہ پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَاِلَى اللّٰهِ وَاِلَى ابْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَسْبِيَ اللّٰهُ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ اَللّٰھُمَّ اِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ وَاِلَيْكَ قَصَدْتُ وَمَا عِنْدَكَ اَرَدْتُ اور جب گھر سے نکلے تو اپنے گھر کے دروازے پر کھڑا ہو جائے اور یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اِلَيْكَ وَجَّهْتُ وَجْهِي وَعَلَيْكَ خَلَّفْتُ اَهْلِي وَمَالِي وَمَا خَوَّلْتَنِي وَبِكَ وَثِقْتُ فَلَا تُخَيِّبْنِي يَا مَنْ لَا يُخَيِّبُ مَنْ اَرَادَهُ وَلَا يُضَيِّعُ مَنْ حَفِظَهُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاحْفَظْنِي بِحِفْظِكَ فَاِنَّهُ لَا يُضِيْعُ مَنْ حَفِظْتَ پھر جب صحیح و سالم مشہد پہنچ جائے اور جب زیارت کو جانا چاہے تو پہلے غسل کرے اور اس وقت یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ طَهِّرْنِي وَطَهِّرْ لِي قَلْبِي وَاشْرَحْ لِي صَدْرِي وَاَجْرِ عَلٰى لِسَانِي مِدْحَتَكَ وَمَحَبَّتَكَ وَالثَّنَاءَ عَلَيْكَ فَاِنَّهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا

سَمَنَّ عَلٰى شِيْعَةِ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ بِفَرَجِ وَلِيِّكَ وَحُجَّتِكَ عَلٰى خَلْقِكَ فَاَخْرِجْ اِلَيْنَا اٰيَةً مِنْ كِتَابِكَ نَسْتَدِلُّ بِهَا عَلٰى ذٰلِكَ پس قرآن شریف کو کھول اور چھ ورق شمار کر اور ساتویں ورق کی چھ سطروں کو شمار کر اور چھٹی سطر میں اپنے مطلب کو حاصل کر شیخ شہید نے ذکری میں فرمایا ہے کہ منجملہ استخاروں کے ایک استخارہ عدد ہے یہ گزشتہ زمانے میں سید کبیر عابد رضی الدین محمد بن محمد الآوی الحسینی مجاور مشہد غروی رضی اللہ عنہ سے پہلے مشہور نہ تھا اور ہم اس استخارہ کو تمام مرویات کے ساتھ اپنے اساتذہ کی جماعت سے روایت کرتے ہیں انہوں نے شیخ کبیر فاضل جمال الدین

استخارہ تسبیح

بن مطہر سے اور انہوں نے
اپنے والد رضی اللہ عنہما
سے انہوں نے سید
رضی الدین سے نقل کیا
ہے کہ حضرت صاحب
الامر علیہ الصلوات والسلام
کی طرف سے ذکر ہوا ہے
کہ سورہ فاتحہ کو دس مرتبہ
پڑھ اور کم از کم تین مرتبہ
اور اس سے کم ایک مرتبہ
پھر دس دفعہ سورہ قدر
کو پڑھ پھر تین مرتبہ اس
دعا کو پڑھ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ
اَسْتَخِیْرُکَ لِعِلْمِکَ
بِعَاقِبَۃِ الْاُمُوْرِ وَ
اَسْتَشِیْرُکَ لِحُسْنِ ظَنِّیْ
بِکَ فِی الْمَاْمُوْلِ وَالْمَحْذُوْرِ
اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ الْاَمْرُ
الْفُلَانِیْ مِمَّا قَدْ نِیْطَتْ
بِالْبَرَکَۃِ اَعْجَازُہٗ وَبَوَادِیْہِ
وَحُفَّتْ بِالْکَرَامَۃِ
اَیَّامُہٗ وَلَیَالِیْہِ فَخِرْلِیْ
اَللّٰھُمَّ فِیْہِ خِیَرَۃً تَرُدُّ

بِکَ وَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ قِوَامَ دِیْنِیَ التَّسْلِیْمُ لِاَمْرِکَ وَالْاِتِّبَاعُ لِسُنَّۃِ نَبِیِّکَ وَالشَّھَادَۃُ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ
اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لِیْ شِفَآءً وَّنُوْرًا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اس کے بعد پاک و پاکیزہ لباس زیب تن کر کے ننگے پاؤں
اللہ کی یاد کرتے ہوئے بہت آرام و وقار سے حرم مبارک کی طرف جائے اور یہ بھی پڑھتا جائے وَاللّٰہُ اَکْبَرُ
وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَسُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ اور چلتے وقت قدم تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر رکھتا جائے اور جب
روضہ اقدس میں داخل ہو تو یہ پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ اَشْھَدُ اَنْ لَّا
اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاَنَّ عَلِیًّا وَّلِیُّ اللّٰہِ اس کے بعد ضریح
مبارک کے نزدیک قبلہ کی طرف پیٹھ کرکے اور ضریح مقدس کی طرف منہ کرکے یہ پڑھے اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاَنَّہٗ سَیِّدُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَاَنَّہٗ
سَیِّدُ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَنَبِیِّکَ وَسَیِّدِ خَلْقِکَ اَجْمَعِیْنَ
صَلٰوۃً لَا یَقْوٰی عَلٰی اِحْصَآئِھَا غَیْرُکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَبْدِکَ وَاَخِیْ
رَسُوْلِکَ الَّذِی انْتَجَبْتَہٗ بِعِلْمِکَ وَجَعَلْتَہٗ ھَادِیًا لِّمَنْ شِئْتَ مِنْ خَلْقِکَ وَالدَّلِیْلَ عَلٰی مَنْ بَعَثْتَہٗ
بِرِسَالَاتِکَ وَدَیَّانَ الدِّیْنِ بِعَدْلِکَ وَفَصْلَ قَضَآئِکَ بَیْنَ خَلْقِکَ وَالْمُھَیْمِنَ عَلٰی ذٰلِکَ کُلِّہٖ وَالسَّلَامُ
عَلَیْہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی فَاطِمَۃَ بِنْتِ نَبِیِّکَ وَزَوْجَۃِ وَلِیِّکَ وَاُمِّ السِّبْطَیْنِ
الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ سَیِّدَیْ شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ الطُّھْرَۃِ الطَّاھِرَۃِ الْمُطَھَّرَۃِ التَّقِیَّۃِ النَّقِیَّۃِ الرَّضِیَّۃِ
الزَّکِیَّۃِ سَیِّدَۃِ نِسَآءِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ اَجْمَعِیْنَ صَلٰوۃً لَا یَقْوٰی عَلٰی اِحْصَآئِھَا غَیْرُکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی
الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ سِبْطَیْ نَبِیِّکَ وَسَیِّدَیْ شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ الْقَآئِمَیْنِ فِیْ خَلْقِکَ وَالدَّلِیْلَیْنِ عَلٰی مَنْ
بَعَثْتَ بِرِسَالَاتِکَ وَدَیَّانَیِ الدِّیْنِ بِعَدْلِکَ وَفَصْلَیْ قَضَآئِکَ بَیْنَ خَلْقِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ
الْحُسَیْنِ عَبْدِکَ الْقَآئِمِ فِیْ خَلْقِکَ وَالدَّلِیْلِ عَلٰی مَنْ بَعَثْتَ بِرِسَالَاتِکَ وَدَیَّانِ الدِّیْنِ بِعَدْلِکَ
وَفَصْلِ قَضَآئِکَ بَیْنَ خَلْقِکَ سَیِّدِ الْعَابِدِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ عَبْدِکَ وَخَلِیْفَتِکَ
فِیْ اَرْضِکَ بَاقِرِ عِلْمِ النَّبِیِّیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ الصَّادِقِ عَبْدِکَ وَوَلِیِّ دِیْنِکَ
وَحُجَّتِکَ عَلٰی خَلْقِکَ اَجْمَعِیْنَ الصَّادِقِ الْبَآرِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُوْسَی بْنِ جَعْفَرٍ عَبْدِکَ الصَّالِحِ
وَلِسَانِکَ فِیْ خَلْقِکَ النَّاطِقِ بِحُکْمِکَ وَالْحُجَّۃِ عَلٰی بَرِیَّتِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ مُوْسَی الرِّضَا الْمُرْتَضٰی

استخارہ تسبیح

شمو سہ ذ نو گاو
تفحص آیا تمہ شمو ذ نما
اللھم ان کان امر فاتیسر
و ان کان نھی فانتھی
اللھم انی استخیرک
برحمتک خیرۃ فی
عافیۃ پھر تسبیح کے
دانوں کے ایک قبضہ کو پکڑ
اور اپنی حاجت کی نیت کر
اگر ان دانوں کے قبضے کا
عدد جفت ہے تو اس
فعل کو بجالا اور اگر طاق
تو اس کو نہ کر یا اس کا عکس
یعنی طاق ٹھیک ہے اور
جفت بد ہے اور یہ چیز
استخارہ کرنے والے کے
قصد سے وابستہ ہے فقیر
کہتا ہے کہ تفحص نقطہ دار
ضاد کے ساتھ ہے جس کا
معنی زُدُو تعلقت ہے اور
ہم نے نمازوں کے باب
میں استخارہ ذات الرقاع
اور بعض اور قسم کے استخارے

عبدک و ولی دینک القائم بعدلک والداعی الی دینک ودین آبائہ الصادقین صلوۃ لا
یقوی علی احصائھا غیرک اللھم صل علی محمد بن علی عبدک و ولیک القائم بامرک والداعی
الی سبیلک اللھم صل علی علی بن محمد عبدک و ولی دینک اللھم صل علی الحسن بن علی العامل
بامرک القائم فی خلقک وحجتک المؤدی عن نبیک وشاھدک علی خلقک المخصوص بکرامتک
الداعی الی طاعتک وطاعۃ رسولک صلواتک علیھم اجمعین اللھم صل علی حجتک و ولیک
القائم فی خلقک صلوۃ تامۃ نامیۃ باقیۃ تعجل بھا فرجہ وتنصرہ بھا وتجعلنا معہ
فی الدنیا والآخرۃ اللھم انی اتقرب الیک بحبھم واوالی ولیھم واعادی عدوھم فارزقنی
بھم خیر الدنیا والآخرۃ واصرف عنی بھم شر الدنیا والآخرۃ واھوال یوم القیمۃ سرہانے
بیٹھ جائے اور پھر یہ پڑھے السلام علیک یا ولی اللہ السلام علیک یا حجۃ اللہ السلام علیک
یا نور اللہ فی ظلمات الارض السلام علیک یا عمود الدین السلام علیک یا وارث آدم صفوۃ
اللہ السلام علیک یا وارث نوح نبی اللہ السلام علیک یا وارث ابراھیم خلیل اللہ السلام
علیک یا وارث اسمعیل ذبیح اللہ السلام علیک یا وارث موسی کلیم اللہ السلام علیک
یا وارث عیسی روح اللہ السلام علیک یا وارث محمد رسول اللہ السلام علیک یا وارث
امیر المومنین علی ولی اللہ ووصی رسول رب العالمین السلام علیک یا وارث فاطمۃ الزھراء
السلام علیک یا وارث الحسن والحسین سیدی شباب اھل الجنۃ السلام علیک یا وارث
علی بن الحسین زین العابدین السلام علیک یا وارث محمد بن علی باقر علم الاولین و
الآخرین السلام علیک یا وارث جعفر بن محمد الصادق البار السلام علیک یا وارث
موسی ابن جعفر السلام علیک ایھا الصدیق الشھید السلام علیک ایھا الوصی البار التقی
اشھد انک قد اقمت الصلوۃ وآتیت الزکوۃ وامرت بالمعروف ونھیت عن المنکر وعبدت
اللہ حتی اتیک الیقین السلام علیک یا ابا الحسن ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اس کے بعد اپنے
آپ کو ضریح سے چمٹائے اور یہ پڑھے اللھم الیک صمدت من ارضی وقطعت البلاد رجاء
رحمتک فلا تخیبنی ولا تردنی بغیر قضاء حاجتی وارحم تقلبی علی قبر ابن اخی رسولک

کیفیت زیارت امام رضا علیہ السلام

صَلَوٰاتُكَ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ بِاَبِيْ اَنْتَ وَ اُمِّيْ يَا مَوْلَايَ اَتَيْتُكَ زَائِرًا وَافِدًا عَائِذًا مِمَّا جَنَيْتُ عَلٰى
نَفْسِيْ وَ احْتَطَبْتُ عَلٰى ظَهْرِيْ فَكُنْ لِيْ شَافِعًا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَ فَقْرِيْ وَ فَاقَتِيْ فَلَكَ عِنْدَ اللّٰهِ مَقَامٌ
مَحْمُوْدٌ وَ اَنْتَ عِنْدَهٗ وَجِيْهٌ اس کے بعد دائیں ہاتھ کو بلند کرے اور بائیں ہاتھ کو قبر مبارک پر رکھے
اور یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ بِحُبِّهِمْ وَ بِوِلَايَتِهِمْ اَتَوَلّٰى اٰخِرَهُمْ بِمَا تَوَلَّيْتُ بِهٖ اَوَّلَهُمْ
وَ اَبْرَءُ مِنْ كُلِّ وَلِيْجَةٍ دُوْنَهُمْ اَللّٰهُمَّ الْعَنِ الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَكَ وَ اتَّهَمُوْا نَبِيَّكَ وَ جَحَدُوْا بِاٰيَاتِكَ
وَ سَخِرُوْا بِاِمَامِكَ وَ حَمَلُوا النَّاسَ عَلٰى اَكْتَافِ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ بِاللَّعْنَةِ
عَلَيْهِمْ وَ الْبَرَاءَةِ مِنْهُمْ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ يَا رَحْمٰنُ اس کے بعد لوٹ کر پاؤں کی طرف آجائے
اور یہ پڑھے صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا اَبَا الْحَسَنِ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رُوْحِكَ وَ بَدَنِكَ صَبَرْتَ وَ اَنْتَ الصَّادِقُ
الْمُصَدَّقُ قَتَلَ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَكَ بِالْاَيْدِيْ وَ الْاَلْسُنِ اس کے بعد تضرع و زاری کرے اور امیر المومنین
علیہ السلام اور امام حسن اور امام حسین اور دیگر اہل بیت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قاتلوں پر خوب لعنت
کرے اس کے بعد پھر آنحضرت کے سرہانے جاکر دو رکعت نماز زیارت پڑھے کہ جس کی پہلی رکعت میں
سورہ الحمد کے بعد سورہ یٰسین اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الرحمٰن پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ
سے تضرع اور زاری کرکے اپنے اور اپنے ماں باپ اور تمام ایمانی بھائیوں کیلئے خوب دعا مانگے اور
اس بندہ گناہ گار مترجم کیلئے اور ان کے والدین کو نجات اور اہل بیت کے ساتھ محشور ہونے کی بھی دعا
کرے اور پھر جتنا تیرا دل چاہے وہاں پر ذکر و دعا وغیرہ مشغول رہے اور یہ بھی بہت مناسب ہے کہ
اپنی نمازوں کو آنحضرت کی قبر مبارک کے نزدیک بجالایا کرے مؤلف کہتا ہے کہ یہ زیارت جو نقل کی
گئی ہے آنحضرت کی زیارتوں سے بہتر ہے جیسے عنوان میں ہے۔ بحضرہ الفقیہ اور عیون اور علامہ مجلسی کی کتب میں
سخروا بامامک کا جملہ ہے جو آخر زیارت میں گذرا اور اس کے معنی یہ ہیں کہ خدا لعنت کرے ان لوگوں
پر کہ جنہوں نے تیرے معین کردہ امام کا استہزاء اور مسخرہ اپنی زندگی میں کیا ہے لیکن مصباح الزائر میں یہ
جملہ یوں ہے وَ سَخِرُوْا بِاٰيَاتِكَ اور یہ جملہ بھی معنی کے لحاظ سے ٹھیک ہے کیونکہ ایام سے مراد ائمہ ہیں جیسا
کہ ایک حدیث صقر بن ابی دلف کی پہلے باب کی پانچویں فصل ص ۵۴ پر گذر چکی ہے۔ یہ بھی واضح رہے
کہ ائمہ علیہم السلام کے قاتلوں پر جس زبان میں بھی لعنت کی جائے بہتر ہے لیکن اگر اس عبارت کو جو بعض

کسی کے لئے استخارہ کرنا

اور ان کے اوقات کو ذکر
کیا ہے وہاں رجوع کیا
جائے اور جان لے کہ
سید ابن طاؤس نے
ایک کلام فرمائی کہ جس کا
ماحصل یہ ہے کہ میں نے
کوئی صریح حدیث نہیں
دیکھی کہ جس میں یہ ہو کہ
انسان غیر کیلئے بھی استخارہ
کرسکتا ہے لیکن بہت سی
احادیث ایسی ملتی ہیں۔ کہ
جن میں حکم کیا گیا ہے کہ حاجتیں
کہ حاجات دعاؤں اور باقی
ذرائع سے پوری کی جائیں
بلکہ بھائیوں کیلئے دعا کرنے
کے فوائد اتنے ذکر ہوئے
ہیں جو شمار ذکر نہیں
اور استخارہ بھی منجملہ حاجات
اور دعاؤں میں سے ہے
کیونکہ جب کسی انسان کو
کوئی شخص استخارہ کرنے
کی تکلیف دے تو گویا اس
نے اس پر اپنی حاجت

زیارت امام رضاؑ کے بعد دُعا

دعاؤں سے لی گئی ہے مقامِ لعنت میں پڑھا جائے تو زیادہ مناسب ہے اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَۃَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَقَتَلَۃَ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ وَقَتَلَۃَ اَھْلِ بَیْتِ نَبِیِّکَ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ اَعْدَاءَ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَقَتَلَتَھُمْ وَزِدْھُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ وَھَوَانًا فَوْقَ ھَوَانٍ وَذُلًّا فَوْقَ ذُلٍّ وَخِزْیًا فَوْقَ خِزْیٍ اَللّٰھُمَّ دُعَّھُمْ اِلَی النَّارِ دَعًّا وَاَرْکِسْھُمْ فِیْ اَلِیْمِ عَذَابِکَ رَکْسًا وَاحْشُرْھُمْ وَاَتْبَاعَھُمْ اِلٰی جَھَنَّمَ زُمَرًا تحفۃ الزائر میں شیخ مفید نے فرمایا ہے کہ امام رضا علیہ السلام کی زیارت کے بعد اس دعا کا پڑھنا مستحب ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ الدَّائِمُ فِیْ مُلْکِہِ الْقَائِمُ فِیْ عِزِّہِ الْمُطَاعُ فِیْ سُلْطَانِہِ الْمُتَفَرِّدُ فِیْ کِبْرِیَائِہِ الْمُتَوَحِّدُ فِیْ دَیْمُوْمِیَّۃِ بَقَائِہِ الْعَادِلُ فِیْ بَرِیَّتِہِ الْعَالِمُ فِیْ قَضِیَّتِہِ الْکَرِیْمُ فِیْ تَاْخِیْرِ عُقُوْبَتِہِ اِلٰھِیْ حَاجَاتِیْ مَصْرُوْفَۃٌ اِلَیْکَ وَاٰمَالِیْ مَوْقُوْفَۃٌ لَدَیْکَ وَکُلَّمَا وَفَّقْتَنِیْ مِنْ خَیْرٍ فَاَنْتَ دَلِیْلِیْ عَلَیْہِ وَطَرِیْقِیْ اِلَیْہِ یَا قَدِیْرًا لَا تَؤُوْدُہُ الْمَطَالِبُ یَا مَلِیًّا یَلْجَاُ اِلَیْہِ کُلُّ رَاغِبٍ مَا زِلْتُ مَصْحُوْبًا مِنْکَ بِالنِّعَمِ جَارِیًا عَلٰی عَادَاتِ الْاِحْسَانِ وَالْکَرَمِ اَسْئَلُکَ بِالْقُدْرَۃِ النَّافِذَۃِ فِیْ جَمِیْعِ الْاَشْیَاءِ وَقَضَائِکَ الْمُبْرَمِ الَّذِیْ تَحْجُبُہُ بِاَیْسَرِ الدُّعَاءِ وَبِالنَّظْرَۃِ الَّتِیْ نَظَرْتَ بِھَا اِلَی الْجِبَالِ فَتَشَامَخَتْ وَاِلَی الْاَرَضِیْنَ فَتَسَطَّحَتْ وَاِلَی السَّمٰوَاتِ فَارْتَفَعَتْ وَاِلَی الْبِحَارِ فَتَفَجَّرَتْ یَا مَنْ جَلَّ عَنْ اَدَوَاتِ لَحَظَاتِ الْبَشَرِ وَلَطُفَ عَنْ دَقَائِقِ خَطَرَاتِ الْفِکَرِ لَا تُحْمَدُ یَا سَیِّدِیْ اِلَّا بِتَوْفِیْقٍ مِنْکَ یَقْتَضِیْ حَمْدًا وَلَا تُشْکَرُ عَلٰی اَصْغَرِ مِنَّۃٍ اِلَّا اسْتَوْجَبْتَ بِھَا شُکْرًا فَمَتٰی تُحْصٰی نَعْمَاؤُکَ یَا اِلٰھِیْ وَتُجَازٰی اٰلَاؤُکَ یَا مَوْلَایَ وَتُکَافٰی صَنَائِعُکَ یَا سَیِّدِیْ وَمِنْ نِعَمِکَ یَحْمَدُ الْحَامِدُوْنَ وَمِنْ شُکْرِکَ یَشْکُرُ الشَّاکِرُوْنَ وَاَنْتَ الْمُعْتَمَدُ لِلذُّنُوْبِ فِیْ عَفْوِکَ وَالنَّاشِرُ عَلَی الْخَاطِئِیْنَ جَنَاحَ سِتْرِکَ وَاَنْتَ الْکَاشِفُ لِلضُّرِّ بِیَدِکَ فَکَمْ مِنْ سَیِّئَۃٍ اَخْفَاھَا حِلْمُکَ حَتّٰی دَخِلَتْ وَحَسَنَۃٍ ضَاعَفَھَا فَضْلُکَ حَتّٰی عَظُمَتْ عَلَیْھَا مُجَازَاتُکَ جَلَلْتَ اَنْ یُّخَافَ مِنْکَ اِلَّا الْعَدْلُ وَاَنْ یُّرْجٰی مِنْکَ اِلَّا الْاِحْسَانُ وَالْفَضْلُ فَامْنُنْ عَلَیَّ بِمَا اَوْجَبَہُ فَضْلُکَ وَلَا تَخْذُلْنِیْ بِمَا یَحْکُمُ بِہِ عَدْلُکَ سَیِّدِیْ لَوْ عَلِمَتِ الْاَرْضُ بِذُنُوْبِیْ لَسَاخَتْ بِیْ اَوِ الْجِبَالُ لَھَدَّتْنِیْ اَوِ السَّمٰوَاتُ لَاخْتَطَفَتْنِیْ اَوِ الْبِحَارُ لَاَغْرَقَتْنِیْ سَیِّدِیْ سَیِّدِیْ سَیِّدِیْ مَوْلَایَ مَوْلَایَ مَوْلَایَ قَدْ تَکَرَّرَ وُقُوْفِیْ لِضِیَافَتِکَ فَلَا تَحْرِمْنِیْ مَا وَعَدْتَ الْمُتَعَرِّضِیْنَ لِمَسْئَلَتِکَ یَا مَعْرُوْفَ الْعَارِفِیْنَ یَا مَعْبُوْدَ الْعَابِدِیْنَ

کسی کے لئے استخارہ کرنا

وارد کی ہے پس جو شخص استخارہ کرتا ہے تو اپنے لئے کہ آیا میرے صلاح ہے کہ اس کو یہ کہوں کہ یہ کر یا نہ اور چاہتا ہے کہ اس شخص کیلئے استخارہ کرے کہ جس نے استخارہ کرنے کے لئے اس کو کہا ہے کہ آیا اس کام کرنے میں مصلحت ہے یا نہ کرنے میں اور یہ وہ چیز ہے جو عموم روایات اور قضائے حاجت کے تحت اصل ہے۔ علامہ مجلسی نے نقل کلام سید کے کہا ہے کہ غیر کیلئے استخارہ کرنا بھی قوت سے خالی نہیں خصوصاً جب کہ نائب اپنے لئے قصد کرے کہ وہ کہے اس شخص سے کہ جس نے استخارہ کروایا ہے کہ یہ کام کر یا نہ کر جیسے کہ سید نے بھی اسی کی

امام رضا علیہ السلام کی ایک اور زیارت

